روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

November'16

ماہنامہ

خزینہ روحانیات

لاہور

Rs.50

جلد نمبر 7
شمارہ نمبر 7

حصول طلسماتی چادر و انگشتری

مردانہ امراض کا روحانی علاج

دل قابو میں کرنے کا مجرب عمل

دعائے حزب البحر و حزب النصر

پیٹ کی چربی کم کرنے کے 8 گھریلو نسخے

ہر مسلمان کو رات دن اس طرح رہنا چاہیے؟

ایک استانی اور بن ماں کے بچے کی داستان

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کے عامل بنیں

اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 7 صفر ۱۴۳۸ھ ...... نومبر 2016ء شمارہ 7

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات: 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

بیرون ملک: +92-322-7772772

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت	سالانہ ممبرشپ عام ڈاک	سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک
50 روپے	650 روپے	1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: JazzCash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 1-35202-2610215 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کرواسکتے ہیں۔
ٹیلی نار 03437772772 ..... یو بی ایل اومنی 03437772772
JazzCash 03028401977 ...... یو پیسہ 33343082867

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔
برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: **darulamal.org/payment**

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین........۲۰۱۶ء........۱۴۳۸ھ

حمد باری تعالیٰ

وہ جو عالم کا ہے مدبر، مالک ہے اور خالق ہے
رزق اسی سے مانگیں ہم کہ وہ ہی اکیلا رازق ہے
اس کی عبادت، ذکر بھی اس کا کرتا ہوں میں صبح وشام
کر کے بھروسہ اس پر خوش ہوں کیونکہ وہ تو قادر ہے
اس کی مرضی، اس کی مشیت کے تابع تو سب کچھ ہے
اس کے در کا سائل ہوں میں، وہ ہی اکیلا ناصر ہے
اس کی شان کا کیا کہنا کہ اول وہ ہی آخر وہ
اس کی ذات معید و مبدی، وہ تو بدیع و واجد ہے
عزت و ذلت دیتا ہے وہ، اس کی ذات جلیل و کبیر
وہ ہے حسیب و بصیر و سمیع اور وہ ہی حمید و واحد ہے
خود تو اس کی ذات غنی ہے، پر اس سے نہ کوئی غنی
نافع وہ ہی ضار وہی ہے، وہ ہی وکیل و رافع ہے
خوف ہو دشمن سے کیونکر کہ رب ہے میرا حفیظ و رقیب
وہ ہے غالب حکمت والا، وہ ہی عظیم و واسع ہے
ارض و سماں ہیں قائم اس سے، وہ قیوم اکیلا ہے
اس کی ذات قوی و والی، وہ ہی اکیلا حاکم ہے
راضی ہوں تقدیر پہ اپنے، وہ ہے عدل و مقسط ذات
وہ وہاب و علیم و مغنی، وہ ہی قابض و باسط ہے
مثل نہ اس کا کوئی کہیں بھی، کوئی نہ اس کا ہمسر ہے
اس کی ذات علی و صمد ہے، وہ ہی ظاہر و باطن ہے
آس ہے مجھ کو اس کے کرم کی گرچہ میں تو عاصی ہوں
وہ غفار و رحیم و رحماں، وہ ہی لطیف و ہادی ہے
عارفؔ اس کی یاد سے اپنے دل کو تم آباد کرو
وہ قدوس و سلام و مؤمن، سب فانی وہ باقی ہے

مفتی محمد عارف باللہ القاسمی

نعت رسولِ مقبول ﷺ

دلوں سے غم مٹاتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
نگر اُجڑے بساتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
صدیقؓ عمرؓ عثمانؓ علیؓ سبھی جان وارتے ہیں
سبھی کو جان سے پیارا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
حسنؓ جس کو پیارا ہے حسینؓ تو راج دلارا ہے
بتولؓ کی آنکھ کا تارا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
قمر ٹکڑے ہو جاتا ہے انگلی کے اشارے سے
یہ معجزہ بھی دکھاتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
فرشتے ہر گھڑی پڑھتے ہیں آقا ﷺ پر درود و سلام
جو رب کو بھی لبھاتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
محتاجوں کا ہے فریاد رس ضعیفوں کا وہ آسرا
یتیموں کا سہارا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
نہ آیا ہے نہ آئے گا کوئی انسان انؐ جیسا
جو غیروں کو اپناتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
محبت کے کنول کھلتے ہیں ان کو یاد کرنے سے
بڑی خوشبوئیں پھیلاتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے
سکون ملتا ہے لگتی بڑی ہی بے سکونی میں
ذکر ان کا جب آتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے

علشبہ ذوالفقار

تقدیر کسی وقت بھی بدل سکتی ہے

بُجھ جائے گر شمع تو جل سکتی ہے
کشتی حدِّ طوفاں سے نکل سکتی ہے
مایوس نہ ہو، اپنے ارادے نہ بدل
تقدیر کسی وقت بھی بدل سکتی ہے

اداریہ

مولانا علی آفاق
(مدیر خزینہ روحانیات)

اللہ تعالیٰ کا خاص فضل وکرم اور احسان ہے کہ اس کی نوازشات کی برسات مسلسل اور ہمیشہ سے جاری ہیں۔جس کی برکت سے الحمدللہ ادارہ دارالعمل چشتیہ کے اراکین، معاونین اور لکھاری بزرگوں اور دوستوں کی انتھک کوشش اور محنت سے بارہواں خاص نمبر''**نظر بد**'' کامیابی کے نئے ریکارڈز بناتا چلا گیا۔ قارئین کی پذیرائی کے فون، خطوط اور سائلین کو نظر بد کے خاتمے کے آسان طریقے اور ہمیشہ کیلئے محفوظ رہنے کے حوالے سے رقیہ شرعیہ اور اعمال سے نا صرف واقفیت حاصل ہوئی بلکہ ایک بڑے طبقے نے اعمال کی اجازت لی اور ریاضت بھی شروع کر دی۔

ادارہ دارالعمل چشتیہ وہ واحد ادارہ ہے جو قارئین اور سائلین کو مخفی علوم سے ناصرف روشناس کرواتا ہے بلکہ علاج معالجہ کی مکمل سہولیات فراہم کرتا ہے۔ کیسے مریض کی تشخیص کی جاسکتی ہے؟ کیسے مریض کا علاج کیا جاتا ہے؟ کیسے مریض اپنے گھر بار کا علاج اور دفاع اور تحفظ کر سکتا ہے؟ کیسے جادو کو پلٹا جاتا ہے؟ کیسے جنات کے حاضری والے مریضوں اور خصوصاً عورتوں کا علاج کیا جاتا ہے؟ بیوی میں محبت پیدا کی جاسکتی ہے؟ گھریلو ناچاقی، کاروبار، الجھن، قرضہ جات سے نجات اور قرض کی وصولیات سمیت سارے معاملات، جن کا روحانی مسائل اور علوم سے تعلق ہے، سب کا مناسب اور مضبوط روحانی حل سکھایا جاتا ہے بلکہ اتنا مضبوط بنایا جاتا ہے (بذریعہ ریاضت) کہ کسی بھی شخص کو عملی زندگی میں روحانی مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ بلکہ وہ اپنے اردگرد موجود پریشان، دکھی اور بدحال لوگوں کا روحانی علاج کر سکیں۔ اس کو بنیادی طور پر پورا علم ہو کہ میرے سامنے موجود سائل کا حل''روحانی علاج'' میں ہے یا''جسمانی علاج'' کی ضرورت ہے۔ اسی طرح اس کو پورا علم ہو کہ کتنا روحانی علاج درکار ہے اور کتنے جسمانی علاج کی ضرورت ہے؟

الحمدللہ اب تک ہزاروں شائقینِ روحانی علوم، دنیا بھر سے روحانی علوم سیکھ کر اپنے مسائل حل کرنے کی اہلیت حاصل کر چکے ہیں۔ بے شمار لوگ دکھی انسانیت کی اس پُرفتن دور میں بے لوث خدمت سرانجام دے کر مسلمانوں کی عزت وعصمت اور ناموس کے رکھوالے اور محافظ قرار پائے ہیں۔ ادارہ کے سرپرست سیدی مرشدی حضرت خالد مقبول صاحب ایسے تمام دوستوں اور روحانی درسگاہ اور علاج گاہ سے منسلک لوگوں کے لئے خصوصی دعائیں فرماتے ہیں اور ان کو بزرگ جنات کی دعاؤں اور توجہ میں سے بھی وافر حصہ دستیاب ہوتا ہے۔ دوسری اہم بات جو ہم قارئین، معاونین، محبین اور درسگاہ سے منسلک دوستوں تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ وہ ہے ہمارا سالانہ اجتماع۔ اس حوالے سے چند گذارشات ہیں۔ حزب البحر حضرت شاذلیؒ کے مجرب اور القائی عمل اور الہامی اعمال میں سے ایک ہے۔ آج تک سینکڑوں سالوں کے گزر جانے کے باوجود لاکھوں لوگوں نے عمل کی ریاضت ہر سال صفر کے ابتدائی ایام میں نکالی ہے۔ ہمارا ادارہ بھی پچھلے کئی سالوں سے اس عمل کی زکوٰۃ حضرت خالد مقبول صاحب کی سرپرستی میں نکلوا رہا ہے۔ اس کے ساتھ 3 دن کی معمولی ریاضت کے بدلے بے شمار اعمال کی ریاضت کا بھی بندوبست ہوتا ہے۔

اجتماع کا روحانی اور روح پرور منظر دیدنی ہوتا ہے۔ الحمدللہ، جو بھی آیا ہے، وہ جھولیاں بھر کر ہی گیا ہے۔ من کی مراد، عامل مختلف مجرب اعمال اور سائل اپنے من کی مراد پا گیا ہے۔ اللہ کے خاص فضل وکرم سے جس نے بھی شرکت کی، وہ یہ بات کہنے پر مجبور ہو گیا کہ سکھانے کے دعویدار تو اور لوگ بھی ہیں مگر رہنمائی، محبت، شفقت اور سینے کے راز اور مسلمانوں کے دکھوں کے مداوا کیلئے جو تدابیر اور طریقے یہاں سکھائے اور بتائے جاتے ہیں۔ جادوگروں کے وار ان پر واپس، روحانی مریض کی ہمیشہ کیلئے حفاظت، گھر کو روحانی طریقے پر پاک صاف کرنے کے طریقے، دکان، کاروبار، دفتر سمیت تمام پریشانیوں مثلاً دشمن، محبت، ناچاقی، دیگر پریشانیوں کا ناصرف حل بتایا اور سکھایا جاتا ہے بلکہ سائل اگر اس کو آزماتا ہے تو واقعی عش عش کر اٹھتا ہے۔

اجتماع کے حوالے سے بنیادی شرائط تو فارم میں موجود ہیں۔ دیگر چند ایک گزارشات غور طلب ہیں۔

1 اصل شناختی کارڈ ہمراہ ہو بمع ایک عدد فوٹو کاپی۔ 2 2 عدد تصاویر ساتھ ہوں۔ 3 موسم کے مطابق بستر ہمراہ ہو۔ 4 اعمال کی ریاضت پر توجہ ہو، ادھر اُدھر کی گفتگو نہ کریں۔ اپنے اور دوسروں کے اعمال ضائع کرنے سے گریز کریں۔ 5 اپنے روابط، فون نمبرز اور پتہ جات کو ایک دوسرے سے شیئر نہ کریں۔ 6 ادارہ ذاتی لین دین اور روابط بڑھانے پر نقصان کا ذمہ دار نہ ہو گا۔ 7 ایسے لوگوں کو دورانِ زکوٰۃ اور ریاضت، اجتماع سے نکالنے کا حق ادارہ کے پاس محفوظ ہے۔

رویوں کی اِصلاح کی ضرورت

یونس مسعود (لاہور)

شاید آپ نے نصیر الدین شاہ کی فلم ''A Wednesday'' دیکھی ہو۔ اس فلم کے آخر میں کمشنر پرکاش راٹھوڑ ایک جملہ کہتا ہے: ''اس نے مجھے اپنا نام بتایا، لیکن میں وہ نام کسی کو نہیں بتا سکتا، انسان نام میں مذہب ڈھونڈ لیتا ہے......'' غور کیا جائے تو یہی وہ سب سے قیمتی جملہ ہے جو انسانی رویوں کی عکاسی کرتا ہے۔

ہم نے اپنی سوچوں اور صلاحیتوں کو اپنے اپنے مذاہب، مذہبی فرقوں اور مذہبی لیڈروں میں قید کر رکھا ہے۔ ہماری فکر میں گہرائی اور وسعت بالکل ختم ہو چکی ہے۔ جب بھی کسی کی کوئی بات ہم تک پہنچتی ہے تو ہم بات کو اہمیت دینے کی بجائے بات کرنے والے کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ بات کرنے والا اگر ایسا شخص ہو جو ہمارا پسندیدہ ہو تو ہم اس کی بات فوراً قبول کر لیتے ہیں اور اگر کہنے والے کا تعلق کسی اور مذہبی یا سیاسی جماعت سے ہو تو ہمارے لئے اس کی بات کوئی معنی نہیں رکھتی۔ مثلاً انقلاب یا تبدیلی کے بارے میں اگر خمینی صاحب کی کوئی بات لکھی ہو تو کچھ مذہبی لوگ فوراً کہہ دیں گے کہ وہ تو شیعہ ہے، اس کی باتیں رہنے دو۔ اگر ایسی ہی کوئی بات عمران خان صاحب کہیں تو کچھ مذہبی لوگ انہیں یہودی قرار دے کر ان کی بات کو نظر انداز کر دیں گے۔ اگر اسی طرح کی کوئی بات ڈاکٹر طاہر القادری صاحب کہہ دیں تو کچھ لوگ انہیں بدعتی اور مشرک قرار دے کر ان کی بات پر کوئی توجہ نہیں دیں گے۔ جبکہ اس کی بجائے ہم کسی شخصیت کا حوالہ دیئے بغیر اگر وہی بات اپنی طرف سے کہہ دیں تو عین ممکن ہے کہ وہ زیادہ سنی جائے۔

نظریاتی طور پر ہم مانتے ہیں کہ انبیاءؑ کا مرتبہ سب سے بلند ہے، پھر صحابہؓ، اس کے بعد تابعینؒ، پھر تبع تابعینؒ اور بعد میں اولیاءؒ کے مراتب ہیں۔ مگر عملی طور پر اگر ہمیں ممتاز مفتی، اشفاق احمد یا شیکسپیئر کا کوئی قول نظر آ جائے تو ہم اسے صحابہؓ کے اقوال یا احادیث سے بھی زیادہ اہمیت دیتے ہیں اور بڑے خوش ہو کر آگے پھیلاتے رہتے ہیں۔ اسی طرح اپنے مسلک کے مطابق کوئی حدیث مل جائے تو وہ ہمارے نزدیک درست اور صحیح ہوتی ہے اور اگر حدیث ہمارے مسلک کے خلاف ہو تو ہم فوراً اسے ضعیف یا موضوع کہہ کر ماننے سے انکار کر دیتے ہیں۔

فزکس، کیمسٹری، طب، ادب، شاعری، کمپیوٹر یا کوئی بھی فیلڈ ہو، جب اس سے متعلق کسی طرح کی معلومات یا رائے لینے کی ضرورت ہوتی ہے تو ہم متعلقہ فیلڈ کے ماہر کے پاس جاتے ہیں اور صرف اسی کی بات کو مستند مانتے ہیں۔ مگر جب اسلام کی باری آتی ہے تو ہر دوسری فیلڈ کا ماہر، بلکہ غیر ماہر بھی اپنی رائے دینے لگتا ہے اور اپنی رئے کے علاوہ دوسروں کی رائے کو غلط سمجھتا ہے اور مزے کی بات یہ ہے کہ اسلام کے حوالے سے بحث و مباحثہ کرنے والوں کی اکثریت نے قرآن مجید کا ترجمہ بھی نہیں پڑھا ہوتا، تفاسیر اور احادیث کا مطالعہ تو دور کی بات ہے۔ صرف اپنے مسلک کے علماء کی چند کتابیں پڑھ لینے سے ہم سمجھتے ہیں کہ ہم ''مفتی'' ہو گئے ہیں جو دین اسلام کے کسی بھی شعبے پر اپنی ''ماہرانہ'' رائے دے سکتے ہیں۔ حالانکہ امام ابن عابدینؒ نے آج سے 200 سال پہلے فرمایا تھا کہ ''ہمارے زمانے میں بھی اب مفتی نہیں رہے......''

دینِ اسلام کی بہت سی شاخیں اور فیلڈز ہیں۔ مثلاً تفسیر، فقہ، حدیث، تجوید وغیرہ۔ صحابہ کرامؓ کے وقت میں بھی کوئی صحابیؓ بڑا مفسر تھا، کوئی فقیہہ تھا، کوئی بڑا محدث اور کوئی نعت خواں۔ بعد میں اولیاء اللہؒ اور آئمہ کرامؒ نے بھی یہی اصول اپنایا۔ کوئی امام فی الحدیث ہوا، کوئی امام فی التفسیر ہوا، کوئی امام فی الفقہ ہوا۔ اور ان سب کا اسلام کے حوالے سے ہمیشہ یہی رویہ رہا کہ اگر کوئی ان سے دین اسلام کے حوالے سے کوئی بات پوچھتا، جو ان کے شعبے سے متعلق نہ ہوتی تو وہ فوراً کہہ دیتے کہ میں اس شعبے میں مہارت نہیں رکھتا، آپ یہ مسئلہ فلاں امام سے جا کر پوچھیں۔ اہل سنت کے ہاں فقہ کے چار مشہور امام ہوئے ہیں۔ امام ابوحنیفہؒ، امام احمد بن حنبلؒ، امام مالکؒ اور امام شافعیؒ۔ اسی طرح آئمہ فی الحدیث میں امام بخاریؒ، امام مسلمؒ، امام ترمذیؒ وغیرہ بڑے معروف نام ہیں۔ علم خواب کے حوالے سے (بقیہ ص 46)

ہر مسلمان کو رات دن اس طرح رہنا چاہیے

منجملہ ارشادات عالیہ حکیم الامت مجدد الملۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی نور اللہ مرقدہ

1۔ضرورت کے موافق دین کا علم حاصل کرے، خواہ کتاب سے پڑھ کر یا علماء سے پوچھ کر۔

2۔سب گناہوں سے بچے۔

3۔اگر کوئی گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرلے۔

4۔کسی کا حق نہ رکھے، کسی کو زبان سے یا ہاتھ سے تکلیف نہ دے، کسی کی برائی نہ کرے۔

5۔ مال کی محبت اور نام کی خواہش نہ رکھے، نہ بہت اچھے کھانے کپڑے کی فکر میں رہے۔

6۔ اگر اس کی خطا پر کوئی ٹوکے، اپنی بات نہ بناوے، فوراً توبہ کرلے۔

7۔ بدوں (علاوہ) سخت ضرورت کے سفر نہ کرے۔ سفر میں بہت سی باتیں بے احتیاطی کی ہو جاتی ہیں، بہت سے نیک کام چھوٹ جاتے ہیں، وقت پر کوئی کام نہیں ہوتا۔

8۔ نہ بہت ہنسے، نہ بہت بولے، خاص کر نامحرم سے بے تکلفی کی باتیں نہ کرے۔

9۔ کسی سے جھگڑا، تکرار نہ کرے۔

10 ۔شرع کا ہر وقت خیال رکھے۔

11۔عبادت میں سستی نہ کرے۔

12۔ زیادہ وقت تنہائی میں رہے۔

13۔اگر اوروں سے ملنا جلنا پڑے تو سب سے عاجز ہو کر رہے۔ سب کی خدمت کرے، بڑائی نہ جتلائے۔

14۔امیروں سے تو بہت ہی کم ملے۔

15۔بے دین آدمی سے دور بھاگے۔

16۔دوسروں کے عیب نہ ڈھونڈے، کسی پر بدگمانی نہ کرے، اپنے عیبوں کو دیکھا کرے اور ان کی درستی کیا کرے۔

17۔نماز کو اچھی طرح، اچھے وقت پر، دل سے، پابندی کے ساتھ ادا کرنے کا بہت خیال رکھے۔

18۔دل یا زبان سے ہر وقت اللہ کی یاد میں رہے، کسی وقت غافل نہ ہو۔

19۔ اگر اللہ کا نام لینے سے مزہ آئے، دل خوش ہو، تو اللہ تعالیٰ کا شکر بجالائے۔

20۔بات نرمی سے کرے۔

21۔سب کاموں کے لیے وقت مقرر کرے اور پابندی سے اسے نبھائے۔

22۔جو کچھ رنج و غم نقصان پیش آئے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے جانے، پریشان نہ ہو اور یوں سمجھے کہ اس میں مجھ کو ثواب ملے گا۔

23۔ ہر وقت دل میں دنیا کا حساب و کتاب اور دنیا کے کاموں کا ذکر نہ رکھے، بلکہ خیال بھی اللہ ہی کا رکھے۔

24۔جہاں تک ہو سکے، دوسروں کو فائدہ پہنچائے، خواہ دنیا کا ہو یا دین کا۔

25۔کھانے پینے میں نہ اتنی کمی کرے کہ کمزور یا بیمار ہو جائے، نہ اتنی زیادتی کرے کہ عبادت میں سستی ہونے لگے۔

26۔خدائے تعالیٰ کے سوا کسی سے طمع نہ کرے، نہ کسی طرف خیال دوڑائے کہ فلاں جگہ سے ہم کو فائدہ ہو جائے۔

27۔خدائے تعالیٰ کی تلاش میں بے چین رہے۔

28۔نعمت تھوڑی ہو یا بہت، اس پر شکر بجالائے اور فقر و فاقہ سے تنگ دل نہ ہو۔

29۔جو اس کی حکومت میں ہیں، ان کی خطا و قصور سے درگزر کرے۔

30۔ کسی کا عیب معلوم ہو جائے تو اس کو چھپائے، البتہ اگر کوئی کسی کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے اور تم کو معلوم ہو جائے تو اس شخص سے کہہ دو۔

31۔ مہمانوں، مسافروں، غریبوں، عالموں اور درویشوں کی خدمت کرے۔

32۔ نیک صحبت اختیار کرے۔

33۔ ہر وقت خدا تعالیٰ سے ڈرے۔

34۔ موت کو یاد رکھے۔

35۔ کسی وقت بیٹھ کر روزا پنے دن بھر کے کاموں کو سوچا کرے، جو نیکی یاد آئے، اس پر شکر کرے، گناہ پر توبہ کرے۔

36۔ جھوٹ ہرگز نہ بولے۔

37۔ جو محفل خلاف شرع ہو، وہاں ہرگز نہ جائے۔

38۔ شرم وحیا اور بُردباری سے رہے۔

39۔ ان باتوں پر مغرور نہ ہو کہ میرے اندر ایسی خوبیاں ہیں۔

40۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کیا کرے کہ نیک راہ پر قائم رکھیں۔

(بہشتی زیور: ج ۷)

مجذوب ...... انتخاب: ساحر بھٹی

مجذوب اسے کہتے ہیں جو کسی جلالی حرف اسم، اسمائے صفاتی یا اسمائے ذاتی کے ذکر کی نورانی تجلی میں جذب ہو کر ظاہری حواس سے بیگانہ ہو جائے۔ ایسے مجذوب سے شریعت کے احکام ساقط ہو جاتے ہیں کیونکہ وہ نماز روزوں کی ادائیگی سے معذور ہوتا ہے۔ پاکی پلیدی سے بھی فارغ ہو جاتا ہے۔ اور عام طور پر **اللہ ھو** کے ذکر کی کثرت سے **اللہ ھو** کے نور میں جذب ہو کر مجذوب ہو جاتے ہیں۔

مجذوبوں کی اقسام

مجذوب بھی تین طرح کے ہوتے ہیں:

(1) **مجذوب:** جو مکمل طور پر جذب ہو جاتے ہیں۔ کبھی ہوش میں نہیں آتے، کھانا پینا چھوڑ دیتے ہیں۔ لباس اور ستر سے بیگانہ ہو جاتے ہیں۔ اور اسی حالت میں فوت ہو جاتے ہیں۔

مجذوب سالک: ایسے مجذوب ہوتے ہیں جو سر دماغ میں **اللہ ھو** کا ذکر کرتے ہیں اور اکثر پانی میں غوطہ لگا کر ذکر کرتے ہیں۔ اگر وہ ایسا نہ کریں تو ذکر کے نور کی تجلیات سے ان کے دماغ کے پردے جل جائیں۔ جو ایسا نہیں کرتے وہ اکثر فاتر العقل پاگل ہو جاتے ہیں۔ ایسے مجذوب سالک، فنا فی الوجود ہوتے ہیں۔ ذکر کی گرمی سے اگر ان کے جسم کا کوئی حصہ کاٹ بھی دیا جائے تو ان کو کوئی تکلیف نہیں ہوتی کیونکہ ان کے دماغ کی وہ حسیات، جو درد محسوس کرتی ہیں، مردہ ہو جاتی ہیں۔ مجذوب سالک بھی کبھی جذب کی حالت سے باہر نکل کر صاحب عقل و شعور لوگوں کی طرح دنیاوی کام بھی انجام دیتے ہیں۔ اس لیے ان کو مجذوب سالک کہتے ہیں۔

سالک مجذوب: وحدت الوجودی فقیر اکثر سالک مجذوب ہوتے ہیں۔ سالک اس لیے کہ وہ شادی بیاہ بھی کرتے ہیں۔ ان کے بیوی بچے بھی ہوتے ہیں۔ وہ دنیاوی کاروبار میں بھی حصہ لیتے ہیں۔ اچھا لباس پہنتے ہیں اور اچھا کھانا کھاتے ہیں۔ اور مجذوب اس لیے کہ ان پر **اللہ ھو** کے ذکر کی مستی کا غلبہ ہوتا ہے۔ ان کا یہ تصور ہوتا ہے کہ ہر شے میں اللہ ہی موجود ہے۔ وہ یہ تصور بھی کرتے ہیں کہ میں موجود نہیں، اللہ ہی موجود ہے۔ جیسا کہ جنید بغدادی رحمتہ اللہ نے فرمایا میرے جبے میں کچھ نہیں سوائے اس کے اللہ ہی موجود ہے۔ دوسرے معنی یہ ہو سکتے ہیں میری وجود کی مکمل نفی ہو چکی ہے اور میں فنا سے گزر کر بقا یا اللہ میں داخل ہو گیا ہوں۔ مگر میں ہوں اللہ کا بندہ ہی۔

وحدت الوجود کا تصور کرنے والے اکثر ''اللہ نور السمٰوٰت والارض'' کا تصور کرتے ہیں۔ جس کی کثرت سے انہیں ہر طرف، ہر شے میں نورِ ذات کا مشاہدہ ہونے لگتا ہے۔

قولہ تعالیٰ: ترجمہ ''تم جس طرف بھی رخ کرو، اسی طرف اللہ کا چہرہ (نور) موجود ہے''۔ البقرہ 1-115

ماخوذ از: سلطان حق باہو گنج الاسرار صفحہ 50،51

"یابر" اور "یاتواب" کے خواص اور اثرات ... حضرت مولانا انظر شاہ کاشمیریؒ

یابر کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد دوسو دو (۲۰۲) ہیں۔

ہوس کے مرض سے نجات

اگر کوئی ہوا و ہوس میں مبتلا ہو تو وہ اس اسم پاک کو بکثرت پڑھے، یہ مرض جاتا رہے۔

نومولود بلوغ تک محفوظ رہے اور نیک ہو

اور جس شخص کے بچہ پیدا ہو تو وہ سات (۷) مرتبہ اس اسم مقدس کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے کرم کے سپرد کر دے تو وہ بلوغ تک محفوظ اور اچھے اوصاف سے متصف ہو۔

شراب اور زنا سے نفرت ہو

اور اگر شرابی اور زانی اس اسم پاک کو پڑھے اور روزانہ سات (۷) مرتبہ پڑھ لیا کرے تو ان چیزوں سے اسے نفرت پیدا ہو جائے۔

نیک عمل کی توفیق ہو

اگر اپنے حالات کی درستگی کے خیال سے ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ اس کا وظیفہ پڑھ لیا کرے، نیک عمل کرنے کی توفیق ہو۔

بادوباراں کا خوف دور ہو

اور جو کوئی بادوباراں سے ڈرتا ہو وہ اس مقدس نام کو کثرت سے پڑھے، خوف اور ڈر جاتا رہے۔

البر کا نقش معظم:

۷۸۶

۶۶	۷۲	۶۴
۶۵	۶۷	۷۰
۷۱	۶۳	۶۸

یاتواب کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد چار سو نو (۴۰۹) ہیں۔

اعمال قبول ہوں

اگر کوئی نماز چاشت کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے، اس کے اعمال قبول ہوتے رہیں۔

توبہ قبول ہو

اور اگر توبہ کرانے کی نیت سے تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ اس کو پڑھے، اس کی توبہ قبول ہو جائے۔

عابد وزاہد ہو

اور اگر ایک سوستر (۱۷۰) مرتبہ رات کو روزانہ پڑھا کرے، عابد وزاہد ہو جائے۔

مشکلات حل ہوں، اطاعتِ الٰہی کا جذبہ پیدا ہو

اگر اپنی مشکلات کو حل کرانے کی نیت سے اس کا وظیفہ روز پڑھے، اس کی مشکلات حق تعالیٰ حل فرمائیں اور اطاعتِ الٰہی کا جذبہ عطا فرمائیں۔

التواب، کا نقش معظم:

۷۸۶

۹۷	۱۰۸	۱۱۰	۹۴
۱۰۳	۱۰۱	۹۹	۱۰۶
۹۸	۱۰۵	۱۰۴	۱۰۲
۱۱	۹۵	۹۶	۱۰۷

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

اس ماہ کی منتخب روحانی کتب پیش خدمت ہیں
ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لیے زبردست ڈسکاؤنٹ

کتب خانے، بک سٹالز، بک شاپس، نیوز ایجنسیز خصوصی رعایت حاصل کرنے کے لیے رابطہ فرمائیں۔
روحانی، طبی اور اسلامی Printed کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں اور جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

کتاب	مصنف	قیمت
خالد روحانی جنتری (سالانہ)	خالد اسحاق راٹھور	250
خالد ہندی جنتری (سالانہ)	خالد اسحاق راٹھور	250
10 سالہ جنتری (2001-2010ء)	خالد اسحاق راٹھور	250
راہنمائے علم نجوم (حصہ اول)	خالد اسحاق راٹھور	400
راہنمائے علم نجوم (حصہ دوم)	خالد اسحاق راٹھور	300
آپ کا برج	سمیعہ راٹھور	300
راٹھور تسویۃ البیوت	خالد اسحاق راٹھور	2500
راٹھور وقتی نجوم	خالد اسحاق راٹھور	300
احکام النجوم (وقتی نجوم)	خالد اسحاق راٹھور	300
کتاب الرمل، کواکب، بروج وساعات	عبدالقادر الحسینی الادھمی	250
عملیات اسمائے ربی	صائمہ راٹھور	350
روحانی مشورے	خالد اسحاق راٹھور	250
تسخیر موکلات وحاضرات	خالد اسحاق راٹھور	300
علم الحروف	خالد اسحاق راٹھور	300
راہنمائے عملیات	خالد اسحاق راٹھور	300
مفتاح الرموز واسرار الکنوز	جابر بن حیان	300
السحر الاحمر		350
السحر العجیب فی جلب الحبیب (1)	عبدالفتاح السید الطوخی	500
السحر العجیب فی جلب الحبیب (2)	عبدالفتاح السید الطوخی	350
السحر العجیب فی جلب الحبیب (3)	عبدالفتاح السید الطوخی	350
سحر بارنوخ	حکیم بارنوخ ساحر سوڈانی	350
مجربات خالد	خالد اسحاق راٹھور	300
اصول وقواعد عملیات	صائمہ راٹھور	400
مسائل کا روحانی حل	خالد اسحاق راٹھور	250

کتاب	مصنف	قیمت
آسان عملیات	خالد اسحاق راٹھور	300
شفائے امراض	صائمہ راٹھور	250
خاص نمبر (سحر، جادو، محبت، عداوت)	خالد اسحاق راٹھور	350
طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر)	خالد اسحاق راٹھور	350
بحر الغرائب (ترجمہ)		400
اعمال شفق رامپوری	خالد اسحاق راٹھور	350
حروف نورانی	خالد اسحاق راٹھور	400
غایت الحکیم	المجریطی اندلسی	400
الشجرۃ النعمانیۃ	سید شریف محمد الہندی	400
اقوال المرضیۃ فی معرفۃ الاعمال الرملیۃ		250
اسباق دست شناسی	خالد اسحاق راٹھور	250
راہنمائے تل شناسی	خالد اسحاق راٹھور	250
ساعات حقیقی	خالد اسحاق راٹھور	250
کتب ابن عربی	شیخ علی ابن عربی	300
خزینہ اعداد	خالد اسحاق راٹھور	300
مستطاب قادر الکلام		250
اسرار حیات		300
علم النفس	پرتھی سنگھ	300
کتابی کورس عملیات (حصہ اول، دوم)	خالد اسحاق راٹھور	800
کتابی کورس علم عملیات (حصہ سوم وچہارم) آخری حصہ	خالد اسحاق راٹھور	1000
کتابی کورس علم تسخیر حاضرات موکلات وجنات (مکمل)	خالد اسحاق راٹھور	900
طلسمی جواہرات	خالد اسحاق راٹھور	450
جواہر اللماعہ	خالد اسحاق راٹھور	500
اعمال مخفیہ، تسخیر ہمزاد اور حاضرات	خالد اسحاق راٹھور	300
راہنمائے علم نجوم ودست شناسی	خالد اسحاق راٹھور	450
راہنمائے علم الجواہر	خالد اسحاق راٹھور	2000

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

دعا حزب النصر

خالد مقبول حفظ اللہ

اعمال اولیاء میں سے ایک ایسا خاص عمل جو دشمن کے خلاف انتہائی مؤثر ثابت ہوا ہے۔ اور اس کی اہلِ حق کو انتہائی ضرورت بھی ہے۔

دعائے حزب النصر ولی کامل حضرت ابوالحسن شاذلی نور اللہ مرقدہٗ کی ایک دعا ہے جو اعمال اولیاء میں سے ہے۔ یہ دعا ہر ظاہری و باطنی دشمنوں کے لئے ایک ایسا مخفی ہتھیار ہے جو انتہائی پُرتاثیر ہونے کے ساتھ ساتھ بہت مجرب بھی ہے۔ اور اس پر عمل کرنے والے کی دشمنوں سے نجات ہو جاتی ہے اور دشمن بھی پریشان ہو جاتے ہیں کہ کیوں ہم اس پر فتح نہیں پا رہے۔

اس دعا کے عامل شاذونادر ہی ملتے ہیں۔ الحمد للہ ہمارے پاس اس کی باقاعدہ زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے اور الحمد للہ اس دعا کے کافی عامل موجود ہیں۔

دعا مع ترجمہ حاصل کرنے کے لئے ہماری درج ذیل email پر رابطہ کریں۔ آپ کو image بھیج دیا جائے گا۔ اجازت حاصل کرنے کے لئے ادارے کے نمبرز پر رابطہ فرمائیں۔ email یہ ہے:

spiritualist77@gmail.com

جو حضرات اس عمل کی ماہ صفر میں زکوٰۃ نکالنا چاہیں، وہ حزب البحر کے ساتھ اس دعا کی بھی زکوٰۃ نکال سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لئے رابطہ کر لیں۔ مولانا سلیم اللہ ظفر: 0346-4661681

مولانا علی آفاق: 0324/0344-8439477

طریقۂ زکوٰۃ

اس دعا کی زکوٰۃ ادا کرنے کے لئے دو طریقے ہیں۔

① زکوٰۃِ صغیر ② زکوٰۃِ کبیر

① زکوٰۃ صغیر 8

اس کے تین درجہ میں زکوٰۃ ادا کروائی جاتی ہے۔

پہلا درجہ بطریق حزب البحر تین اوقات یومیہ پڑھی جاتی ہے۔ حزب البحر ایک دفعہ پڑھی جاتی ہے، یہ تین بار پڑھی جائے گی۔ کل نو بار یومیہ۔

دوسرا درجہ اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللّٰہ و نعم الوکیل“ پڑھنا ہے۔ درمیان میں اکیس مرتبہ حزب النصر ایک نشست یا دو نشست میں پوری کرنی ہے۔ دو نشست کی صورت میں بھی اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللّٰہ و نعم الوکیل“ پڑھا جائے گا۔

تیسرا درجہ: طریقہ دوسرے درجہ والا ہے۔ صرف حزب النصر اکیس کی جگہ اکتالیس بار پڑھی جائے گی۔

② زکوٰۃ کبیر 8

بطریق حزب البحر 120+120+125 مرتبہ پڑھنا ہے۔ پرہیز جلالی ضرور کرنا ہے۔ سخت جلالی عمل ہے۔ ایک سو بیس کی تعداد کے اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللّٰہ و نعم الوکیل“ پڑھا جائے گا۔ چار درجوں میں عام دنوں میں زکوٰۃ کا طریقہ درج ذیل ہے:

درجہ اول گیارہ بار اکیس یوم۔ اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللّٰہ و نعم الوکیل“۔ پرہیز بڑا گوشت۔

درجہ دوم اکیس بار اکیس یوم۔ اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللّٰہ و نعم الوکیل“۔ پرہیز بڑا گوشت و مچھلی۔

درجہ سوم اکتالیس بار اکتالیس یوم۔ اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللّٰہ و نعم الوکیل“۔ پرہیز ترکِ گوشت۔ بہتر ہے کہ ترکِ حیوانات و پرہیز جمالی کیا جائے۔

درجہ چہارم زکوٰۃ سوم کے بعد کسی مزار پر جا کر یہ زکوٰۃ نکالی جاتی ہے۔ اس کا طریقہ لکھا نہیں جا رہا کیونکہ جہاں اس کا فائدہ بہت زیادہ ہوتا ہے، وہیں غلط عمل ہونے کی وجہ سے بہت نقصان بھی ہوتا ہے۔ ویسے بھی وہی لوگ اس درجہ کی زکوٰۃ نکال سکتے ہیں جنہوں نے زکوٰۃ کبیر کا درجہ سوم کر لیا ہو۔

اگلے صفحوں پر دعائے ”حزب النصر“ عربی اور اردو...... دونوں میں دی جا رہی ہے۔ جو عربی نہیں پڑھ سکتے، وہ روزانہ اردو دعا ہی پڑھ لیا کریں۔

دعائے حزب النصر (عربی)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ بِسَطْوَةِ جَبَرُوْتِ قَهْرِكَ وَبِسُرْعَةِ اِغَاثَةِ نَصْرِكَ وَ بِغَيْرَتِكَ لِانْتِهَاكِ حُرُمَاتِكَ وَ بِحِمَايَتِكَ لِمَنِ احْتَوٰى بِآيَاتِكَ اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا سَمِيْعُ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا سَرِيْعُ يَا مُنْتَقِمُ يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ يَا جَبَّارُ يَا قَهَّارُ يَا مَنْ لَا يُعْجِزُهُ قَهْرُ الْجَبَابِرَةِ وَلَا يَعْظُمُ عَلَيْهِ هَلَاكُ الْمُتَمَرِّدَةِ مِنَ الْمُلُوْكِ وَالْاَكَاسِرَةِ اَنْ تَجْعَلَ كَيْدَ مَنْ كَادَنِيْ فِيْ نَحْرِهِ وَمَكْرَ مَنْ مَكَرَ بِيْ عَائِدًا عَلَيْهِ وَحُفْرَةَ مَنْ حَفَرَ لِيْ وَاقِعًا فِيْهَا وَمَنْ نَصَبَ لِيْ شُبْكَةَ الْخِدَاعِ اِجْعَلْهُ يَا سَيِّدِيْ مُسَاقًا اِلَيْهَا وَمُصَادًا فِيْهَا وَاَسِيْرًا لَدَيْهَا اللّٰهُمَّ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ اِكْفِنَا هَمَّ الْعِدَا وَلَقِّهِمُ الرَّدٰى وَ اجْعَلْهُمْ لِكُلِّ حَبِيْبٍ فِدًا وَسَلِّطْ عَلَيْهِمْ عَاجِلَ النِّقْمَةِ فِى الْيَوْمِ وَالْغَدَا. اَللّٰهُمَّ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ، اَللّٰهُمَّ فَرِّقْ جَمْعَهُمْ اَللّٰهُمَّ اَقْلِلْ عَدَدَهُمْ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الدَّائِرَةَ عَلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ اَرْسِلِ الْعَذَابَ اِلَيْهِمْ، اَللّٰهُمَّ اَخْرِجْهُمْ عَنْ دَائِرَةِ الْحِلْمِ وَ اللُّطْفِ وَ اسْلُبْهُمْ مَدَدَ الْاِمْهَالِ وَغُلَّ اَيْدِيَهُمْ وَ ارْبُطْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ لَا تُبَلِّغْهُمُ الْآمَالَ، اَللّٰهُمَّ مَزِّقْهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ مَزَّقْتَهُ لِاَعْدَائِكَ اِنْتِصَارًا لِاَنْبِيَآئِكَ وَ رُسُلِكَ وَاَوْلِيَآئِكَ اَللّٰهُمَّ اِنْتَصِرْ لَنَا اِنْتِصَارَكَ لِاَحْبَابِكَ عَلٰى اَعْدَائِكَ، اَللّٰهُمَّ لَا تُمَكِّنِ الْاَعْدَآءَ فِيْنَا وَلَا مِنَّا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا، اَللّٰهُمَّ لَا تُمَكِّنِ الْاَعْدَآءَ فِيْنَا وَلَا مِنَّا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا، اَللّٰهُمَّ لَا تُمَكِّنِ الْاَعْدَآءَ فِيْنَا وَلَا مِنَّا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا، حٰمٓ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا مِمَّا نَخَافُ، اَللّٰهُمَّ قِنَا شَرَّ الْاَسْوَاءِ وَلَا تَجْعَلْنَا مَحَلًّا لِلْبَلْوٰى، اَللّٰهُمَّ اَعْطِنَا اَمَلَ الرَّجَاءِ وَفَوْقَ الْاَمَلِ يَا هُوَ يَا مَنْ بِفَضْلِهٖ لِفَضْلِهٖ نَسْئَلُ اِلٰهِى الْعَجَلَ الْعَجَلَ اَلْاِجَابَةَ الْاِجَابَةَ يَا مَنْ اَجَابَ نُوْحًا فِيْ قَوْمِهٖ وَيَا مَنْ نَصَرَ اِبْرَاهِيْمَ عَلٰى اَعْدَائِهٖ وَ يَا مَنْ رَدَّ يُوْسُفَ عَلٰى يَعْقُوْبَ وَ يَا مَنْ كَشَفَ ضُرَّ اَيُّوْبَ وَ يَا مَنْ اَجَابَ دَعْوَةَ زَكَرِيَّا وَ يَا مَنْ قَبِلَ تَسْبِيْحَ يُوْنُسَ بْنِ مَتّٰى نَسْئَلُكَ بِاَسْرَارِ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ اَنْ تَتَقَبَّلَ مَا بِهٖ دَعَوْنَاكَ وَاَنْ تُعْطِيَنَا مَا سَئَلْنَاكَ وَ اَنْجِزْ لَنَا وَعْدَكَ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ لِعِبَادِكَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اِنْقَطَعَتْ اٰمَالُنَا وَعِزَّتِكَ اِلَّا مِنْكَ وَخَابَ رَجَاؤُنَا وَحَقِّكَ اِلَّا فِيْكَ.

اِنْ اَبْطَاَتْ غَارَةُ الْاَرْحَامِ وَابْتَعَدَتْ فَاَقْرَبُ الشَّيْءِ يَاغَارَةَ اللّٰهِ يَا غَارَةَ اللّٰهِ جِدِّىِ السَّيْرَ مُسْرِعَةً فِيْ حَلِّ عُقْدَتِنَا يَا غَارَةَ اللّٰهِ عَدَتِ الْعَادُوْنَ وَجَارُوْا وَ رَجَوْنَا اللّٰهَ مُجِيْرًا، وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَ كَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ اِسْتَجِبْ لَنَا آمِيْنَ

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

نوٹ دعائے حزب النصر کچھ مختلف الفاظ کے ساتھ بھی ہوتی ہے۔ جس کو جس کی اجازت ہو، وہ پڑھ لے۔ ع

دعائے حزب النصر (اردو)

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اے اللہ! تیری قوت وعظمت و کبریائی کے اور فریاد کرنے والوں کا تیرا فوری مدد کرنے کے اور تیری مقدس چیزوں کو پامال کرنے پر جوش میں آنے والی تیری غیرت کے اور تیرا اپنے دَر پر آنے والوں کی حمایت کرنے کے واسطہ سے، ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں۔ اے اللہ، اے بہت سننے والے، اے قریب، اے دعاؤں کو قبول کرنے والے، اے جلد مدد کو پہنچنے والے، اے انتقام لینے والے، اے بڑے زبردست، اے سخت پکڑ والے، اے زبردست، اے وہ جس کو زورآوروں کا زور نہیں دبا سکتا اور سرکش بادشاہوں کو ہلاک کرنا جس کے لیے کوئی مشکل نہیں۔ جو میرے ساتھ کوئی چال چلے تُو اس کو اپنی ہی چال میں پھنسا دے۔ جو میرے ساتھ دھوکہ کرے، تُو اس کا دھوکہ اس کی طرف لوٹا دے۔ جو میرے لیے گڑھا کھودے، تُو اسی کو اس میں گرا دے۔ جو میرے لیے دھوکے کا جال بچھائے، تُو اسی کو اس میں پھنسا دے۔ اے میرے آقا! تُو اسی کو اس میں ڈال دے۔ اس کا شکار و اسیر بنا دے۔ اے اللہ! تجھے کھیعص کا واسطہ۔ تُو ہمیں دشمنوں کی طرف سے کافی ہو اور انہیں سزا دے اور انہیں ہمارے ہر پیارے کے بدلے قربانی بنا دے۔ اور ان پر آج کل میں فوری آنے والا عذاب مسلط کر دے۔ اے اللہ! ان سب کو پارہ پارہ کر دے۔ اے اللہ! ان کی جمعیت کو تقسیم کر دے۔ اے اللہ! ان میں پھوٹ ڈال دے۔ اے اللہ! ان کی تعداد کو گھٹا دے۔ اے اللہ! ان کی سازشیں انہی پر لوٹا دے۔ اے اللہ! عذاب کو ان تک پہنچا دے۔ اے اللہ! انہیں اپنے تحمل اور لطف و مہربانی کے دائرے سے نکال دے اور ان کو مہلت نہ دے۔ ان کے ہاتھوں اور پاؤں کو جکڑ دے۔ ان کے دلوں کو باندھ دے اور ان کی آرزوئیں پوری نہ کر۔ اے اللہ! ان کو اسی طرح ٹکڑے ٹکڑے کر دے جس طرح تو نے اپنے نبیوں، رسولوں اور اولیاء کی مدد کے لئے اپنے دشمنوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے۔ اے اللہ! تُو ہماری اسی طرح مدد فرما جس طرح تُو نے اپنے دشمنوں کے خلاف اپنے پیاروں کی مدد کی۔ اے اللہ! تُو ہمارے دشمنوں کو ہم پر قدرت نہ عطا فرما۔ ہمارے گناہوں کی وجہ سے ہم پر ایسے لوگوں کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کریں۔ حٰمٓ۔ معاملہ گرم ہو گیا اور مدد آ گئی۔ اور ہمارے خلاف ان کی مدد نہیں کی جائے گی۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ کے واسطہ سے ہماری حمایت فرما اس سے، جس سے ہم ڈرتے ہیں۔ اے اللہ! ہمیں برے لوگوں کے شر سے محفوظ فرما اور ہمیں آزمائش کا تختہ نہ بنا۔ اے اللہ! ہماری امیدیں پوری فرما۔ اور ہمیں امید سے بڑھ کر دے۔ اے وہ ذات جس کے فضل کے طفیل اس کا فضل مانگا جاتا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! جلدی کر، جلدی کر، جلدی کر، قبول فرما لے، قبول فرما لے۔ اے وہ ذات جس نے حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ان کی قوم کے بارے میں قبول فرمائی۔ اے وہ ذات جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ان کے دشمنوں کے خلاف مدد کی۔ اے وہ ذات جس نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو یوسف علیہ السلام لوٹا دیا۔ اے وہ ذات کہ جس نے حضرت ایوب علیہ السلام کی مصیبت دور کی۔ اے وہ ذات جس نے حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا قبول فرمائی۔ اے وہ ذات جس نے یونس علیہ السلام بن متی کی تسبیح قبول فرمائی۔ اے اللہ! ہم ان دعاؤں کے بھیدوں کے واسطہ سے تجھ سے سوال کرتے ہیں کہ جو کچھ ہم نے تجھ سے مانگا ہے تُو اسے قبول فرما، جو ہم نے تجھ سے سوال کیا ہے وہ ہم کو عطا کر دے۔ ہمارے ساتھ اپنا وہ وعدہ پورا فرما جو تُو نے اپنے مومن بندوں کے ساتھ فرمایا ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تیری ذات پاک ہے۔ بے شک میں زیادتی کرنے والا ہوں۔ تیری عزت کی قسم، ہماری امیدیں تیرے سوا سب سے کٹ گئیں۔ اور تیرے حق کی قسم، ہماری آرزوئیں تیرے سوا سے ناکام ہو گئیں۔ اور بے شک رشتہ داروں کی مدد ماند اور دور ہو گئی ہے، تُو اسے قدرے قریب فرما دے۔ اے اللہ کی مدد، اے اللہ کی مدد، ہماری گرہ کھولنے کے لئے فاصلہ جلدی طے کر۔ اے اللہ کی مدد، دشمنوں نے دشمنی کی اور ظلم کیا اور ہم پناہ دینے والے اللہ کے ہاں پناہ گیر ہوئے اور اللہ کافی ہے سرپرست اور اللہ کافی ہے مددگار۔ ہمیں اللہ کافی ہے اور بہترین کارساز ہے اور نہ طاقت نہ قوت سوائے اللہ بزرگ و برتر کے۔ اے اللہ! ہماری دعا قبول فرما۔ ظالموں کی کمر توڑ دی گئی اور تمام تعریف اللہ کی جو تمام جہانوں کا رب ہے اور رحمت کاملہ نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل و اصحاب رضی اللہ عنہم پر۔

روحانی اوراد۔ اعمال۔ وظائف۔ تعداد پڑھائی اور مکمل طریقہ عمل کے ساتھ

اعمال صالحین

قیمت: 600 روپے

مرتب: فیصل حمید نقشبندی قادری ...... صفحات: 102 ..... فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)

عمل تسخیر رجوع خلق ☆ اسم اعظم کا عمل ☆ کشف القبور ☆ عمل اٹھرا و تحفظ اولاد ☆ دریافت دفینہ ☆ بیٹے کو واپس بلانا ☆ ضمیر شناسی ☆ دوسروں کے ہمزاد کو قابو کرنا ☆ ادائیگی قرض ☆ سرنوں دشمنان وزبان بندی ☆ عمل حب مجرب ☆ مراد پوری ☆ مشکل کشائی ☆ دل سے کسی غیر عورت کا عشق ختم کرنا ☆ ناگوار کو واپس بھیجنا ☆ خواجہ معین الدین چشتی ؒ کا عمل ☆ حصول قوت روحانی ☆ خاتمہ نحوسات وبندشوں سے نجات ☆ مطلوب کو محبت میں بے قرار کرنا ☆ محبت زوجین ☆ مطلوب حاضر ☆ عمل حب عجیب وغریب ☆ اسم اعظم ☆ سنگدل محبوب موم ☆ فتح ونصرت ☆ فراوانی زراعت ☆ خلاصی قید ☆ دست غیب ☆ دشمن کے شر سے محفوظ ☆ درد دور ☆ باموکل عمل ☆ ہلاکی دشمن ☆ زبان بندی ☆ گمشدہ واپس ☆ جادو ختم ☆ بچوں کا نیند میں ڈر جانا ☆ درد کے دم ☆ دفع آسیب ☆ حفاظت حمل ☆ رزق کی فراوانی ☆ بیٹیوں کے رشتے اور شادی ☆ وسعت کاروبار ☆ نافرمان اولاد تابعدار ☆ قبضہ جن، پری ☆ عمل چور کٹورہ گھومے ☆ نامردی ☆ نسیان ☆ چند مجرب استخارے اور دست غیب کے اعمال ☆ عمل ہمزاد ☆ حاضرات موکل ☆ اعمال تسخیر ☆ حاضرات گلابی پری اور چند اعمال

غنیتہ العاملین

قیمت: 750 روپے

تالیف: حافظ زاہد محمود سلامتپوری ...... صفحات: 125

عملیات وطب پر نایاب قلمی ذاتی ڈائری ...... فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)

تسبیح ملائکہ ☆ دعا ☆ نفل نماز برائے مشکل ☆ وظیفہ سورۂ یٰسین ☆ چلہ سورہ مزمل ☆ دست غیب ☆ تسخیر آفتابی ☆ لوح اسم ذات ☆ خلقت میں معزز ہونا ☆ عمل جلالی واسطے دشمن ☆ خاص عمل سورۃ اخلاص ☆ عمل سیفی ☆ چلہ ہمزاد ☆ عمل حضرت خضرؑ ☆ عمل فناہ ☆ اعمال حب ☆ عمل سورۂ کوثر ☆ عمل یا "وہاب" ☆ عمل حاضری جنات ☆ دل کی آنکھیں ☆ عمل حجریت ☆ عمل نقاب پوش ☆ عمل فرار ☆ حاضری جمیلہ پری ☆ تسخیر کا خاص چلہ ☆ تسخیر ستارہ شمس ☆ تسخیر ہمزاد اکسیری ☆ ذکر کبیر تہجد ☆ بندش ہر چیز ☆ اٹھرا ☆ دشمن کو بخار ☆ حصار مکان ☆ دعائے رجا ☆ ملاقات حضرت خضرؑ ☆ زدجام عشق ☆ دشمن کو جوتے پڑیں ☆ ممسک سلطانی ☆ اعمال حب ودب ☆ سلیمانی ٹوپی ☆ سرمہ مقناطیس ☆ دودھ باندھنا ☆ بندش کھولنا ☆ سفوف مغلظ ☆ شیر ستورین ☆ منجن شاہی ☆ سفوف ہاضم ہندوستانی ☆ سفوف ہاضم پاکستانی ☆ جوڑوں کے درد کی گولیاں ☆ ذیابیطس کا علاج ☆ دماغی طاقت کیلئے مفید روغن ☆ بھوک لگانے والا چورن ☆ قرص ڈپٹی صاحب ☆ معجون مقوی باہ ☆ چورن تسکین ☆ معجون گردوں کی طاقت اور حیاتی جراثیم کیلئے ☆ کشتہ قضیب گاؤ سرخ ☆ قبض دور ☆ سفوف کمر درد ☆ مقوی معدہ ☆ فالج لقوہ ☆ چہرہ گلنار کی طرح سرخ بنانے والی معجون ☆ بالوں کو لمبا، خشکی سکری دور کرنے والا آئل .... وغیرہ

سفلی عملیات کے خزانے (قلمی بیاض)

قیمت: 750 روپے

تالیف: زاہد محمود سلامتپوری .... صفحات: 142

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر) .... (مع طبی مجربات)

عمل حب، عمل موہنی، عمل حب سخی عالم، نسخہ جریان، شوگر، قوت باہ، ملذذ، طلاء زاہدی، جلاب جوگی، گولیاں مردانہ طاقت، نفس کی موٹائی، پرانی کھانسی، مرگی، لیکوریا، پٹی نفس، حصول دولت، نسخہ بے اولادی، موٹاپا ختم، بلڈ پریشر، اکسیر دماغ، سپر طلاء، اکسیر معدہ، نسخہ امساک، اکسیر جگر، معجون خان خواہش، نسوار مرگی، چٹکلے، بیرون ملک جانے کیلئے، دولت کیلئے، آندھی باندھنا، دشمن برباد، کاروبار تباہ، ہر منتر ختم، ہر برائی سے بچاؤ، اکسیری گولیاں قے متلی بدہضمی، نسخہ بال لمبے اور ملائم، روغن دماغ، تعویذ بوتل میں آجائیں، عمل ہمزاد، دل میں محبت پیدا، ڈھائیہ حب نوشاہی، ڈنکہ حضرت علیؓ، عمل بونے حاضر، زیارت حضرت علیؓ، اعمال محبت، حاضری مائی کا لکان، لذت جماع، دشمن گھر سے باہر، حب کا ڈھائیہ، حصول دولت، زبان بندی، تسخیر خلق عمل حب، عمل حب پھول، عمل بندش، مندرہ، استخارہ، تسخیر ہنومان، دشمن زیر، عمل خواجہ امیر، عمل ملکہ بلقیس .... وغیرہ وغیرہ

تسخیر حسن المعروف کام روپ دیس کا جادو

قیمت: 260 روپے

مصنف: حکیم مشہور عامل پیر صاحب ..... فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ کاغذ)

اس کتاب کے عمل کرنے کی عام اجازت ہے۔

جو مانگو گے مل جائے گا ☆ الو کے کرشمے ☆ کلام پاک کے معجزے ☆ اکسیر ☆ استخارہ ☆ ایک مجرب نقش ☆ ایک خاص عمل ☆ عمل مجرب ☆ نقش بواسیر ☆ جو چاہو گے ہو جائے گا ☆ میٹھی مراد ☆ برائے شفائے امراض ☆ بھاگا ہوا واپس آجائے گا ☆ ایک عجیب عمل ☆ نقش معظم ☆ عمل بغض ☆ عمل ہمزاد ☆ عمل دست غیب ☆ استخارہ ☆ عمل فتح نامہ ☆ موہنی منتر ☆ دشمن کو دوست کرنا ☆ عمل تسخیر ہمزاد ☆ عمل کشف القبور ☆ نقش عجیب ☆ مجرب چٹکلہ ☆ عمل حب ☆ عمل مشکل کشا ☆ عمل حل المشکلات ☆ عمل خاص برائے حب ☆ اسم اعظم ☆ دیوانگی کے متعلق مجرب عمل ☆ علم جفر کا مجرب عمل ☆ سورہ یٰسین شریف کا مجرب نقش ☆ اعتقاد ☆ مفت کے موتی ☆ دعا کی قبولیت ☆ آپ کی تقدیر کیسے بدل سکتی ہے۔

سورۃ النساء کے اعمال

مرتب: مولانا قاری ممتاز صاحب

حافظہ قوی کرنے کے لیے

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۚ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا ﴿۱۱۳﴾ (النسآء: ۱۱۳)

اس آیت کو ہر نماز کے بعد ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے اکتالیس (۴۱) دن تک پلائیں۔

بیوی سے جماع پر قادر نہ ہو

يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ﴿۱﴾ (النسآء: ۱)

جو شخص جماع پر قادر نہ ہو تو اس آیت مبارکہ کو بعد نمازِ فجر، مرغی کے انڈے پر دم کر کے اسے کھلایا جائے۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن تک کیا جائے۔ ان شاء اللہ جماع پر قادر ہو جائے گا۔

بھولنے کی بیماری اور کمزور ذہن

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۚ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا ﴿۱۱۳﴾ (النسآء: ۱۱۳)

اس آیت کو روزانہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔ ان شاء اللہ، بھولنے کا مرض جاتا رہے گا۔

ظالم دشمن کو ذلیل و خوار کرنا

اگر کسی شخص پر کوئی ظالم زبردستی کرتا ہو یا بے جا ظلم ڈھاتا ہو تو رات کو اندھیرا کر کے ننگے سر اور ننگے پاؤں کھڑے ہو کر اپنا دایاں ہاتھ اپنے سینے پر رکھ کر اس آیت کو روزانہ اکیس سو (۲۱۰۰) مرتبہ لگاتار سات دن تک پڑھنا دشمن کو ذلیل و خوار کر دیتا ہے۔

آیت یہ ہے:

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۚ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿سُوْرَةُ النِّسَآءِ: ۴۵﴾

اسی آیت کا نقش لکھ کر اگر دائیں بازو پر باندھ لیا جائے تو دشمنوں کے شر سے حفاظت رہتی ہے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۶۴	۲۶۷	۲۷۰	۲۵۷
۲۶۹	۲۵۸	۲۶۳	۲۶۸
۲۵۹	۲۷۲	۲۶۵	۲۶۲
۲۶۶	۲۶۱	۲۶۰	۲۷۱

عام اجازت والے اعمال

مرتب: محمد علیم صاحب

رونے والے بچے کے لیے

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلۂ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر بچہ بظاہر تندرست اور توانا ہو لیکن ہر وقت روتا ہی رہتا ہو یا رات کو رو رو کر ماں باپ کا ناک میں دم کرتا ہو تو ایسے بچے کے لیے اجازت عمومی کے ساتھ ایک نقش نقل کرتا ہوں جو بزرگوں سے خصوصی اجازت کے ساتھ راقم الحروف کو عطا ہوا ہے اور ہزار بار کا تجربہ یہ بتاتا ہے کہ یہ نقش تیر بہدف ہے۔ اس نقش کو باوضو ہو کر کالی روشنائی سے سفید کاغذ پر لکھ کر کالے کپڑے میں پیک کر کے بچے کے گلے میں ڈلوادیں۔ ان شاء اللہ بچے کا رونا موقوف ہو گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۷۸۶	یابدوح	۷۸۶
یابدوح	اللہ	یابدوح
۷۸۶	یابدوح	۷۸۶

سحر سے نامرد ہونے والے کا علاج

اگر کوئی شخص سحر سے نامرد ہو جائے تو تین بار ہر روز سورۂ ابراہیم پڑھے، نامردی دور ہو گی۔

جنسی وقت زیادہ حاصل کرنے کے لیے

سورۂ ابراہیم مُشک وزعفران سے لکھ کر گھول کر پئے، قوت اصلی سے زیادہ قوت ہو گی۔

شہوت اور بدنظری کا ایک اور مفید علاج

روزانہ خلوت میں، توجہ کے ساتھ، ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں:

یَا حَمِیْدُ یَا بَاعِثُ

اوّل آخر تین تین بار درود شریف (یہ عمل پابندی سے کریں)۔

بچہ کو نظر لگ جانا یا رونا یا سونے میں ڈرنا یا کمیڑہ وغیرہ ہو جانا

قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس تین تین بار پڑھ کر اس پر دم کرے اور یہ دعا لکھ کر گلے میں ڈال دے اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ۔

ان شاء اللہ سب آفتوں سے حفاظت رہے گی۔

چوری، انسانی اور جناتی شرارتوں سے حفاظت

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلۂ تحریر فرماتے ہیں کہ عشاء کی نماز کے بعد ایک بار سورۂ فاتحہ، سورۂ بقرہ کا پہلا اور آخری رکوع اور ایک بار آیت الکرسی پڑھ کر گھر کے صحن میں کھڑے ہو کر زور سے تین (۳) بار تالی بجائیں۔ ان شاء اللہ جہاں تک تالی کی آواز جائے گی، وہاں تک انسانی اور جناتی شرارتوں سے لوگ محفوظ رہیں گے۔

اسماء اصحاب کہف لکھ کر فریم کرا کے اپنے گھر میں آویزاں کریں۔ ان کی برکت سے بھی چوری ڈکیتی اور دوسرے اثرات بد سے حفاظت رہے گی۔ اصحاب کہف کے نام اس طرح لکھیں:

الٰھی بحرمۃ یملیخا، مکسلمینا، کشفوطط، کشافطیونس، اذرفطیونس، تبیونس، یوانس بوس، وکلبھم قطمیر وعلی اللہ قصد السبیل ومنھا جائر ولوشاء لھدٰکم اجمعین، واللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین۔

نظر بد کا دفعیہ

جس انسان یا جانور یا درخت، کھیت وغیرہ کو کسی کی نظر بد لگی ہو، اس پر تین مرتبہ پڑھے ''مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ''۔

حافظہ بڑھانے کا آسان عمل

فجر کی نماز کے بعد ایک سو پندرہ (۱۱۵) مرتبہ یَا کَرِیْمُ پڑھ کر دل پر دم کریں۔ اس کی برکت سے ان شاء اللہ حافظہ قوی ہو جائے گا۔ یہ عمل طلباء، اساتذہ اور دماغی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ ہے۔

مخصوص و مجرب عملیات

حکیم صوفی عبدالرؤف
نظامی (واڑ گنج، اوکاڑہ)

1۔ برائے ترقی رزق

نمازِ جمعہ کے بعد اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر یہ دعا ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے اور ہر جمعہ یہ عمل کرتا رہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو تونگر بنا دے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ سلام کے بعد اسی طریقے سے بیٹھا رہے اور پہلو نہ بدلے، نہ کسی طرف دیکھے، ورنہ اس عمل کی تاثیر ضائع ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ اَلْمُعْطِیْ ھُوَاللہ

2۔ عیش و راحت کی فراوانی رہے

کوئی شخص نیا کپڑا پہننے کا ارادہ کرے تو سورۃ القدر، سورۃ الکافرون اور سورۃ اخلاص 10,10 مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرنا چاہیے۔ جب تک وہ کپڑا پہنے گا، عیش و راحت کی فراوانی رہے گی۔ دم کئے گئے پانی کو نئے کپڑے پر چھڑک دیا جائے۔

3۔ رزق وسیع و کثیر حاصل ہو

اگر نئے کپڑے پر صرف سورۃ القدر ہی 86 مرتبہ پڑھ کر دم کر دی جائے تو جب تک وہ کپڑا پہنا رہے گا، پہننے والے کو رزق وسیع و کثیر حاصل ہوتا رہے گا۔

4۔ رزق کی تنگی نہ ہو

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم وبحمدہ استغفر اللہ۔ طلوع فجر کے وقت پڑھو 100 مرتبہ، کبھی تنگی رزق نہ ہوگی۔

5۔ قرض کی ادائیگی کے لیے درود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

ظہر کی نماز کے بعد 100 مرتبہ پڑھیں، کبھی مقروض نہ ہوں گے۔ اگر قرض ہوگا تو ادا ہو جائے گا، خواہ جتنا بھی قرض ہو۔

6۔ ادائے قرض کی دعا

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ

ترجمہ: ''اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں غم سے اور حزن (رنج و غم) سے اور پناہ چاہتا ہوں عجز و کسل سے اور پناہ چاہتا ہوں بخل اور بزدلی سے اور پناہ چاہتا ہوں کثرت قرض سے اور لوگوں کے غلبہ پا لینے سے''۔ (ابوداؤد، مشکوٰۃ 25)

7۔ خاص اسم اعظم

۱۔ اسم اعظم قادریہ: یَا مُحِیْطُ یَا رَبُّ بعد نماز فجر ایک 1000 بار یا 100 مرتبہ۔ کشائش ظاہری کے لیے نہایت مجرب ہے۔

۲۔ اسم اعظم چشتیہ: یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بعد نماز فجر ایک 1000 بار یا 100 بار پڑھیں کہ جمیع مقاصد ظاہری و باطنی حاصل ہوں۔

۳۔ اسم اعظم نقشبندیہ: یَا اَللّٰہُ یَا مُصَوِّرُ یَا عَلِیُّ بوقت شب 2 ہزار بار یا 200 بار ورد کریں۔ ان شاء اللہ العزیز سیف زبان ہو، مستجاب الدعوات ہو۔

۴۔ اسم اعظم سہروردیہ: یَا اَللّٰہُ دوران شب ہمیشہ 1200 بار یا 200 بار پڑھنا چاہیے۔ اس کے فوائد بے شمار ہیں۔ جو ورد رکھے گا، اس پہ خود منکشف ہوں گے۔

نقش واسطے حصولِ دولت

اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

۶۱۳۵۴	۶۱۳۵۷	۶۱۳۶۰	۶۱۳۴۷
۶۱۳۵۹	۶۱۳۴۸	۶۱۳۵۳	۶۱۳۵۸
۶۱۳۴۹	۶۱۳۶۲	۶۱۳۵۵	۶۱۳۵۲
۶۱۳۵۶	۶۱۳۵۱	۶۱۳۵۰	۶۱۳۶۱

روحانی ڈاکٹر

مرتب: مولانا علی آفاق (مدیر خزینۂ روحانیات)

ہاتھوں اور پیروں کا درد اور نظر بد

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ۚ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿سورۃ ابراهیم: ۱۲﴾

جس کے ہاتھ پیروں میں درد یا اس کو نظر ہو، اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر باندھ دے، ان شاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔

شوگر کا روحانی علاج

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ گیہوں کے چالیس (۴۰) دانے لے کر ہر ایک دانے پر سورۃ البروج (سپارہ نمبر ۳۰) ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح سورۃ البروج چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھی جائے گی۔ دم شدہ دانوں کو کسی شیشی میں رکھ لیں اور روزانہ نہار منہ ایک دانہ مریض کو کھلائیں اور سورۃ البروج کا نقش مریض کے گلے میں کسی عامل سے لکھوا کر ڈلوا دیں۔ ایک ماہ کے بعد ٹیسٹ کرائیں۔ اگر مرض میں کمی نہ ہو تو اس عمل کو پھر دہرائیں۔ ان شاء اللہ ایک سو بیس دن کے اندر اندر شوگر کنٹرول ہو جائے گی۔ اور ممکن ہے کہ اس مرض سے کلی طور پر نجات مل جائے۔ سورۃ البروج کا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸۰۳۸	۸۰۴۱	۸۰۴۵	۸۰۳۱
۸۰۴۴	۸۰۳۲	۸۰۳۷	۸۰۴۲
۸۰۳۳	۸۰۴۷	۸۰۳۹	۸۰۳۶
۸۰۴۰	۸۰۳۵	۸۰۳۴	۸۰۴۶

لوحِ حلِ مشکلات

ذوالفقار احمد عزیز (راولپنڈی)

سب سے پہلے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر اور آقائے پاک محمد ﷺ پر اربوں کھربوں درود وسلام۔ آج آپ کی خدمت میں لوح حلِ مشکلات لے کر حاضر ہوں۔ یقینِ کامل رکھیں اور قدرت کا نظارا دیکھیں۔ سب سے پہلے نوچندی اتوار کو غسل کر کے پاک صاف ہو کر پانچ تسبیح استغفار کی پڑھیں اور اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کریں۔ اس کے بعد پانچ تسبیح کوئی سا درود شریف پڑھیں اور کائنات کی سب سے حسین ہستی کو تحفہ پیش کریں یعنی پیارے آقا پاک ﷺ کو، اس کے بعد اچھی خوشبو والی اگربتی جلالیں۔ رجال الغیب کو پشت پر رکھیں اور گولڈن کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لوح تیار کریں۔ جب لوح تیار ہو جائے تو کچھ صدقہ کر کے پہن لیں۔ چند دنوں میں نہیں، چند گھنٹوں میں آپ کو خود پتہ چل جائے گا کہ مشکلات حل ہونا شروع ہو چکی ہیں۔ جو لوگ لوح خود نہ بنا سکیں وہ ادارے سے یا مجھ سے براہ راست رابطہ کریں۔ یہ لوح اور کہیں دستیاب نہ ہے۔ آخر میں تمام اسٹاف ماہنامہ خزینۂ روحانیات کو اور مجھ کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اللہ ہم سب کو صحت اور زندگی دے تاکہ یہ انمول موتی آپ تک پہنچتے رہیں۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

۷۸۶

جبرائیلؑ

وهو رب العرش العظیم ۱۸۷۱	علیه توکلت ۹۷۰	لا اله الا هو ۱۱۱	فان تولوا فقل حسبی الله ۹۲۹
۱۱۰	۹۳۰	۱۸۷۰	۹۷۱
۹۳۱	۱۱۳	۹۶۸	۱۸۶۹
۹۶۹	۱۸۶۸	۹۳۲	۱۱۲

میکائیلؑ

مجرباتِ ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمہ اللہ

مرتب: محمد عمر اشرفی سمنانی (لاہور)

دشمن سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے

جو کوئی اپنے بدخواہ دشمن سے عاجز آ گیا ہو، چھٹکارا نہ ملتا ہو تو وہ سات (۷) روز تک ہر روز چار (۴) مرتبہ آیتِ قطب بہ نیت خرابیٔ دشمن پڑھ کر دشمن کے گھر پر دم کرے۔ ان شاء اللہ، دشمن کو اپنی پڑ جائے گی۔ آیتِ قطب یہ ہے: ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿اٰلِ عمران: ۱۵۴﴾

گھر کے سب افراد محبت سے رہیں

اگر آپ چاہتے ہیں کہ گھر کے سب افراد خورد و کلاں آپس میں محبت سے رہیں، نفاق پیدا نہ ہو تو گھر کی تمام چینی (شکر) پر ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ "یَا وَدُوْدُ" پڑھ کر دم کریں اور سب کو پلائیں۔ ان شاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں آپس میں سب شیر و شکر ہو جائیں گے۔ لیکن ہر عمل کی کامیابی طہارت، پاکیزگی اور پانچوں وقت کی نماز سے مشروط ہے۔

لڑکیوں کو تنگ کرنے والے جنات سے نجات

اگر کسی لڑکی پر خبیث جنات کا اثر ہو، جنات رات کو سوتے میں تنگ کریں یا پاس آ کر لیٹ جائیں اور چھیڑ چھاڑ کریں تو لڑکی کو چاہیے کہ پاک صاف رہے، نماز کی پابندی کرے اور رات کو سونے سے قبل اکیس (۲۱) مرتبہ آیت الکرسی (خلد ون تک) پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تمام جسم پر پھیر لیا کرے اور سو جایا کرے۔ ان شاء اللہ وہ لڑکی محفوظ ہو جائے گی۔ اور والدین کو چاہیے کہ بچیوں کی جلد از جلد شادی کر دیں کیونکہ خالی گھر پر قبضہ کرنے کا ارادہ ہر شیطان کا ہوتا ہے۔

مارنے پیٹنے والا شوہر تابعدار ہو

اگر شوہر اپنی بیوی کو مارتا ہو، خرچہ بھی نہ دیتا ہو، روز اپنا جسمانی مطلب بھی پورا کرتا ہو، جس کی وجہ سے عورت کمزور ہو گئی ہو۔ کوئی طاقت کی دوا بھی نہ لا کر دیتا ہو تو بیوی کو چاہیے کہ شوہر کی پسند کی خوشبو پر یہ آیت پڑھ کر دم کرے اور جب شوہر کے قریب ہونے کا وقت ہو تو اپنے جسم پر لگا لیا کرے۔ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا

(الاحزاب: ۴۰)

یہ آیت سات (۷) مرتبہ پڑھ کر خوشبو پر دم کر کے اپنے جسم پر، کپڑوں پر لگایا کرے۔ ان شاء اللہ شوہر تابعدار ہو جائے گا۔

مرگی کے چل پھر نہ سکنے والے مریض کا روحانی علاج

جن بچوں یا بڑوں کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں اور کمزوری کی وجہ سے چل پھر نہ سکتے ہوں تو ایسے لوگوں کیلئے 500 گرام زیتون کا تیل لیں۔ اس پر تین (۳) مرتبہ آیتِ قطب پڑھ کر اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ فاتحہ، بسم اللہ کی آخری میم کو الحمد للہ کے ساتھ ملا کر پڑھیں اور تیل پر دم کریں۔ اور اکتالیس (۴۱) روز اس تیل کی ٹانگوں یا نچلے دھڑ کی مالش کریں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

اٰمنت باللہ کا خاص عمل

تعارف: اٰمنت باللہ کا عمل خاص عمل ہے جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بہت بڑی بڑی جماعتیں کام کرتی ہیں۔ ان جنات کا تعلق زیادہ تر مدارس سے ہے۔ اسی لئے یہ جنات ایسے افراد کی معاونت زیادہ کرتے ہیں جن کا تعلق مدارس سے ہوتا ہے یا پھر وہ دین سے جڑیں ہوں اور دین کا کام کر رہے ہوں۔

اجازت کون لے؟: روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، علمائے کرام اور مفتیانِ عظام، دین سے جڑے افراد۔

اجازت لینے کے فائدے: اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام اٰمنت باللہ کے پیچھے جو جنات ہیں، ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کر سکتا ہے۔ اس عمل سے ہر جائز کام لیا جا سکتا ہے، مختصراً چند درج ذیل ہیں: *...... ہر قسم کے جادو کا علاج *...... ہر طرح کی بندش سے نجات *...... ہر طرح کے جنات سے نجات *...... مسلط جن کو حاضر کرنا *...... جنات کو جلانا *...... جنات کو بوتل میں بند کرنا *...... جگہ سے جادو جنات نکالنا *...... روحانی تشخیص *...... محبت اور حاضری مطلوب *...... زبان بندی اور جدائی *...... مختلف بیماریوں کا علاج *...... تسخیر و شادی کے لئے *...... ہر جائز مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے

darulamal.org/ruhanidarsgah

اجازت کے لیے اہلیت: اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔

اجازت لینے کا طریقہ: اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ نقد ہدیہ مع اعمال کی کاپی **-/6100** روپے، علاوہ ڈاک خرچ/کوریئر چارجز

ruhanidarsgah@gmail.com

رابطہ روحانی درسگاہ ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681 دفتر: 042-35410586, 0343-7772772

سات سلام اور چہل کاف کے عامل بنیں

تعارف: سات سلام اور چہل کاف کا عمل ''پیرانِ پیر غوثِ اعظم حضرت شاہ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ'' سے منقول ہے۔ اس عمل کے ذریعے سے جنات، شیاطین، سایہ، ہر قسم کے جادو ٹونے اور نظرِ بد کے برے اثرات کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو۔

اجازت کون لے؟: روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، ایسے مریض جو عرصہ سے جادو اور جنات کی پکڑ میں ہوں اور نجات چاہتے ہوں اور ساتھ ہی اپنی اور اپنے گھر والوں کی جادو اور جنات سے حفاظت چاہتے ہوں، جادو جنات میں مبتلا افراد کا علاج کرنا چاہتے ہوں۔

اجازت لینے کے فائدے: اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام چہل کاف کے پیچھے جو جنات ہیں، ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کر سکتا ہے۔ اس عمل سے ہر جائز کام لیا جا سکتا ہے، مختصراً چند درج ذیل ہیں: *...... ہر قسم کے جادو کا علاج *...... ہر طرح کی بندش سے نجات *...... ہر طرح کے جنات سے نجات *...... مسلط جن کو حاضر کرنا *...... جنات کو جلانا *...... جگہ سے جادو جنات نکالنا *...... روحانی تشخیص *...... محبت اور حاضری مطلوب *...... زبان بندی اور جدائی *...... مختلف بیماریوں کا علاج *...... تسخیر و شادی کے لئے *...... ہر مقصد کے لئے

اجازت کے لیے اہلیت: اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔

اجازت لینے کا طریقہ: اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ نقد ہدیہ مع اعمال کی کاپی **5100** روپے، علاوہ ڈاک خرچ۔

darulamal.org/ruhanidarsgah

رابطہ روحانی درسگاہ ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681 دفتر: 042-35410586, 0343-7772772

جادو سے نجات کے عملیات

انور اویس

جادو سے نجات

جو شخص جادو میں مبتلا ہو، اس کے دفعیہ کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ معوذتین یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس دونوں سورتیں پوری اور قرآن پاک کی وہ آیتیں جن میں جادو کا ذکر ہے، جو ذیل میں لکھی ہیں، ایک ایک کاغذ پر لکھیں۔ اور بہتے ہوئے (دریا یا ندی کا) پانی کو ایک برتن میں لیں۔ اس میں یہ تعویذ ڈالیں۔ جب حروف گھل جائیں تو تھوڑا سا پانی اس مریض کو پلائیں اور تھوڑے سے ہاتھ پاؤں دھلائیں اور بقیہ پانی سے غسل دیں۔ مگر پانی زمین پر نہ گرے اور مستعملہ پانی زمین میں دفن کردیں۔ یہ عمل ہفتہ کے ہفتہ کرنا چاہئے۔ اگر چند دفعہ اس ترکیب سے کیا جائے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر بالکل جاتا رہے گا۔ وہ آیتیں یہ ہیں:

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١١٨﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿١١٩﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿١٢٠﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٢١﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١٢٢﴾ (اعراف: ۱۱۸-۱۲۲)

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾ (یونس: ۸۱-۸۲)

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾

(طٰہٰ: ۶۹)

دیگر برائے جادو مجرب

معوذتین اور مذکورہ بالا آیتوں کو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں تو یہ بھی ان شاء اللہ تعالیٰ بہت مفید ہوگا۔

برائے سحر

جس شخص پر سحر کا اثر ہو، اس مریض پر سب سورتیں پڑھ کر دم کرے اور پانی پر علیحدہ دوبارہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صحت یاب ہوگا۔ دم کئے پانی کو اکیس (۲۱) گھنٹہ میں ایک ایک گھونٹ استعمال کرا کر ختم کردے۔

نوٹ: مریض پر پڑھ کر علیحدہ دم کیا جائے گا اور پانی پر دم کرنے کے لئے علیحدہ اتنی ہی تعداد میں پڑھا جائے گا۔

* ......بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک بار۔
* ......سورۂ فاتحہ (یعنی الحمد شریف) سات بار۔
* ......آیۃ الکرسی، العلی العظیم تک سات بار۔
* ......سورۂ قل یا ایہا الکفرون سات بار۔
* ......سورۂ اخلاص (یعنی قل ہو اللہ شریف) سات بار۔
* ......سورۃ قل اعوذ برب الفلق سات بار۔
* ......سورۃ قل اعوذ برب الناس سات بار

اس عمل کو سی طرح سات روز تک مسلسل کیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صحت کامل ہو جائے گی۔

جنات کی حقیقت

(قرآن و حدیث کی روشنی میں)

مفتی نور الحق نورانی

1۔ جنات اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق ہیں اور تمام انسانیت ان کی حقیقت کو مانتی ہے۔ جن کے معنی چھپا ہوا ہونا، غائب ہونا۔ ان میں سے بعض مسلمان ہوتے ہیں اور بعض کافر۔ جنات انسانوں کی طرح جنت میں بھی جائیں گے اور دوزخ میں بھی اور یہ انسانوں کی طرح مکلف ہوتے ہیں اور قیامت کے دن حساب و کتاب ہوگا۔ قرآن مجید میں پوری ایک سورۃ جس کا نام الجن ہے، موجود ہے۔ اس کا مطالعہ فرمائیں۔

2۔ جنات بھی انسانوں کی طرح ایک مخلوق ہے اور یہ بھی انسانوں کی طرح مکلف ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿الذّٰريٰت: ۵۶﴾

''اور میں نے جنّات اور انسانوں کو صرف اسی لئے پیدا کیا کہ وہ میری بندگی اختیار کریں''۔

اسی طرح فرمایا:

وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿الحِجر: ۲۷﴾

''اور جنات کو اس سے پہلے کہ وہ گرم ہوئے تھے، پیدا کر چکے تھے''۔

یعنی حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے پیدا کیے گئے تھے۔

اسی طرح فرمایا

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿الرَّحمٰن: ۱۵﴾

''اور جنات کو خالص آگ سے پیدا کیا''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''مجھ کو جن وانس اور ہر سرخ وسیاہ کی طرف مبعوث کیا گیا ہے''۔ تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت جن وانس کی طرف ہوئی ہے۔ (بخاری و مسلم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''مجھ کو رسول بنا کر بھیجا گیا ہے اسود اور احمر کی طرف''۔

علماء کا اس میں اختلاف ہے۔ بعض نے کہا کہ اسود و احمر سے مراد عرب و عجم ہیں، بعض نے کہا سرخ اور سفید ہیں اور بعض نے کہا ان سے مراد جن وانس ہیں۔

جنات میں سے بعض مسلمان ہوتے ہیں اور بعض کافر و نافرمان ہوتے ہیں۔

وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ﴿الجنّ: ۱۴﴾

''اور یہ کہ ہم میں سے بعض فرماں بردار بھی ہیں اور ہم میں سے بعض نافرمان بھی''۔

بعض دفعہ انسان جنات پر غلبہ پا لیتے ہیں اور بعض اوقات جنات انسانوں پر۔ جنات حقیقت ہیں اور تمام مذاہب ان کی حقیقت کو مانتے ہیں۔ ہندو، عیسائی، یہود، مسلمان، سب کے سب ان کی حقیقت کو مانتے ہیں۔

بقیہ : اسمائے شمخیثیہ

سے ان کی آنکھیں روشن ہوئیں اور حضرت یوسف علیہ السلام بھی ان سے آن ملے۔

۱۲۔ يَاۤاَثْيَمْعِيْثَا اَجِب يَا نُوْرَائِيْلُ. اَلَّذِىْ سَيَّرَ الشَّمْسَ مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَى الْمَغْرِبِ.

ترجمہ: ''اے وہ کہ جس کے حکم سے سورج مشرق سے مغرب کی جانب رواں رہتا ہے''۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج حوت سے منسوب ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی اسم کو ایک مٹھی خاک پر پڑھا اور ''شَاهَتِ الْوُجُوْهُ لِلْكَافِرِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ'' کہ کر دشمنوں کی طرف پھینک دی۔ اس کے اثر سے سب کے سب اندھے ہوگئے اور شکست کھا کر بھاگ گئے۔

دل قابو میں کرنے کا مجرب عمل

پیر سید نثار علی شاہ الترمذی چشتی

ہمارے مشائخ نے یہ بھی بتا دیا کہ اگر کسی انسان کی کیفیت ایسی ہو کہ اس کے دل میں کسی کا خیال بار بار آئے، ہٹانے سے بھی نہ ہٹے، دل میں ایسا جم جائے کہ کسی اور چیز میں دل بھی نہ لگے اور انسان ڈرے کہ میں تو گناہ کا مرتکب ہو جاؤں گا تو اس کو ایک عمل کرنے کہ اجازت دی گئی، جس کی اجازت اس وقت یہ عاجز سب مرد اور عورتوں کو دے رہا ہے اور وہ عمل بہت آسان ہے کہ ہر دن میں ایک سو (۱۰۰) مرتبہ یہ پڑھے:

لَا مَرْغُوْبِیْ اِلَّا اللہ　　لَا مَطْلُوْبِیْ اِلَّا اللہ

لَا مَحْبُوْبِیْ اِلَّا اللہ　　لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

اگر سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ اس کی تسبیح پڑھ لی جائے تو ہم نے سینکڑوں نہیں ہزاروں بچوں اور بچیوں کو اس عمل کے صدقے گناہ کبیرہ سے بچ کر زندگی گزارتے دیکھا ہے۔ یہ بہت مجرب عمل ہے۔ وہ بچیاں جو کہتی تھیں ہم فلاں کے بغیر مر جائیں گی اور جو بچے کہتے تھے کہ فلاں کے بغیر ہم مر جائیں گے، چند دن انہوں نے یہ عمل کیا۔ کوئی بھی نہ مرا، اور اللہ تعالیٰ نے ایمان و اعمال کی حفاظت بھی فرمالی۔ تو اس عمل کی بھی سب کو اجازت ہے کہ اگر خدا نخواستہ دل میں کوئی ایسی کیفیت آ جائے تو دل کو صاف کرنے کے لیے یہ ہارٹ کلینر (Heart Cleaner) کی مانند ہے۔ امریکہ کی ایک یونیورسٹی کے بچوں اور بچیوں نے اس کا نام ہارٹ کلینر (HEART CLEANER) دل کی صفائی کرنے والا رکھا ہوا ہے۔ اس لیے جو انسان بدکاری سے بچے وہ اللہ رب العزت کے نزدیک بہت اچھا انسان ہے۔

(سکون دل ص 60)

سید السادات پیر سید نثار علی شاہ الترمذی چشتی۔ سلسلہ چشتیہ آجمیرہ۔ وسلسلہ جیسولیہ دلداریہ۔ پیر سید عبداللہ شاہ ترمذی رحمت اللہ علیہ آف میدان شریف صوبہ خیبر پختونخواہ۔

حصول طلسماتی چادر و انگشتری

حضرت سید پیر محبوب علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

عزیمت ہذا روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ چہل روز تک پڑھے مع اول و آخر درود شریف ۱۱، ۱۱ مرتبہ۔ اکتالیس (۴۱) روز میں ایک چادر اور ایک انگشتری یا تو کوئی بزرگ آ کر دے گا یا کسی اور غیبی طریقے سے مل جائے گی۔ پس اس چادر یا انگشتری سے ہر کام کر سکتا ہے۔ اس کی ہر طرح سے حفاظت اور قدر کرے، بے قدری سے نعمت زائل ہو جاتی ہے۔ فقط عقل مند کو اشارہ کافی ہوتا ہے۔

عزیمت مذکورہ یہ ہے:

مخدوم یا دادا میاں درگاہی شاہ مولا
کریم شاہ مستان شاہ شہید مرد جنات

سلیمانی ٹوپی

حضرت سید پیر محبوب علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ثابت یا زوجسدین کے کسی ایسے ماہ کا انتظار کرو کہ اس ماہ کی آخری تاریخ ۲۸ یا ۲۹ کو منگل پڑے۔ پس ایسے ماہ کو یہ عمل کیا جاتا ہے۔ رات کو غسل کر کے تیار رہے اور ٹھیک بارہ بجے ایک کھلے میدان میں پاک وصاف کپڑے پہن کر بیٹھ جائے اور آسمان کی طرف بغور دیکھتا رہے، جس وقت کوئی تارہ ٹوٹے فوراً اپنا سیدھا ہاتھ یہ کلام پاک کی آیت پڑھتے ہوئے زمین پر مارے۔ آیات یہ ہیں:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُورًا مُّبِينًا ۔ (النساء ۱۷۵)

حٰمٓ ۔ تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (الجاثیہ ۲،۱)

پس جو کچھ ہاتھ آئے خاک مٹی وغیرہ کو مٹھی بند کر لیں اور بلا تعداد اس کلام کو پڑھنا شروع کر دیں حتیٰ کہ صبح ہو جائے پھر جس وقت کنوئیں پر پانی بھرنے والے آ جاویں اس وقت پڑھتے ہوئے کنوئیں کی طرف جاؤ اور پنہاری کے سامنے جا کر کچھ فاصلے سے اپنی مٹھی کھول دو۔ فوراً اس کا گھڑا ٹوٹ جائے گا پس گھڑے کا موہرہ یعنی گردن لے کر گھر چلے آئے اور کچھ کھا پی لو۔ پھر آرام کر کے بعد ظہر کے یہ پتہ لگاؤ کہ آج بستی کے مویشی کس طرف گئے ہیں۔ پس اس طرف نہایت چست کپڑے پہن کے چل دے اور بستی سے باہر جا کر اس گھڑے کی گردن سے دیکھیں کہ بستی کی حد کھینچی ہوئی معلوم ہوگی پس بستی کی حد سے ذرا آگے بڑھ کر کھڑے ہو جاؤ اور انتظار کرو۔ جس وقت مویشی بستی کے اندر چلے آویں اس موہرے سے دیکھو تو بستی کی حد سے کچھ فاصلے پر ایک بزرگ گیرد لباس پہنے ہوئے کھڑے نظر آویں گے۔ منہ ان کا بستی کی طرف ہوگا مگر آنکھیں بند ہوں گی، اس موہرہ سے دیکھتے ہوئے بالکل خاموشی کے ساتھ آنکھیں بند ہوں گی، اس موہرہ سے دیکھتے ہوئے بالکل خاموشی کے ساتھ ان بزرگ کے پیچھے جاؤ اور جب نزدیک ہو جاؤ تو ایک ہاتھ سے ان کی سر کی ٹوپی اتار کر نہایت تیزی سے بستی کی طرف بھاگو۔ اگر بستی کی حد کے اندر آ گئے تو میدان جیت لیا۔ ٹوپی تمہاری ہوگئی۔ اس ٹوپی کو جس وقت تم پہنو گے تمہیں کوئی نہ دیکھے گا اور تم سب کو دیکھو گے۔ سینکڑوں میل کا سفر منٹوں میں طے کرو گے۔ ایک عجیب نعمت ہے۔ اگر بستی کی حد نہ گزر سکے اور اسی طرف پکڑا جائے تو ٹوپی دے دو اور موہرہ توڑ دو پس کچھ اندیشہ نہیں ہے۔ یہ عمل مولانا حضرت صادق حسین صاحب فتح پوری کا عطیہ ہے۔ انہوں نے اس عمل سے ایک ٹوپی حاصل کی تھی۔ فقیر کو تا ہنوز عمل کرنے کا موقع نہیں ملا۔ جو صاحب چاہے قسمت آزمائی کر لے، عام اجازت ہے۔

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ اکتوبر 2016 سے اپریل 2017 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم 400 روپے (عام ڈاک) اور 620 (رجسٹرڈ ڈاک) سے ہوگی۔ قارئین نوٹ فرمالیں۔

دعائے حزب البحر

حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحب رحمہ اللہ

شانِ وَرُوْد دعا حزب البحر

معتبر علماء وحضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے بیان کیا ہے کہ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ تعالیٰ شہر قاہرہ میں تھے کہ حج کے دن قریب آ گئے۔ شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان ایام میں اپنے دوستوں اور مریدوں سے فرمایا کہ ”ہم کو اس سال غیب سے حج کرنے کا حکم ہوا ہے۔ جہاز تلاش کرو“۔ دوستوں اور مریدوں کو بہت تلاش کے بعد ایک بوڑھے عیسائی کے جہاز کے سوا اور کوئی جہاز نہ ملا۔ سب اس جہاز میں سوار ہو گئے۔ جب بادبان اٹھا دیا تو قاہرہ کی آبادی سے نکلتے ہی مخالف ہوا چلنے لگی اور ایک ہفتے تک قاہرہ کی طرف اسی طرح ٹھہرے رہے۔ قاہرہ کے پہاڑ اس مقام سے دکھائی دیتے تھے۔ مخالف لوگ طعنے دینے لگے کہ ”شیخؒ فرماتے تھے کہ مجھ کو غیب سے حج کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور حالت یہ ہے کہ حج کا وقت قریب آ گیا ہے اور جہاز مخالف ہوا کی زد میں ہے“۔ یہ بات شیخؒ کے دل میں بے چینی کا باعث بنی مگر ضبط کی قوت سے پی گئے۔ اتفاقاً شیخؒ دوپہر کو قیلولہ فرما رہے تھے کہ خدا نے ان کو اس دعا کا الہام کیا اور حضور ﷺ کی زیارت بھی ہوئی۔ شیخ رحمہ اللہ نے نیند سے اٹھ کر یہ دعا پڑھنی شروع کی اور جہاز کے افسر کو بلا کر فرمایا کہ ”خدا کے بھروسے پر بادبان اٹھا دے“۔ اس نے جواب دیا کہ ”اگر ہم بادبان اٹھا دیں گے تو ہوا اسی وقت ہمارا منہ پھیر دے گی اور ہم کو قاہرہ میں پہنچا دے گی“۔ شیخؒ نے فرمایا ”ہم جو کچھ کہتے ہیں اس پر عمل کرو اور خدا کی عجیب مہربانی دیکھو“۔ جونہی بادبان اٹھایا، فوراً ہی موافق ہوا چلنے لگی۔ یہاں تک کہ اس رسی کو جس کے ساتھ جہاز کو باندھ رکھا تھا، کھول نہ سکے۔ بالآخر اس کو کاٹ دیا اور بڑی جلدی امن وامان اور سلامتی کے ساتھ مبارک ومقدس مقام تک پہنچ گئے۔

یہ دیکھ کر بوڑھے عیسائی کے بیٹے مسلمان ہو گئے اور وہ عیسائی بوڑھا دل میں غمگین ہوا۔ رات کو بوڑھے عیسائی نے خواب میں دیکھا کہ شیخؒ ایک بڑی جماعت کے ساتھ تشریف لے جا رہے ہیں اور اس کے لڑکے بھی شیخؒ کے ساتھ جا رہے ہیں۔ اس نے اپنے بیٹوں کے پیچھے جانا چاہا مگر فرشتوں نے جھڑکا اور کہا کہ ”تو ان لوگوں کے دین والوں میں نہیں ہے۔ ان سے تیرا کیا مطلب؟“

صبح کے وقت خدا کی ہدایت اس کی مددگار ہوئی اور اس نے کلمہ توحید پڑھ لیا اور آہستہ آہستہ اس کا مرتبہ یہاں تک پہنچ گیا کہ وہ بڑے باطنی مقامات والا ہو گیا اور اس طرف کے لوگ اس کی نزدیکی اور صحبت کے طالب ہونے لگے۔

اجازت شرط ہے

وظائف کی اجازت حضرات مشائخ سے حاصل کرنا موجب برکت وسریع التاثیر ہوتی ہے۔ بغیر اجازت اثر زیادہ نہیں ہوتا۔ اس لئے اجازت ضروری ہے۔ نا اہل کو اس کی اجازت نہیں دینی چاہئے۔ صاحبِ حرز کا ارشاد ہے کہ ”اجازت دینے سے قبل حزب البحر کا زبانی یاد کرنا ضروری ہے۔ اگر زبانی یاد نہ کر سکے تو دیکھ کر صحیح پڑھ لے۔ تلفظ درست ہوں“۔ جو شخص تمام شرائط کے ساتھ اس دعا کو پڑھے گا، اس کی ہر مراد پوری ہو گی بحکم اللہ۔ اجازت دیتے وقت کچھ شیرینی پر فاتحہ پڑھ کر چند صلحاء وغرباء کو کھلانا اس طریقہ میں معمول ہے اور اس کا ثواب حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ کی روح پاک کو بخشے۔

طریقہ زکوٰۃ حزب البحر

زکوٰۃ صغیر

پہلا طریقہ: ماہ صفر کی ۶، ۷، ۸ تاریخ کو روزے رکھے اور بطریق سنت تینوں روز معتکف رہے۔ اور تین بار اس طرح پڑھے کہ بعد نمازِ مغرب ایک بار، بعد نمازِ عشاء ایک بار اور بعد نمازِ چاشت ایک بار۔ روزمرہ تین دن تک اسی طرح مذکورہ تاریخوں میں پڑھے۔ اس سے فارغ ہونے کے بعد (یعنی

۸ صفر کے بعد جو رات ہو اس کی مغرب کے بعد) چند مساکین کو اپنے ہمراہ کھانا کھلائے۔ پھر روزمرہ ایک بار پڑھا کرے۔ اس کیلئے مغرب کے بعد کا وقت بہتر ہے۔ آئندہ اختیار ہے جو وقت چاہے مقرر کر لے لیکن روزمرہ ایک ہی وقت پر پڑھے۔ ہاں کسی روز خاص وقت کوئی عذر ہو جائے تو کسی دوسرے وقت پڑھ لے۔ زکوٰۃ کے طور پر اس دعا کا پڑھنا ۸ صفر کی چاشت کے بعد ختم ہو جائے گا اور ۵ صفر کے بعد جو شب آئے گی، جب سے شرعاً ۶ صفر شروع ہوگی اور اس شب کی مغرب کے بعد زکوٰۃ کی نیت سے حزب البحر پڑھنا شروع ہوگا۔ اس طریق میں نہ ترک حیوانات ہے نہ کسی اور طرح کا خطرہ ہے۔ سنت کے موافق سہل اور عمدہ طریقہ ہے۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ "بڑا مطلوب رضائے الٰہی ہے۔ **اسی کو طلب کرے اور جہاں جہاں مقہوری اعداء کا تصور ہے وہاں شیطان کا خیال کرے**"۔ اور یہ بھی فرماتے تھے کہ "**اس دعا کے پڑھنے سے روزی سے اطمینان میسر ہوتا ہے (گو اس نیت سے نہ پڑھے) اور جمعیت حاصل ہوتی ہے**"۔ ایام زکوٰۃ میں مطلوب فقط رضائے الٰہی رکھے۔ اس کے بعد جو روزمرہ پڑھے، اس میں جو خاص مطلب ہو مثلاً وسعت رزق وغیرہ کا خیال رکھے۔ دعا میں متعدد مطالب بھی مستحسن ہیں۔ اس لئے رضائے الٰہی کو ہر مطلب میں شامل رکھے اور اس طریق میں اعتصام اور اختتام بھی نہیں پڑھا جاتا ہے اور وہ مؤلفہ حزب البحر سے منقول نہیں ہے۔ کسی اور نے شامل کر دیا ہے۔ واضح ہو کہ جس دنیا کے حاصل کرنے کی مذمت وارد ہوئی ہے، اس قدر حصول دنیا اور کسی خلاف شرع کام کے لئے اس دعا کو نہ پڑھے۔ اس لئے کہ خلاف شرع کاموں کا طلب کرنا گناہ ہے۔ حزب البحر میں اعوذ باللہ نہ پڑھے بلکہ بسم اللہ پڑھ کر شروع کرے۔

نوٹ درج بالا طریقہ کے مطابق اگر زکوٰۃ ادا کی جائے تو ہر سال زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہوگا۔

دوسرا طریقہ: نصاب کا ایک آسان طریقہ یہ بھی ہے کہ سال بھر تک بلا ناغہ روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے اور سوائے گائے کے گوشت کے، کسی حلال چیز سے پرہیز نہ کرے۔ نصاب کے بعد روزانہ بعد از نمازِ عصر ایک بار پڑھ لیا کرے۔ بہتر ہے کہ بعد از نمازِ مغرب روزانہ پڑھے۔

زکوٰۃ کبیر

پہلا طریقہ: ماہ صفر کی ۶، ۷، ۸ تاریخ کو روزہ دار ہو کر بطریق سنت مسجد میں معتکف رہے۔ عورتیں گھروں میں برائے زکوٰۃ اعتکاف کر سکتی ہیں۔ ساڑھے پانچ گز کپڑا سبز رنگ کا بغیر سلائی کے احرام کی طرح (یعنی ساڑھی کی طرح) باندھ کر پڑھے۔ بعد از نمازِ مغرب زکوٰۃ کی نیت سے حزب البحر پڑھنا شروع کرے۔ پہلے اور دوسرے روز ایک سو بیس (۱۲۰) بار پڑھے۔ تیسرے روز پانچ مرتبہ زیادہ یعنی ایک سو پچیس (۱۲۵) بار پڑھے تا کہ تین سو پینسٹھ (۳۶۵) کی تعداد پوری ہو جائے۔ اس سے فارغ ہونے کے بعد (یعنی ۸ صفر کے بعد) جو رات ہو، اس کی مغرب کے بعد چند مساکین کو اپنے ہمراہ کھانا کھلائے۔ پھر روزمرہ ایک بار پڑھے اور ۵ صفر کے بعد جو شب آئے گی جب سے شرعاً ۶ صفر شروع ہوگی اور اسی شب مغرب کے بعد زکوٰۃ کی نیت سے حزب البحر پڑھنا شروع ہوگا۔ حزب البحر پڑھنے کے دوران صرف نماز پڑھنے کا وقفہ ہوگا۔ بلا ضرورت شرعی فضول یا دنیوی کلام کی اجازت نہ ہوگی۔ البتہ زوال کے وقت ملاقات اور دنیوی باتیں کر سکتا ہے۔ پڑھتے پڑھتے جب عامل تھک جائے تو آرام کر سکتا ہے۔

مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے

۱......دوران اعتکاف ترکِ حیوانات جمالی وجلالی کریں۔ ہر قسم کے گوشت، انڈے، مچھلی، دودھ، دہی، لسی، مکھن، گھی، لہسن، پیاز، کچی ہینگ کا پرہیز کریں۔ روغنوں میں تل کا تیل یا روغنِ بادام کی اجازت ہے۔

۲......دریا یا تالاب کا پانی استعمال کریں۔ کنویں کے پانی سے پرہیز کریں۔

۳......تنہائی میں روزہ رکھ کر اعتکاف میں بیٹھیں۔ حصار ضرور کریں۔ قبلہ رو بیٹھ کر نصاب کی غرض سے باوضو پڑھیں۔

۴......روزانہ غسل کیا جائے۔

۵......تین سو پینسٹھ (۳۶۵) کی تعداد پوری کرنا ضروری ہے۔

۶.....حسبِ شرائط تمام کرنے کے بعد، قبولیت عمل کے لئے ایک گائے یا ایک خصی بکرا یا دنبہ، راہِ حق میں قربانی کر کے چند صلحاء وغرباء کو اپنے ساتھ کھانا کھلائے۔ اگر تونگر ہو تو روزانہ ایک مرغ بھی صدقہ کرے اور کچھ نقدی حسب توفیق دے۔

۷.....اگر اتفاقاً ممنوعہ چیز کھالی گئی تو فوراً ایک تولہ قند سیاہ کھا کر غسل کریں۔

نوٹ اگر مندرجہ بالا ہدایات پر عمل نہ ہوا تو اثر نہ ہوگا بلکہ تاثیر عمل میں نقصان ہوگا۔

دوسرا طریقہ: بارہ (۱۲) یوم.........تیس (۳۰) مرتبہ روزانہ۔

تیسرا طریقہ: چھ (۶) یوم...........ساٹھ (۶۰) مرتبہ روزانہ۔

نوٹ دونوں طریقوں میں زکوٰۃ کے آخر روز پانچ مرتبہ کی تعداد بڑھالیں تاکہ تین سو پینسٹھ (۳۶۵) کی تعداد پوری ہوجائے۔ باقی ہدایات وہی ہیں جو پہلے طریقے کی ہیں۔

عملیاتِ حزب البحر

ذیل میں چند اعمالِ حزب البحر کا ذکر کیا جارہا ہے تاکہ زکوٰۃ نکالنے والے مستفید ہوسکیں۔

برائے قضائے حاجات

اگر کوئی شخص کسی کام میں عاجز ہوگیا ہو اور کوئی صورت سرانجام کی نظر نہ آتی ہو تو اس کو چاہئے کہ ایک مقام خالی اور صاف و پاکیزہ میں دو رکعت نماز قضائے حاجات ادا کرے۔ بعد سلام اس دعا کو پانچ (۵) یا سات (۷) مرتبہ ایک مجلس میں پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان ہوگی۔

برائے امداد غیبی

اُنْصُرْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ۔ پچیس (۲۵) بار ہر نماز کے بعد پڑھنے سے اللہ کی مدد شامل ہوجاتی ہے۔

برائے حب

روزانہ سات (۷) مرتبہ پڑھ کر عرق گلاب پر دم کرے اور جب مقام وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِيْ عِلْمِكَ پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ پڑھے۔ اس کے بعد کہے "یا الٰہی محبت اور دوستی فلاں بن فلاں کی بیچ دل میں فلاں بن فلاں کے اور اس کے تمام اعضاء اور استخوان میں ظاہر کر، کہ ایک لحظہ بغیر اس کے اُس کو قرار نہ پڑے۔ آمین آمین آمین"۔ اس عمل کو کرنے کے بعد داہنے ہاتھ کو تین مرتبہ زمین پر مارے۔ اسی طرح تین روز تک کرے اور عرق گلاب پر دم کرتے رہیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد، عرق کو اپنے منہ پر مل کر مطلوب کے سامنے جائے۔ پس مطلوب فوراً طالب ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

واسطے غنی ہونے کے

تین روز تک روزانہ تیس (۳۰) مرتبہ پڑھے اور آخری مرتبہ جب مقام اُنْشُرْهَا عَلَيْنَا مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے يَا غَنِيُّ اَغْنِنِيْ يَا رَزَّاقُ اُرْزُقْنِيْ رِزْقًا طَيِّبًا وَّاسِعًا بِغَيْرِ حِسَابٍ اور روزانہ سات فقیروں کو روٹی کھلائیں۔ پس چند روز میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے اور رزق ایسی جگہ سے حاصل ہوگا، جہاں سے گمان نہ ہوگا۔

برائے ادائے قرض

تین روز تک روزانہ پندرہ (۱۵) مرتبہ پڑھے اور جب مقام وَارْزُقْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ کہے اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِيَتِكَ۔ پس چند روز میں قدرت کی طرف سے کسی نہ کسی سبب سے قرض ادا ہوجائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

لڑکیوں کا نصیبہ کھلنے کے لئے

جب کسی لڑکی کا نصیبہ کھولنا منظور ہو تو تین روز تک اس کو کنوئیں کے پانی پر پڑھے، جس کا پانی رات کو بھی بھرا جاتا ہو۔ ہر روز تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور جب مقام وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے "قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ

تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ'' اور دم شدہ پانی سے لڑکی کے ہاتھ پیر دھلا کر اس پانی کو ایسے مقام پر ڈال دیں، جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے یا کسی بہتے ہوئے پانی میں ڈال دے۔ پس جلد لڑکی کا بخت کھل جائے گا۔

برائے زبان بندی دشمن

اگر کسی شخص کو دشمن کی زبان بند کرنے کی یا دشمن کو ساکت یا مغلوب کرنے کی ضرورت ہو تو بارہ (۱۲) روز تک تیس (۳۰) مرتبہ حزب البحر (مکمل) کو پڑھے اور مطلب کا خیال دل میں رکھے۔ اور جب اس مقام پر پہنچے وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَآئِنَا تو ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے ''يَاقَاهِرُ ذَالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَاقَاهِرُ'' اور کہے ''الٰہی شر و مکر فلاں بن فلاں سے بچا اور اس کو اپنے قہر میں مبتلا کر اور اس کی عقل، آنکھ، کان، زبان کو میری طرف سے بند کردے'' اور پھر حزب البحر (مکمل) کو پوری کرے۔ اسی طرح تیس (۳۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کے تمام حواس و عقل و فکر زبان وغیرہ بند ہو جائیں گے اور عامل کے حق میں کوئی برے الفاظ نہ کہہ سکے گا۔ مجرب ہے۔

برائے ہر مقصد و حاجت

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ایک سو (۱۰۰) بار صبح و شام پڑھیں۔ ہر کام خوش اسلوبی سے پورا ہوگا۔

شفائے مریض کے لئے

بیمار کی شفا کے لئے ہر روز پچیس (۲۵) بار پڑھے۔ ہر بار جب اس دعا پر پہنچے بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ تو اس آیت کو ستر (۷۰) بار پڑھے: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ اور کہے یا شافی اشف فلاں ابن فلانہ من جمیع الاسقام والالام۔ اگر کوئی مریض کسی علاج سے اچھا نہ ہو سکے تو یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ العزیز تھوڑے ہی دنوں میں صحت کلی نصیب ہوگی۔

برکت رزق و خیر و عافیت کے لئے

نئے چاند کو دیکھتے ہی فوراً دعاء حزب البحر ایک بار اور سورۃ الملک ایک بار پڑھنے سے پورا مہینہ خیر و عافیت سے گذرے گا اور رزق میں برکت رہے گی۔

دعائے حزب البحر کے بہت سے عملیات ہیں۔ استاذِ مکرم حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحب رحمہ اللہ نے یہ خواص تحریر فرمائے تھے، جو رسالے میں دئے گئے ہیں۔ حزب البحر کے عملیات پر ایک بڑی کتاب زیر طبع ہے۔ اس میں ایسے ایسے اعمال دئے گئے ہیں، جو الہامی طور پر بھی عطا ہوئے اور کئی بزرگانِ دین اور عاملین کاملین کے اعمال بھی تفصیل کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں۔ دعا فرمائیں کہ کتاب کی جلد تکمیل ہو جائے۔ خ

تربیت العاملین

خالد مقبول حفظہ اللہ

وظائف کی زیادہ سے زیادہ مدت کیا ہو؟

سوال کئی مریضوں کو مختلف مقاصد کے لیے پڑھنے کے لیے وظائف دیے جاتے ہیں۔ ایک سوال بہت عرصے سے ذہن میں ہے کہ ان کو کیا مدت بتایا کریں؟ کیونکہ بہت سے وظائف میں کوئی مدت نہیں لکھی ہوتی۔ اس سلسلے میں کوئی خاص اصول ہے یا اپنی مرضی ہے۔ عموماً چالیس دن ہی کہا جاتا ہے۔ آپ کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟ (خ، لاہور)

جواب آپ نے ایک اچھا سوال کیا۔ عموماً وظائف گیارہ، اکیس، چالیس یوم کے لحاظ سے دیے جاتے ہیں۔ اگر چالیس سے آگے بڑھنا ہو تو مزید چالیس یوم کروائیں۔ آخری حد ایک سو بیس یوم یعنی تین چلے ہیں۔ اگر کسی وظیفے سے تین چلوں میں بھی کام نہ ہو تو دو ہی نتیجہ اخذ کیے جا سکتے ہیں۔ ایک کہ کام ہونا ہی نہیں۔ یہ یقینی تو نہیں ہوتا۔ دوسرا یقینی ہوتا ہے کہ اس وظیفے سے کام نہیں ہونا۔ وظیفہ کو تبدیل کر دیا جائے۔

کچھ لوگ مسلسل وظیفہ پڑھتے رہتے ہیں۔ جب کہ فائدہ بھی نہیں ہو رہا ہوتا۔ اور کئی سالوں سے پڑھ رہے ہوتے ہیں۔ وہ اپنے آپ پر ظلم کر رہے ہوتے ہیں۔ وہ رجعت میں گرفتار ہو جاتے ہیں اور طرح طرح کی بندشیں اپنے اوپر لگوا لیتے ہیں۔

........................*............*

لوح میں مقصد لکھنے میں غلطی

سوال استاذ محترم، میں نے ایک سائل کے لیے ایک لوح بیرونِ ملک بنائی اور غلطی سے مقصد میں دوسرے ملک کا نام لکھ دیا۔ سائل نے اب صحیح ملک کا نام بتایا ہے۔ اب کیا کیا جائے؟ (س، لاہور)

جواب دوسری لوح بنا کر دیں۔ جب ایک بار لوح بنا دی اور اس کو بخور دے کر بند کر دیا تو جب بھی لوح کو کھولا جائے گا، اس کے اثرات بھی ساتھ ہی زائل ہو جائیں گے۔ اگر غلطی آپ کی طرف سے ہوئی ہے تو بغیر ھدیہ لیے، دوبارہ لوح بنا کر سائل کو دیں۔

........................*............*

گلے میں ڈالنے والے اعدادی نقوش کا اصول

سوال جو اعدادی نقوش چار چالوں سے تیار کئے جاتے ہیں، ان کے استعمال کی تو سمجھ آ گئی ہے۔ ایک بات سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ گلے میں کون سی چال کا نقش ڈالنا چاہئے؟ گلے میں ڈالنے والا کام نہ تو آتشی ہے، نہ آبی، نہ خاکی اور نہ بادی۔ (و، پشاور)

جواب یہ بات آپ نے صحیح سمجھی کہ گلے میں ڈالنے والے عمل کا تعلق آتشی، بادی، آبی اور خاکی سے نہیں ہوتا۔ گلے میں ڈالنا نہ ہی جلانا ہے، پلانا ہے، ہوا میں لٹکانا ہے اور نہ ہی مٹی میں دبانا ہے۔ گلے میں تعویذ ڈالنے کا اصول اعدادی نقوش (جو چار معروف چالوں میں سے تیار کیے گئے ہوں) کا یہ ہے کہ مریض کے نام کا پہلا حرف دیکھیں۔ وہ جس مزاج کا ہو، اسی مزاج کا عددی نقش یعنی اسی چال کا عددی نقش مریض کے گلے میں ڈالیں۔ یاد رہے کہ نام صرف اصل لینا ہے۔ ذات، لقب، پیشہ وغیرہ نہیں دیکھنا۔ آپ کی آسانی کے لیے پہلے حرف سے کیسے مزاج کا پتہ چلتا ہے؟ وہ لکھ رہا ہوں

آتشی	ا۔ھ۔ط۔م۔ف۔ش۔ذ۔
بادی	ب۔و۔ی۔ن۔ص۔ت۔ض۔
آبی	ج۔ز۔ک۔س۔ق۔ث۔ظ۔
خاکی	د۔ح۔ل۔ع۔ر۔خ۔غ۔

آپ کو اکثر بلکہ تقریباً سب کتابوں میں گلے میں ڈالنے والے نقوش یا تعویذات آتشی چال کے ہی ملیں گے۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ آتشی چال بہت عاملین کو یاد ہوتی ہے، باقی نہیں۔ دوسری وجہ مصنف کو چالوں کا علم ہی نہیں ہوتا۔ نقل در نقل وہ لکھ لیتا ہے۔ بلکہ پلانے والے نقوش تک آتشی چال کے لکھے ہوتے ہیں۔ فنِ عملیات اور علم نقوش کے حوالے سے یہ بہت بڑی غلطی ہے مگر کیا کریں، لکھنے والے لکھ رہے ہیں اور چھاپنے والے چھاپ رہے ہیں۔

مختلف طریقوں سے روحانی تشخیص کرنا سیکھیں

آج کے دور میں ایک طرف تو جنات، شیاطین اور جادو کے اثرات بہت تیزی سے پھیل رہے ہیں تو دوسری طرف غلط قسم کے عاملین اور روحانی معالجین بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔ مریضوں اور سائلوں کو غلط تشخیص بلکہ جھوٹی تشخیص کر کے ڈراتے ہیں اور ان سے پیسے بٹورتے ہیں۔ اور بھی بے شمار غلط کام کرواتے ہیں۔

صحیح علاج کے لئے صحیح تشخیص ہونا نہایت ضروری ہے۔ غلط تشخیص سے معالج آغاز سے ہی غلط طرف چل پڑتا ہے۔ اسی طرح ہر گھر میں ایک فرد ایسا ضرور ہونا چاہئے جس کو روحانی تشخیص کرنا کسی نہ کسی درجے میں آتی ہو تاکہ بوقتِ ضرورت وہ تشخیص کر کے فیصلہ کر سکے کہ مریض کو روحانی معالج کی ضرورت ہے یا جسمانی معالج کی۔ اور فراڈ اور غلط قسم کے عاملوں سے خود، اپنے گھر والوں اور دوسروں کو بھی بچا سکے۔

اسی ضرورت کے تحت دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے علم التشخیص کا ابتدائی کورس مرتب کیا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد ایک عام آدمی بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ مختلف طریقوں سے مریض کی روحانی تشخیص کر کے با آسانی بتا سکتا ہے کہ مسئلہ جسمانی ہے یا روحانی۔

یہ کورس ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔ بہت سے عاملین تشخیص کے فن سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ان کے لئے کورس بہت مفید ہے۔ اس میں کئی طرح کے اعمال کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ کورس کی فیس **3000** روپے ہے۔ مدت دو سے تین ماہ ہے۔ جو افراد پہلے سے عملیات سے منسلک ہیں یا چلہ کشی نہیں کر سکتے، وقت نہیں ہے، وہ خاص اجازت لے کر سیکھ سکتے ہیں۔ ان کے لئے فیس **6000** روپے ہے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور
فون دفتر: 042-35410586 موبائل دفتر: 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

علم الدفاع کورس

یہ کورس اُن عاملین کے لئے ہے، جو جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ اور ساتھ ہی عوام کے لئے بھی انتہائی مفید ہے جو جادو زدہ ہیں یا پھر جنات نے ان کا جینا دشوار کیا ہوا ہے۔

اس کورس کے دو درجے ہیں۔ ایک "ابتدائی" جو عاملین کے ساتھ عوام کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ دوسرا درجہ "ماہر" کا ہے، جو صرف عاملین کے لئے خاص ہے۔

سخت جادو اور جنات کے علاج کے لئے مضبوط دفاع کا ہونا لازم ہے۔ ورنہ علاج کرنے والے کو خود بھی بہت نقصان ہوتا ہے اور اس کے گھر والوں اور زیر استعمال اشیاء کو بھی زبردست نقصان ہوتا ہے۔

علم الدفاع کورس کرنے والے کے اردگرد مضبوط حصارات قائم ہو جاتے ہیں۔ جب بھی کسی ایسی جگہ جانا ہو جہاں یہ جادو یا جنات وشیاطین کا بسیرا ہو تو وہ ایسے فرد سے دور بھاگتے ہیں اور مقابلہ کرنے سے کتراتے ہیں۔ اگر ماہر کورس کیا ہوگا تو عامل کے آس پاس مضبوط جنات کا پہرا لگ جاتا ہے۔ اور بڑے بڑے علاج میں بھی با آسانی کامیابی ملتی ہے۔ مخالف لڑے بغیر ہی میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

جو لوگ عاملین پر ہزاروں روپے برباد کر چکے ہیں، ان کو چاہئے کہ گھر میں سے کوئی ایک فرد علم الدفاع کا کورس کرے اور اپنے گھر کا دفاع کرے۔ جب تک جنات اور جادو کی روک نہ کی جائے، علاج سے مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔ مضبوط حصار کی وجہ سے فوری روک لگائی جا سکتی ہے۔ پھر عام علاج بھی فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

ابتدائی کورس: 5000 | **ماہر کورس: 10000**

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور
فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

نام نہاد باباجی نے کیا گھر برباد

ایم عرفان علی

ایک نام نہاد پیر صاحب کسی گھر کے دروازے پر پہنچے اور دستک دی۔ دروازے پر دستک سن کر خاتون خانہ نے دروازہ نیم وا کیا۔ باباجی نے خاتون خانہ کی ایک جھلک دیکھتے ہی خاصی بھاری اور گھمبیر آواز میں کہا ''**بی بی! تمہارے شوہر کو تعویذ گھول کر پلائے گئے ہیں تاکہ وہ تمہیں طلاق دے دے**''۔ دروازے پر موجود صاحب خانہ خاتون سر سے پاؤں تک کانپ گئی۔ وہ اس آفتِ ناگہانی کے لیے ذہنی طور پر تیار نہیں تھی۔

''**میرا تو کوئی دشمن نہیں باباجی**''۔ خاتونِ خانہ نے لرزتی ہوئی آواز میں کہا۔ باباجی کھڑے کھڑے مراقبے میں چلے گئے جبکہ ان کے ہونٹ برابر ہل رہے تھے، جیسے کچھ پڑھ رہے ہیں۔ پھر اپنی موٹی موٹی اور سرخ آنکھیں خاتونِ خانہ پر جماتے ہوئے بولے ''**تمہارا کوئی دشمن نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں ہے۔ تمہاری ساس تمہاری دشمن ہے، جو اپنے بیٹے کا گھر آباد نہیں دیکھنا چاہتی۔ وہ اپنے بیٹے کی دوسری شادی کرنا چاہتی ہے، جس کے لئے اس نے دوسری لڑکی دیکھ لی ہے**''۔ اتنا کہہ کر باباجی خاموش ہوگئے۔

خاتونِ خانہ کے ہوش اڑ گئے۔ وہ بے چین اور بے قرار ہوتے ہوئے بولی ''**باباجی! آپ ہی کچھ کریں، میرا گھر برباد ہونے سے بچائیں**''۔

''**کریں گے، کریں گے، کچھ نہ کچھ ضرور کریں گے ہم پھر آئیں گے**''۔ یہ کہتے ہوئے باباجی جانے لگے لیکن پھر واپس پلٹے۔ ''**کچھ نذر نیاز کر، ہم بہت دور سے آئے ہیں**''۔

خاتونِ خانہ الٹے قدموں گھر میں لوٹ گئیں اور جو کچھ ان سے بن پڑا، وہ باباجی کے حوالے کیا۔ ''**ہم پھر آئیں گے تو نہ گھبرا**''۔ یہ کہتے ہوئے باباجی چلے گئے۔ باباجی کے جانے کے بعد خاتونِ خانہ نے دروازہ بند کیا اور ساس کو کوسنے لگی۔ ساتھ ہی دھاڑیں مار کر رونا شروع کر دیا۔ ساس نے جب اپنی بہو کا یہ رویہ دیکھا تو وہ بھی آستین چڑھا کر سامنے آ گئی اور پھر ساس بہو میں وہ لڑائی ہوئی کہ محلے میں مجمع لگ گیا، چلتے ہوئے لوگ رک گئے، خواتین اپنے تمام کام چھوڑ کر لڑائی کا منظر دیکھنے کے لئے اپنے دروازوں اور کھڑکیوں میں آ کھڑی ہوئیں۔

شام کو ''صاحب'' گھر آئے تو مقدمہ ان کے سامنے پیش ہوا۔ ماں نے بیٹے سے فریاد کی کہ ''**تمہاری بیوی نے مجھے بلاوجہ گالیاں اور کوسنے دیے ہیں**''۔ بیوی نے خاوند سے شکایت کی کہ ''**تمہاری ماں میرا گھر برباد کرنے کے لئے جادو ٹونہ اور تعویذ کرا رہی ہے**''۔ بیٹے نے ماں کی طرف داری کی تو بیوی نے اپنا سامان اٹھایا، سوٹ کیس میں تالا ڈالا اور میکے چلی گئی۔ اس کے گھر والوں پر جب انکشاف ہوا کہ بیٹی کی ساس نے بیٹے کو رام کرنے کے لیے تعویذ گھول کر پلائے ہیں تو انہوں نے اپنی بیٹی سے صاف صاف کہہ دیا کہ ''**سسرال جانے کی کوئی ضرورت نہیں، تمہارا میاں ماں کو رکھے یا بیوی کو۔ اگر گھر آباد کرنا چاہتا ہے تو الگ مکان لے کر رہے**''۔ یوں یہ ہنستا بستا گھر آنِ واحد میں برباد ہو گیا۔

زندگی کے ہر قدم پر کامیابیوں سے ہمکنار ہونے، ناکامیوں اور شرور سے حفاظت اور جملہ مقاصد میں بامراد ہونے کے لیے درج ذیل الواح اپنا ثانی نہیں رکھتیں آج ہی رابطہ فرمائیں اور ان الواح کے حیرت انگیز کرشمات ملاحظہ فرمائیں۔

(1) لوح شرف مریخ

لوح شرف مریخ حصول قوت وشجاعت، دل کو قوی کرنا، غلبہ بر اعداء، دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے اور موذی جانوروں و آسیب سے تحفظ کیلئے موثر ترین ہے۔ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی۔ اس کا مقابلہ کرنے والا ہمیشہ ذلیل وخوار ہوگا اور کبھی غلبہ نہ پا سکے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ہدیہ: 3500 روپے

(2) لوح شرف مشتری

حصول مال و دولت اور اسباب مال کیلئے..... خواتین وحضرات کے لیے یکساں مفید

انتہائی سعد اور پُرتاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے۔ یہ مالی امور میں خوش بختی کو اس طرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو۔

اسے دیکھئے، اسے پہنئے اور تمنا دل میں قائم کر کے دعا کیجئے۔ ان شاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لیے قدرت ایسے اسباب بھی پیدا فرمائے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی۔

ہدیہ: 3500 روپے دھات پر، 1600 روپے کاغذ پر

(3) لوح زحل

استحکام وجمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات نامور، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لیے ہر قسم کی رکاوٹ کو دور کرنے میں موثر۔

ہدیہ: 3500 روپے

(4) لوح شرف شمس

عروج وترقی، تسخیر خلائق، حصول شان وشوکت اور علو مرتبت کیلئے روحانی تحفہ

شرف شمس کی لوح جس فرد کے پاس ہو۔ اللہ تعالیٰ اسے عزت وتوقیر عطا فرمائے۔ حامل لوح کی عزت وشہرت عروج وترقی کمال بلندیوں تک پہنچ جاتی ہے۔ سب دشواریاں اور مشکلیں حل ہو جاتی ہے۔ گورنمنٹ اور پرائیویٹ ملازم، تاجر حضرات، ڈاکٹر، لیڈر، وکلاء سب اس لوح مبارک سے یکساں فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

ہدیہ: 3500 روپے

(5) لوح بیرون ملک

جن لوگوں کو بیرون ملک جانے کا شوق ہے اور ویزہ نہیں مل رہا، وہ چاہتے ہیں کہ وہاں ملازمت بھی مل جائے تو یہ لوح ان کے لیے خوشی کا پیغام ہے۔

ہدیہ: 1100 روپے

(6) لوح خاص برائے حصول علم، ترقی علم اور کامیابیٔ امتحان

علمی میدان میں قدم قدم پر کامیابی سے ہمکنار ہونے کیلئے۔

ہدیہ: 1200 روپے

(7) حصول علم وترقی علم کیلئے خاص نقش

اس نقش کے پہننے سے حصول علم اور ترقی علم میں جتنی بھی رکاوٹیں ہیں، وہ بحکمِ خداوندی دور ہو جاتی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی اگر زعفرانی سیاہی سے روغنی کاغذ پر 41 نقوش تیار کر کے یا تیار کروا کے پی لیے جائیں تو ذہن، حافظہ، یادداشت مثالی اور لاجواب بن جاتے ہیں۔ مزید اگر یہ نقوش تیار کروا کر سر پر 7 بار اچھی طرح پھیر کر مسلسل کئی دن پھیرنے کے بعد جلاتے رہنے سے نظرِ بد کے وہ تمام نحس اثرات، جو حصولِ علم اور ترقی علم میں رکاوٹ ہوں، وہ ختم ہو جاتے ہیں!

ہدیہ نقش: 600 روپے، ہدیہ کورس: 1600 روپے

روحانی دکان: 042-35410586, 0334-4312272 | darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

دارالعمل چشتیہ کا سالانہ روحانی، اصلاحی، تربیتی، عملیاتی
بدعاء:
پیر طریقت رہبر شریعت
حضرت مفتی محمد حسن صاحب دامت برکاتہم العالیہ
3 روزہ
عظیم الشان
زیر سرپرستی:
نمونہ اسلاف استاد العالمین
حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ
ان شاء اللہ حسب سابق صفر المظفر ۶-۷-۸ ۱۴۳۸ھ
اجتماع
کو منعقد ہو گا۔
لاہور سٹیشن، یادگار، نیازی اڈہ، ٹھوکر نیاز بیگ سے بیدیاں تک 2 گھنٹے کا سفر ہے
اجتماع میں آنے کا راستہ
اسٹیشن اتر کر آر۔اے۔بازار کی گاڑی پر بیٹھیں
یادگار اتر کر آر۔اے۔بازار کی گاڑی پر بیٹھیں
نیازی اڈہ اتر کر اسپیشل رکشہ لے کر آر۔اے۔بازار پہنچیں
ٹھوکر نیاز بیگ اتر کر بھٹہ چوک کی گاڑی پر بیٹھیں
آر۔اے۔بازار سے بیدیاں کی گاڑی میں بیٹھ کر بیدیاں خاص جامع مسجد اللہ اکبر پہنچ جائیں
رابطہ: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب 0300-4686217

سالانہ اجتماع میں شمولیت کی شرائط

دارالعمل چشتیہ کا سالانہ اجتماع ہر سال صفر المظفر کے مہینے میں ۶ ۔ ۷ ۔ ۸ تاریخ کو منعقد ہوتا ہے۔ اس اجتماع میں دعائے حزب البحر، دعائے حزب النصر اور دیگر بہت سارے باموکل وغیر باموکل اعمال کی ریاضت اپنی نگرانی میں کروائی جاتی ہے۔ اجتماع کے 3 دنوں میں کروائے جانے والے تمام اعمال کی مکمل تفصیل اگست اور ستمبر کے شمارے میں شائع کر دی گئی ہے اور ہماری ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔ اگر پھر بھی آپ کو معلومات درکار ہوں تو بذریعہ ڈاک واپسی لفافے کے ساتھ آپ ادارے سے تفصیلی بروشر طلب فرما سکتے ہیں۔ اجتماع میں آنے والے ہر شخص کو 5 صفر (انگریزی تاریخ اور دن کا حساب لگا کر) عصر کی نماز تک اجتماع گاہ پہنچنا ضروری ہے۔

چونکہ بعد نماز مغرب اعمال شروع ہو جاتے ہیں۔ اجتماع گاہ دارالعمل سے کافی فاصلے پر ہے۔ لہٰذا دارالعمل آنے کی غلطی نہ کریں بلکہ لاہور پہنچتے ہی (اسٹیشن، یادگار، نیازی اڈا، ٹھوکر نیاز بیگ جہاں بھی آپ اتریں وہاں سے) آر۔ اے۔ بازار کی گاڑی پر یا اسپیشل رکشا لے کر آپ آر اے بازار اڈے پر اتر جائیں۔ وہاں سے ہر گھنٹے بعد بیدیاں کیلئے گاڑی نکلتی ہے۔ اس پر بیٹھ کر آخری بس سٹاپ بیدیاں خاص پہنچ کر جامع مسجد اللہ اکبر میں تشریف لائیں۔ اجتماع میں شرکت کے خواہشمند ماہنامہ خزینہ روحانیات اگست، ستمبر، اکتوبر کے آخری صفحے پر دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجیں۔ دور دراز کے لوگ اور مستورات اپنے گھر اور اپنے مقام پر بھی تمام شرائط کو مدنظر رکھتے ہوئے اعمال کر سکتے ہیں۔ اجتماع میں تشریف لانے والے تمام دوست واحباب بذریعہ خط، میسج یا فون کر کے اپنا نام درج کروالیں، چونکہ ایک محدود تعداد مکمل ہو جانے پر کہیں آپ آنے اور چاہنے کے باوجود بھی اس اجتماع سے محروم نہ رہ جائیں۔ اجتماع میں آنے والے تمام احباب موسم کے مطابق بستر، کپڑے، مسواک، خوشبو، تسبیح وغیرہ ہمراہ لائیں۔ باموکل اعمال کی ریاضت کیلئے تشریف لانے والے احباب اجتماع میں آنے سے 3 دن پہلے ہی ترک حیوانات کا پرہیز شروع کر دیں۔ ہماری روحانی درسگاہ سے اجازت یافتہ اپنی تمام اجازت والی کاپیاں ساتھ لائیں چونکہ ان تمام اعمال کی خصوصی کلاسیں ہوگی۔ اسی طرح اگر کسی طالب علم کو کوئی بات پوچھنی ہے یا روحانی علاج میں کوئی رکاوٹ ہے یا مزید کچھ سمجھنا چاہتا ہے تو وہ اپنے سوالات باقاعدہ کاغذ پر تحریر کر کے لائے تا کہ آپ کی مکمل رہنمائی کی جاسکے۔

اجتماع میں تشریف لانے والے تمام نئے اور پرانے شرکاء کو فائدے اور بھرپور روحانی استفادے کیلئے بنائے گئے تمام اصول وضوابط کی پابندی کرنا ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں اجتماع کی انتظامیہ کو مکمل اختیار ہوگا کہ وہ آپ کو اجتماع سے واپس بھیج دیں۔

اجتماع کے ان 3 دنوں میں روزہ رکھنا ضروری ہوتا ہے نیز سحری، افطاری کا کھانا ترک حیوانات کے پرہیز کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ 3 دن کے کھانے اور آخری دن بکروں کے صدقے کے تمام اخراجات بذمہ شرکاء اجتماع ہوں گے۔ لہٰذا اجتماع میں پہنچتے ہی انتظامیہ کے پاس اخراجات کی رقم جمع کروانا ضروری ہے۔ ملکی حالات اور سکیورٹی کے پیش نظر تمام شرکاء اجتماع اپنا اصلی شناختی کارڈ ہمراہ لانا ہرگز ہرگز نہ بھولیں، بصورت دیگر ہم معذرت چاہیں گے۔ اجتماع کے آخری دن روحانی درسگاہ کے ایسے تمام طلباء کرام، ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران، علمائے کرام، عوام الناس جو کسی بھی وجہ سے اجتماع میں شرکت نہیں کر سکے، الوداعی اور اختتامی تقریب اور دعا میں شرکت کر سکتے ہیں۔ اجتماع میں تشریف لانے والے نئے دوست واحباب کیلئے ہماری روحانی درسگاہ سے سکھائے جانے والے تمام فری اور فیس والے اعمال کی اجازت، ماہنامہ خزینہ روحانیات کی ممبر شپ اور روحانی دکان کی تمام اشیاء اجتماع گاہ سے ہی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کیلئے دارالعمل آنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اجتماع میں ریاضتی اعمال کرنے والوں کی دستار بندی بعد نماز مغرب ہوگی۔ اجتماع کی تمام تر تفصیلات جاننے کیلئے ان فون نمبرز پر رابطہ فرمائیں۔

مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب 0346-4661681 مولانا علی آفاق صاحب 0324/0344-8439477 قاری ممتاز صاحب 0303-4378576

قیصر عباس صاحب کی بیسٹ سیلنگ بکس

1 سر اُٹھا کر جیو! (تیسرا ایڈیشن)

عام قیمت: 550 روپے

خود اعتمادی، کامیابی اور خوشحالی کا راز

کیوں کچھ لوگ پریشانیوں، حالات کی ستم ظریفیوں اور مصیبتوں کی طغیانیوں میں ڈوب جاتے ہیں لیکن انہی لہروں کے طلاطم کے سامنے کچھ نے اپنی ناؤ پار لگا کر دکھادی ہوتی ہے؟ فرق کہاں پر ہے؟

بہت سے لوگ اس فرق کو "باہر" دیکھتے ہیں۔ میری بات مان لیجئے جناب! آپ کی زندگی میں فرق تب آئے گا جب آپ اس فرق کو باہر کی بجائے "اندر" تلاش کرنا شروع کریں گے۔

2 شاباش! تم کر سکتے ہو (گیارہواں ایڈیشن)

عام قیمت: 550 روپے

ان کیلئے جو کچھ کر دکھانا چاہتے ہیں

جب نظریں کامیابی کو ترس جاتی ہیں۔ جب منزل دو قدم کے فاصلے سے روٹھ جاتی ہے، جب امید لگ کے ٹوٹ جاتی ہے، جب بھاری بوجھل قدموں اور ٹوٹے دل کا بوجھ سہارنے والا کوئی نہیں ہوتا، تب خوابوں کی اوٹ سے یہ کتاب آپ کو پکارتی ہے اور کہتی ہے ہمت کرو، قدم بڑھاؤ، دل چھوٹا نہ کرو، کوشش جاری رکھو، شاباش! تم کر سکتے ہو۔

3 میں، عشق اور وہ

عام قیمت: 550 روپے

لازوال کامیابی کے صوفیانہ راز

اگر آپ نے ہزاروں کے حساب سے بھی لیڈرشپ، کامیابی اور مینجمنٹ کی کتابیں پڑھی ہوں تب بھی آپ محسوس کریں گے کہ ان بابوں کی سوچ "اوریجنل" ہے۔ تب آپ کو خیال آئے گا کہ ہمارے بابوں نے جب یہ باتیں سوچیں، لکھیں، کہیں اور پھیلائیں تب ان مینجمنٹ گروؤں کا کہیں نام ونشان نہیں تھا۔

4 Tick Tick Dollar (Third Edition)

Best selling Author : Qaiser Abbas (Co-Author of Leadership Insights)

Price:Rs.1000

14 Principles to Maximize Productivity, Performance and results

اس ماہ کی نئی روحانی کتب پیش خدمت ہیں

1 بندش کا توڑ مع سفلی جناتی سحر سے نجات

عام قیمت: 350 روپے

مرتب: محمد الیاس عادل   زیر نگرانی: مولانا سید حسن الہاشمی دیوبند انڈیا

کتاب ہذا میں ہر طرح کی بندشوں مثلاً رزق، اولاد نرینہ، صحت، جدائی، شادی، کاروبار اور دیگر تمام بندشوں کا توڑ دیا گیا ہے۔

دوسرے حصہ میں تسخیر جنات، اُم الصبیان، سحر جنون، سحر حمول، سحر استحاضہ، نظر بد سے بچاؤ، کالے علم کی کاٹ کے علاوہ علاج بالقرآن بھی شامل ہے۔ ہر عمل نہایت سریع الاثر، آزمودہ، تیر بہدف اور شرطیہ کامیاب ہے۔

میاں بیوی کے مابین بندش۔ شادی کی بندش۔ اولاد کی بندش۔ خانہ آبادی کی بندش۔ دماغ کی بندش۔ مرد کی جنسی بندش کا فوری توڑ۔ میاں بیوی کی جنسی بندش کا توڑ۔ جنسی بندش کا شکار پاگل ہوگیا۔ سب سے خطرناک بندش۔ بندش جدائی کی علامات۔ کاروبار کی بندش کھولنے کا عمل۔ پریشان کن خوابوں سے نجات۔ غسل سے نظر بد کا توڑ۔ نظر بد کی کاٹ کا سریع الاثر عمل۔ سحر جنون سے مکمل نجات کا عمل۔ سب سے خطرناک بندش۔ سفلی وار کا توڑ۔ وغیرہ

2 کرشماتِ قلندری

ترتیب: عامل باصفاء خانزادہ شفیع خانؒ   عام قیمت: 300 روپے

اس کتاب میں ملازمت کے حصول، بچیوں کی جلد شادی، میاں بیوی میں محبت، مقدمہ میں کامیابی، تسخیر جنات، تسخیر ہمزاد، آسیب، جادوٹونے اور سحر سے نجات، امراض سے بچاؤ غرضیکہ ہر مشکل اور پریشانی سے چھٹکارے کے تیر بہدف اور آزمودہ عملیات وظائف و تعویذات موجود ہیں۔ علاوہ ازیں اس میں رسالہ برکات اللہ الصمد بھی شامل ہیں۔

حاجت روائی کیلئے تعویذات و وظائف۔ دشمن کے مغلوب ہونے کے وظیفے اور تعویذ۔ دشمن جلد مغلوب ہوجائے۔ دشمن کے گھر میں لڑائی ڈالنا۔ دشمن دشمنی نہ کر سکے۔ ہر بیماری سے شفاء۔ حسب منشاء شادی کے لیے۔ رزق کا دروازہ کھل جائے۔ کاروبار میں اضافہ۔ ہر حاجت پوری ہوجائے۔ آسیب سے بچاؤ کیلئے۔ ہر کام میں آسانی۔ وغیرہ

3 کلیدِ عملیات

مرتبہ: باپو ظہور احمد چشتی، القادری، شبیری   عام قیمت: 200 روپے

کتاب ہذا میں اولیاء کرام و مشائخ عظام کی مستند و معتبر کتابوں سے آزمودہ عملیات، تعویذات کے علاوہ فن عملیات کے شائقین کے لیے قواعد عملیات بھی شامل ہیں۔

طلسمات تسخیر قلوب۔ تسخیر حکام اعلیٰ میں عدیم المثال ہے۔ ہرن کی کھال پر نقش برائے محبت۔ برائے جدائی و مفارقت۔ نامردی دور کرنے کا بہترین طریقہ۔

اسمائے شمخیثیہ

پیر حکیم غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)

ان اسماء کا تذکرہ امام علی بن احمد بونی نے اپنی کتاب شمس المعارف الکبریٰ میں کیا ہے۔ تحفۃ العاملین معروف بہ طلسمات نادرہ کے مصنف سید تفضّل حسین خداداد بن میر محمد حسین نے جلد چہارم میں۔ مفاتیح الاسرار کے موئف شیخ حبیب بن موسیٰ رضا نے اپنی کتاب جامع الفوائد فارسی، کشکول فارسی، اسرار المقاصد فارسی اور مفاتیح الاسرار میں بھی ان اسماء کا تذکرہ فرمایا ہے۔ اور رئیس احمد جعفری نے اپنی قلمی کتاب ''منہاج الدعا'' میں بھی ان اسماء کا تذکرہ کیا ہے۔ ہمارے قدیم ترین دوستوں میں سے ایک دوست لیاقت اللہ قریشی بھی تھے۔ اللہ تعالیٰ انہیں غریق رحمت فرمائے اور کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ انہوں نے ہمیں کتاب ''منہاج الدعا'' تحفۃً پیش کی تھی۔ انہیں اسمائے شمخیثیہ سریانیہ کہا جاتا ہے جن کا تذکرہ ہم یہاں کر رہے ہیں۔ اہل علم اور عاملین و کاملین کے لیے یہ اسماء نایاب ترین علمی خزانہ سے کسی بھی صورت کم نہیں ہیں۔ اہل علم ان اسماء سے ہزاروں کام لے سکتے ہیں۔ اپنے اثرات میں یہ سریع التاثیر اور قوی الاثر ہیں۔ ہم نے مندرجہ ذیل جدول میں ان اسماء کے عربی معانی کے ساتھ اردو ترجمہ بھی تحریر کر دیا ہے اور ساتھ یہ اسماء کن امور میں مددگار ثابت ہوں گے، وہ بھی مختصر تحریر کر دیا ہے۔ ان سے فیوض و برکات حاصل کریں۔

سریانی اسماء	عربی ترجمہ	اردو ترجمہ	جامع فوائد
۱۔ یَاشَمْخَیثَا۔ وَیَاتَمْخِیثَا۔ وَیَاتَمْثِیثَا۔	لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ۔	نہ اُس کو اونگھ آتی ہے نہ نیند۔	خلقت اور صاحبان اقتدار کے نزدیک معتبر و معزز ہونے کے لیے مستند ہے۔
۲۔ یَامَوَا شَطِیثَا۔ شَطِیثَا۔ یَامَشِیْطَثَا۔	اَلَّذِیْ بَسَطَ الرَّحْمَةَ عَلٰی خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ۔	اس کا لطف و رحمت اپنے بندوں پر پھیلی ہوئی ہے۔	نجات، مصائب و کفایت، مہمات کے لیے مفید ہے
۳۔ یَاطَیْهُوْجَ۔ طَیْهَبَرْجَ۔	یَا غَالِبُ عَلٰی كُلِّ شَیْئٍ۔	اے ہر چیز پر غلبہ رکھنے والے۔	مقبول خلائق کے لیے یہ اسماء خوب کام کرتے ہیں۔
۴۔ یَاعَیْثَحَجُ۔ عَمْبَیْثَحَجُ۔	اَلَّذِیْ یَبْصِرُ الْعَمِیْقَ	وہ ذات جو گہرائیوں میں دیکھتی ہے۔	موت کے خوف سے نجات اور بلندی سے گرنے سے محفوظ رکھتا ہے
۵۔ یَامَلْثِیْهَطِیَا۔ یَامَلَیْثِیْهَطِیَا۔	اَلَّذِیْ اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ۔	وہ ذات جس کے ارادے اور لفظ ''کن'' کہنے سے ہر چیز وجود میں آتی ہے	حکام وقت سے فیض رسائی کے کام آتا ہے۔
۶۔ یَاشَلِیْخُوْثَا۔	اَلَّذِیْ رَفَعَ سَمٰوٰتٍ بِغَیْرِ عَمَدٍ۔	وہ ذات جس نے آسمان کو بغیر ستون کے بلند فرمایا۔	دشمنوں سے حفاظت کے لیے
۷۔ یَارَمُوْتَطِفْ۔	اَلَّذِیْ لَا شَیْ اَرْفَعَ مِنْهُ	وہ ذات جس سے بڑھ کر کوئی نہیں۔	لوگوں کی نظروں میں باوقار کرتا ہے

۸۔ یَامَوْ مَتْکِیْفَا۔	اَلَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْئٌ وَھُوَالسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔	وہ کہ اس جیسا کوئی نہیں اور وہ سنتا اور دیکھتا ہے۔	
۹۔ یَا کَدْوُ تَجْطَبْ۔	اَلَّذِیْ یُنْجِیْ الْعِبَادَعَنِ الْمَضَائِقِ۔	وہ ذات جو اپنے بندوں کو تنگی سے نجات دیتی ہے۔	جنگلی جانوروں سے حفاظت، سحر جادو سے بچاؤ کرتا ہے۔
۱۰۔ یَاطَفْعَا تَفْ۔	اَلَّذِیْ یُرَبِّیْ الْاِطْفَالَ الصَّغِیْرَفِیْ الْجُنَّۃِ۔	وہ جو ماں کے پیٹ میں ننھے بچوں کی پرورش کرتا ہے۔	فراخی رزق وکشائش روزگار کے لیے مفید ہے۔
۱۱۔ یَاتَجْطَتِیْ۔	اَلَّذِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ۔	وہ ذات جو زندگی بخشتی اور فنا کرتی ہے	دشمن پر برتری کے لیے قوی الاثر ہے
۱۲۔ یَاشَطْحَ النُّوْرُ۔	اَلَّذِیْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ مَافِی الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔	وہ کہ جس سے مشرق ومغرب میں کچھ بھی پوشیدہ نہیں۔	دشمنوں پر غلبہ کے لیے خوب کام کرتا ہے
۱۳۔ یَامَھْقَھَا یَشَحْ۔	اَلَّذِیْ عَبَّرَ مُوْسٰی فِیْ الْبَحْرِ فَنَجَاہٗ۔	وہ کہ جس نے موسیٰ کو دریا پار کرایا اور نجات دی۔	کشادگی بخت کے لیے اور حل مشکلات کے لیے
۱۴۔ یَاطَفْعُوْ عَشَجْ۔	اَلَّذِیْ یَعْفُوْ عَنِ الْعَاصِیْنَ وَیَغْفِرُ الْخَاطِئِیْنَ۔	وہ جو گنہگاروں کو معاف کردیتا ہے اور خطا کاروں کو بخش دیتا ہے۔	بری وہوائی سفر میں حادثات، بحری سفر میں غرقابی سے محفوظ رکھتا ہے۔
۱۵۔ یَااَھْیًا شَرَاھِیًا	یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ		قید سے رہائی اور پریشانیوں سے چھٹکارا دلاتا ہے۔

ان اسماء کے بارے میں مزید معلومات ہم قارئین کے لیے یہاں تحریر کررہے ہیں تاکہ آپ ان کی اہمیت سے واقف ہوسکیں۔ ہم نے ان بارہ اسمائے شمخیثیہ اور دُعائے بشمخ کے بارہ کلمات اور دیگر اسمائے باری تعالیٰ سے بارہ بروج کی طلسماتی الواح بھی تیار کی ہیں۔ جو لاکٹ کی شکل میں ہیں۔ ہرفرد اپنے منسوبی برج کا لاکٹ گلے میں پہنے تو زندگی میں کامیابیوں سے ہمکنار ہوتا ہے اور بے شمار فیوض وبرکات حاصل کرتا ہے۔ اب تک ہزاروں لوگ ان الواح (بروج کے طلسماتی لاکٹ) سے کامیابی وکامرانی حاصل کرکے خوش حال زندگی بسر کررہے ہیں۔ جن اسماء سے ہم نے بارہ بروج کی منسوبی الواح (لاکٹ) تیار کی ہیں وہ یہ ہیں۔

۱۔ یَامَلْثِیْھَطِیَا اَجِبْ یَااِسْرَافِیْلُ اَلَّذِیْ اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَشَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ۔

ترجمہ: ''وہ ذات جس کے ارادے اور لفظ ''کن'' کہنے سے ہر چیز وجود میں آتی ہے''۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم صورِ حضرت اسرافیل پر لکھا ہوا ہے۔ اور یہ اسم برج حمل سے منسوب ہے۔

۲۔ یَاطَفْعُوْعَشَجْ اَجِبْ یَا کَرْفِیَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ یَعْفُوْ عَنِ

الْعَاصِيْنَ وَيَغْفِرُ الْخَاطِئِيْن۔

ترجمہ: ”وہ جو گناہ گاروں کو معاف کر دیتا ہے اور خطا کاروں کو بخش دیتا ہے“۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں یہ اسم برجِ ثور سے منسوب ہے جسے حضرت نوح علیہ السلام نے طوفان کے موقع پر پڑھا تھا، جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے بچالیا۔

۳۔ يَا جَجْطِيْ اَجِبْ يَا سَمْسَائِيْلُ۔ اَلَّذِيْ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ۔

ترجمہ: ”وہ ذات جو زندگی بخشتی اور فنا کرتی ہے“۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج جوزا سے منسوب ہے۔ اس اسم کی برکت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردے زندہ کرتے تھے۔

۴۔ يَا شَلِيْخُوْثَا اَجِبْ يَا مَرْعَيَائِيْل۔ اَلَّذِيْ رَفَعَ سَمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ۔

ترجمہ: ”وہ ذات جس نے آسمان کو بغیر ستون کے بلند فرمایا“۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ سرطان سے منسوب ہے۔ اور یہ وہ اسم ہے جس کی برکت سے حاملان عرش، عرش کو اُٹھائے ہوئے ہیں۔

۵۔ يَا مَشِيْطَثَا اَجِبْ يَا هَرْقِيَائِيْلُ۔ اَلَّذِيْ بَسَطَ الرَّحْمَةَ عَلٰى خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ۔

ترجمہ: ”اس کا لطف و رحمت اپنے بندوں پر پھیلی ہوئی ہے“۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ اسد سے منسوب ہے۔ اور یہ اسم حضرت جبرائیل کے پَروں پر لکھا ہوا ہے جس کی برکت سے آپ مشرق سے مغرب تک طرفۃ العین میں آتے جاتے ہیں۔

۶۔ يَا طَفْعَاتَفْ اَجِبْ يَا كَرْمِيَائِيْلُ۔ اَلَّذِيْ يُرَبِّيْ الْاَطْفَالَ الصَّغِيْرَ فِي الْجُنَّةِ۔

ترجمہ: ”وہ جو ماں کے پیٹ میں ننھے بچوں کی پرورش کرتا ہے“۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ سنبلہ سے منسوب ہے۔ مومنین کے لیے جنت کے دروازے اس اسم کی برکت سے کھلتے ہیں۔

۷۔ يَا هِيْطَلُوْيَا طَلْمِيَا شَوْمَا۔ اَنَا الْقَاهِرُ لِلْعِبَادِ وَمُجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔

ترجمہ: ”یعنی میں زبردست ہوں بندوں پر اور ان کے اعمال پر انہیں جزا دینے والا ہوں“۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ میزان سے منسوب ہے۔ مومنین کے لیے جنت کے دروازے اس اسم کی برکت سے کھلتے ہیں۔

۸۔ يَا شَطِيْثَا اَجِبْ يَا هَرْقِيَائِيْلُ۔ اَلَّذِيْ بَسَطَ الرَّحْمَةَ لِلْعِبَادِ۔

ترجمہ: ”وہ جس کی رحمت اپنے بندوں پر پھیلی ہوئی ہے“۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ عقرب سے منسوب ہے۔ اور یہ اسم حضرت جبرائیل کے جناح کے پروں پر تحریر ہے۔

۹۔ يَا شَطْحَ النُّوْرُ اَجِبْ يَا رَوْهِيَائِيْلُ۔ اَلَّذِيْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ مَا فِي الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔

ترجمہ: ”وہ کہ جس سے مشرق و مغرب میں کچھ بھی پوشیدہ نہیں“۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ قوس سے منسوب ہے۔ اور اس اسم کی برکت سے دوزخ کے ساتوں دروازے مومنین پر بند ہوتے ہیں۔

۱۰۔ يَا طَيْهُوْجَ اَجِبْ يَا رَوْقِيَائِيْلُ۔ يَا غَالِبُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ۔

ترجمہ: ”اے ہر چیز پر غلبہ رکھنے والے“۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ جدی سے منسوب ہے۔ اور یہ اسم حضرت میکائیل کے ہاتھوں پر لکھا ہوا ہے۔

۱۱۔ يَا مَوْمَتْكِيْفَا اَجِب يَا اَطْفَائِيْلُ۔ اَلَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ۔

ترجمہ: ”وہ کہ اس جیسا کوئی نہیں اور وہ سنتا اور دیکھتا ہے“۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ دلو سے منسوب ہے۔ اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے اسی اسم کو پڑھا جس کی برکت (بقیہ ص 22)

کتابی کورس علم عملیات (حصہ سوم چہارم) (نئی کتاب)

ازقلم: خالد اسحق راٹھور قیمت: **1000** روپے

تیاری زکات بلحاظ ذہن ☆ حروف تہجی کی ذکات ☆ زکات اکبر ☆ زکات اصغر ☆ عمل برائے ذات ☆ عامل بننے کا آسان طریقہ ☆ جلالی پرہیز ☆ جمالی پرہیز ☆ اجازت کی حقیقی شکل ☆ پیسہ کمانے کا ذریعہ ☆ اجازت کی ضرورت نہیں، زکات کی ضرورت نہیں ☆ قبل از زکات عمل ☆ لوازمات زکات ☆ حاکم وقت، وزیر، جج وافسر وغیرہ سے فوائد ☆ نقوش کے خانوں کے اثرات ☆ طریقہ تحریر نقوش ☆ تکمیل نقش ☆ عملی راہنمائی ☆ نقش تحریر کرنے کے اصول ☆ ترقی نوکری ☆ ڈاکٹر/میڈیکل ☆ صحت کے معاملات ☆ نقوش کے خانوں میں اثرات ☆ ساعتوں میں سے ساعت ☆ صدقہ وخیرات ☆ سالانہ اسم اعظم ☆ نقش استخارہ ☆ رجال الغیب ☆ فالنامہ بچہ بچی ☆ اثر نظر ☆ غیر مسلم کو پڑھائی بتانا ☆ ہر عمل کیلئے اجازت لیناضروری ہے؟ ☆ خاتمہ اثرات ☆ روزی روٹی کی بندشات ☆ حصار ☆ جادو ہے یا نہیں ☆ عمل محبت و الفت ☆ دشمنوں کا نقصان ☆ غیر مرئی مخلوق سے بچاؤ ☆ رات میں ڈرنا ☆ گمشدہ چیز کی تلاش ☆ دوبارہ ترقی کا حصول ☆ اعمال نظرات، کواکب ☆ بچوں کی حفاظت ونظر بد سے بچاؤ ☆ الیکشن وفتح میں کامیابی ☆ وزراء اور صاحب اقتدار سے کام

طلسمی جواہرات (نئی کتاب)

ازقلم: خالد اسحق راٹھور قیمت: **450** روپے

استخراج جواہر ☆ انتخاب جواہر اور علوم مخفی ☆ انتخاب پتھر کا طریقہ کار ☆ رنگوں کے اثرات ☆ نجوم وجواہر ☆ انگلی اور جواہر ☆ خصوصیات جواہر ☆ پتھر اور انسان کا ساتھ ☆ نقلی واصلی پتھر ☆ مرجان کی خصوصیات ☆ مون سٹون کی خصوصیات ☆ پتھر اور صحت ☆ کواکب اور منسوبی جواہر ☆ خصوصیات جواہر ☆ نیلم کے خواص ☆ لاجورد کی اہمیت ☆ اوپل کی تاثیر ☆ یاقوت کی خصوصیات ☆ موتی کی اہمیت ☆ سنہلا پکھراج ☆ زمرد ☆ جواہرات کو طاقت دینا ☆ حصول دولت وکامیابی ☆ زندگی کی رکاوٹیں اور پریشانیاں ☆ کمزور شخصیت اور خود اعتمادی ☆ نظر بد سے حفاظت ☆ اتفاق ومحبت ☆ خرابی جگر ☆ کھیل اور کھلاڑی ☆ بلڈ شوگر ☆ سردرد ☆ کشش کیلئے ☆ امنگ، طاقت اور گرم جوشی ☆ مخالفین پر غلبہ اور دہشت کا خاتمہ ☆ رنگت ☆ کثرت اولاد ☆ وجدانی صلاحیت ☆ چہرے اور جلد کی تازگی ☆ سعد اثرات ☆ دماغی سکون ☆ ازدواجی خوشی ☆ بادشاہی پتھر ☆ حصول برکت وخوش قسمتی ☆ یادداشت کی کمزوری ☆ نفسیاتی وجذباتی ☆ سحری فوائد ☆ وبائی امراض ☆ شیطانی قوتوں پر غلبہ ☆ گھر کے تحفظ ☆ آنکھوں کیلئے ☆ برائے عاملین ☆ خاتمہ مایوسی اور بزدلی ☆ نیند ☆ مثبت انرجی وسوچ ☆ مقابلہ کے امتحان ☆ اولاد نرینہ ☆ موٹاپا کم کرنا ☆ قدامت ☆ کالے جادو اور سحر سے حفاظت

اعمال مخفیہ، تسخیر ہمزاد اور حاضرات (نئی کتب)

تحریر: خالد اسحق راٹھور قیمت: **300** روپے

لوح ہمزاد ☆ نذر اور طلاع ☆ تسخیر کیا چیز ہے ☆ لوح ہمزاد ☆ اسم اعظم کیا ہے؟ ☆ تاثیر عمل نہ ہونے کے اسباب اور ان کی اصلاح ☆ ترک جلالی و جمالی کی تفصیل ☆ ☆ تسخیر روحانیات ☆ غیبی ہستیاں ☆ عمل تسخیر جنات ☆ بلامحنت کی تسخیر ☆ تسخیر شہزادی جنات ☆ جن کا حاضر کرنا ☆ خاتم کبیر سورہ والشمس ☆ حروف صوامت اور چاند گرہن ☆ کرشمہ نما حروف صوامت کی طاقت ☆ عمل برائے زبان بندی ☆ حصار وکیل کڑا حفاظتی دائرہ وآہنی قلعہ ☆ عمل برائے بواسیر ہر قسم ☆ شوگر کیلئے عمل ☆ سردرد کیلئے عمل ☆ کاروبار کی ترقی کیلئے زبردست عمل ☆ آسان عملیات و حاضرات سورہ کوثر ☆ سورۃ کوثر کے کمالات و عجیب فائدے ☆ غیبی باتیں اور غیبی حالات معلوم کرنا ☆ سایہ جن اور آسیب کیلئے

ترتیب ہاشمی سے مجموعہ نرالے عملیات وتعویذات (نئی کتاب)

مصنف: محمد ارشد ہاشمی عام قیمت: **400** روپے

آسان ومجرب پُراثر و پُرتاثیر عملیات وتعویذات کا بہترین مجموعہ

حضرت صدیق اکبرؓ سے عملیات کا ثبوت ☆ جنات کے متعلق کچھ باتیں ☆ سکھ لڑکے کو عمل سے شفاء ☆ پتھروں کی ستاروں سے نسبت کا نقشہ ☆ کشف اور استخارے میں فرق ☆ تبادلہ منسوخ کرانے کا عمل ☆ احتلام کی شکایت کو دور کرنے کا عمل ☆ حضرت شہاب الدین سہروردی علیہ الرحمۃ کا گمشدہ چیز ملنے کا عمل ☆ دلوں کو مسخر کرنے کا عمل ☆ دشمن پر غالب آنے اور اسے مسخر کرنے کا عمل ☆ مخلوق خدا کو اپنی مائل کرنے کیلئے عمل ☆ حب کا عمل ☆ مکان خالی کرانے والا عمل ☆ واسطے مغلوب کرنے دشمن اور غالب آنے کشتی کے ☆ ڈاکوؤں، چوروں اور ٹھگوں سے سلامتی ☆ بدزبانی کی عادت چھڑانے کیلئے ☆ مکمل سر کے درد کیلئے دم ☆ ذہن کی تیزی کیلئے دم ☆ کسی مکان سے آسیب کو بھگانے کیلئے دم ☆ درد شقیقہ کیلئے ☆ حمل کی حفاظت کیلئے کچا سوت پر دم ☆ دکان وکاروبار کے خوب چلنے کیلئے......وغیر وغیرہ

پریشانیوں سے نجات پائیں (نئی کتاب)

تالیف: حافظ فیض اللہ ناصر عام قیمت: **160** روپے

دعائے استخارہ اور نماز استخارہ ☆ رنج وغم سے خلاصی کی دعا ☆ آیت کریمہ کی فضیلت اور برکات ☆ جب کسی سے خوف یا خطرہ محسوس ہو ☆ محتاجی اور رزق کی کمی سے بچنے کا نسخہ ☆ قرض سے نجات کا وظیفہ ☆ نافرمان اور سرکش بیوی کا علاج ☆ نظر بد کا علاج ☆ کسی بھی مرض میں مبتلا شخص کیلئے دم ☆ ننانوے بیماریوں کی دوا ☆ امراض دل کا علاج ☆ ہر قسم کی بیماری سے شفایابی کا مجرب نسخہ

1 شیطان نمبر (طلسماتی دنیا) (مارچ اپریل 1996ء)

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)............ قیمت: 600 روپے

انسان جن اور شیطان ☆ داستان ابلیس ☆ تاریخ ابلیس ☆ ابلیس لعین کے شیطانی کارنامے ☆ شیطان کے مکروفریب کے جال ☆ انسان اور شیطان کی دشمنی ☆ شیطان کے پرائیویٹ حالات ☆ شیطان کی تخلیق کا فلسفہ ☆ شیطان کی ڈائری ☆ شیطان سے انٹرویو ☆ جنوں اور انسانوں کے درمیان شادی بیاہ ☆ شیطان اور جن کا فرق ☆ جنوں کی خوراک ☆ جنوں کی عمر ☆ شیطان کا مرنے تک ساتھ رہے گا ☆ سات شیطان ☆ شیطان کی لاتعداد نسل ☆ غلبہ نفس وعداوت شیطان ☆ اولاد آدم پر شیطان کا غلبہ ☆ شیطان کا تکبر اور حضرت آدمؑ کو سجدہ کرنے سے انکار ☆ ابلیس کے قاصدوں کا قتل ☆ جنات کی ہدایت کیلئے ابلیس کی آمد ☆ آدمؑ سے بدلہ لینے کیلئے سانپ اور مور سے شیطان کی خفیہ سازش ☆ شیطان اماں حوا کو بہکانے میں کامیاب ☆ آدمؑ کا جنت سے اخراج ☆ شیطان عزازیل سے ابلیس بن گیا ☆ حضرت آدمؑ کا جنت میں داخلہ ابلیس کی حسرتناک مایوسی ☆ ابلیس نے اولاد آدم کو گمراہ کرنے کے لئے آدم کا مجسمہ بنایا۔

2 ہمزاد نمبر (طلسماتی دنیا) (جنوری فروری 2001ء)

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)............ قیمت: 700 روپے

ہمزاد کو تابع کرنے کے قیمتی فارمولے

ہمزاد کو قابو کرنے کا فن ☆ تسخیر ہمزاد (غیر مسلمین کے لئے) ☆ عملیات ہمزاد برائے خواتین ☆ عمل ہمزاد ☆ قبرستان کی وہ رات ☆ ہمزاد سے کام لینا ☆ ہمزاد کا عمل ☆ جلالی ہمزاد ☆ جنات کو دیکھنے کا عمل ☆ تسخیرات ہمزاد ☆ رموز ہمزاد ☆ ہمزاد کو مسخر کرنے کے طریقے ☆ عمل ہمزاد ☆ طلسماتی انگوٹھی ☆ خوفناک قبرستان ☆ صنم خانہ عملیات ☆ اسماء حسنیٰ ☆ علاج بالقرآن ☆ ایک برہنہ شخص کی شکل میں ہمزاد حاضر ہوگا ☆ بندر کی کھوپڑی میں سے ہمزاد کے درشن ہوں ☆ آسمان سے نیچے اترتا ہوا ہمزاد دکھائے دے ☆ ہر ایک سوال کا جواب ہمزاد آپ کے کان میں دے گا ☆ دھوئیں میں سے ہمزاد نمودار ہونا ☆ شرح ہمزاد ☆ بزرگوں کی دنیا ☆ بھیانک حویلی ☆ ہمزاد تابع کرنے کے طریقے ☆ آتشی ہمزاد ☆ آبی ہمزاد ☆ بادی ہمزاد ☆ خاکی ہمزاد ☆ اثرات جنات سے پریشانی ☆ خوابوں کی تعبیر ☆ ہمزاد کے ظاہر ہونے پر کیا کرنا چاہئے ☆ الٹی بسم اللہ ☆ دوسرے کا ہمزاد ☆ ہمزاد کا حاضر ہونا ☆ ہمزاد کو چھوڑنا ☆ ہمزاد سے ہم کیا کام لے سکتے ہیں ☆ غیبی خبروں کا پتہ کس طرح کیا جاسکتا ہے ☆ ہمزاد کے ذریعے سفر کرنا ☆ اصلیت وحقیقت ہمزاد......وغیرہ

3 استخارہ نمبر (طلسماتی دنیا) (جنوری فروری 2006ء)

قیمت: 500 روپے

اللہ تعالیٰ سے مشورہ کرنے کے حیرتناک طریقے

آداب استخارہ ☆ استخارہ کا مکمل طریقہ ☆ استخارہ کی ضرورت واہمیت ☆ ضرورت استخارہ ☆ استخارہ کب اور کس لئے ☆ استخارہ کیا ہے؟ ☆ استخارہ کے معانی اور لغوی تحقیق ☆ پس منظر استخارہ ☆ استخارہ اور سنت نبوی ﷺ ☆ مسائل استخارہ ☆ استخارہ بذریعہ اعداد ☆ فالنامہ عجیب ☆ صحیح فالنامہ ☆ فالنامہ حکیم طم طم ☆ فالنامہ اکبری ☆ فالنامہ علم الاعداد ☆ انوکھا فالنامہ ☆ معتبر فالنامہ ☆ فالنامہ حروف تہجیہ ☆ امریکن فالنامہ ☆ فالنامہ قرآنی ☆ فالنامہ علم رمل ☆ الہامی فالنامہ ☆ ابجدی فالنامہ ☆ حجاج بن یوسف اور عمل استخارہ ☆ رہنمائی حاصل کرنے کا حیرت انگیز طریقہ ☆ عجیب وغریب فالنامہ ☆ فالنامہ مقاصد ومطالب دلی کے بیان میں ☆ استخارہ بذریعہ اعداد ☆ اعداد کا جادو ☆ کرشمات جفر ☆ مفید اور مجرب فال ☆ بے نظیر فالنامہ ☆ استخارے کے بعد فیصلہ خداوندی پر راضی ہونا لازم ہے ☆ استخاروں کے بعد شرح صدر نہ ہو تو کیا کیا جائے؟............

4 علم جفر نمبر (طلسماتی دنیا) (جنوری، فروری 2010ء)

قیمت: 500 روپے

علم جفر کیا ہے؟ ☆ بنیاد جفر ☆ علم جفر ☆ رموز جفر ☆ علم جفر کا قیمتی ہتھیار ☆ بذریعہ جفر درست راستوں کا انتخاب ☆ ابجد قطب ☆ علم جفر کے ذریعے جن اور شیطان کا علم ☆ مخزن العجائب ☆ روحانیت کی 40 کنجیاں ☆ کرشمات جفر ☆ تسخیر ومحبت کا ایک بے مثال عمل ☆ علم جفر کے نادر عملیات ☆ حاضرات الارواح ☆ مستحصلہ تجرید ☆ حروف صوامت ☆ مفرد اور مرکب اعداد کی کرشمہ سازی ☆ شوگر کا لاجواب روحانی علاج ☆ قیمتی اوقات کے قیمتی نقوش ☆ شرف وقمر ☆ قید سے نجات کیلئے ☆ دست غیب کیلئے ☆ دولت کیلئے ☆ مایوس کن امراض سے نجات پانے کیلئے ☆ مفرور کی واپسی کیلئے ☆ کامیابی مقدمات کیلئے ☆ مکان خالی کرنے کیلئے ☆ حاضرات کا ایک نادر طریقہ ☆ رجولیت بحال کرنے کیلئے ☆ میاں بیوی میں محبت کیلئے ☆ کسی فرد پر حاضرات مسلط کرکے پوچھنا ☆ حاضرات بذریعہ خواب.........

عاملین کے مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

گیارہ یوم میں جادو اور جنات سے نجات

سوال: میرے ایک مریض ہیں۔ ان کے گھر پر کافی جادو کا اثر ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ گھر والے علاج نہیں کر سکتے۔ وہ لوگ جادو یا جنات کے اثرات کو نہیں مانتے۔ اس لیے میں ان کا علاج نہیں کر سکتا۔ ان کی بیگم صرف واحد فرد ہیں، جو علاج کرنا چاہتی ہیں مگر سوائے پانی پلانے اور کوئی وظیفہ کرنے کے، وہ گھر میں کوئی اور عمل نہیں کر سکتیں۔ گھر میں شیطانی اثرات بھی بہت ہیں۔ میں ان کا علاج کیسے کروں؟ (پوشیدہ)

جواب: آپ ایسا کریں کہ ان سے بات کریں کہ ایک بار آپ کو گھر پر بلا کر گھر کیل کرنے کا عمل کروائیں۔ پھر گیارہ دن کا ایک خاص عمل بتا رہا ہوں۔ اس کو کرنے سے صرف گیارہ دن میں ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات مل جاتی ہے۔ آپ کا چونکہ مدرسہ ہے، اس لیے گیارہ افراد کا بندوبست کریں جو گیارہ یوم آپ کے مریض کے گھر جا کر گیارہ بار سورۂ بقرہ پڑھیں۔ ہر کوئی اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پڑھ کر پانی، چینی، نمک، آٹا اور اچھے عربی بخور پر دم کریں۔ روزانہ پانی، چینی اور نمک استعمال کروائیں اور بخور کی گھر میں دھونی دلوائیں۔ عمل کے آغاز اور اختتام پر چھوٹے گوشت کا صدقہ لازمی دیں۔ گیارہ کلو چھوٹا گوشت دیں یا گیارہ پاؤ دیں۔ مجھے لازمی اطلاع کرنی ہے کہ کب عمل شروع کرنا ہے تاکہ میں پیچھے پیغام دے دوں۔ ان شاء اللہ، گیارہ یوم میں آپ کے مریض کے گھر سے ہر طرح کا جادو، جنات اور شیطانی اثر ختم ہو جائے گا۔

....................*..........*..........*

عامل پر جادو کا حملہ

سوال: کافی دنوں سے عجیب سی حالت ہو رہی ہے۔ کچھ بھی پڑھنے کو دل نہیں کرتا۔ کوئی مریض بھی نہیں آ رہا۔ لگتا ہے کہ عمل بھی بند ہو گئے ہیں۔ اپنے معمولات بھی نہیں کر پا رہا ہوں۔ میری مدد فرمائیں تاکہ میں اس صورتحال سے نکل سکوں۔ (پوشیدہ)

جواب: آپ پر جادو کا حملہ ہوا ہے۔ سب سے پہلے تو یہ بات یاد رکھیں کہ عاملین پر جادو کے حملے ہوتے رہتے ہیں۔ جتنا آپ جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں، اتنے ہی جادوگر، شیاطین اور جنات آپ کے دشمن بنتے ہیں۔ جو عاملین جنات و شیاطین کو مارنے یا جلانے کا کام کرتے ہیں، ان پر، ان کے اہل و عیال اور کاروبار پر جادو کے حملوں کے علاوہ جنات و شیاطین خود بہت حملے کرتے ہیں تاکہ بدلہ لے سکیں۔ اس لیے عامل کو اپنی حفاظت کا بہت اہتمام کرنا چاہیے۔ جب کہ عاملین سب سے زیادہ اپنی حفاظت سے ہی غافل رہتے ہیں۔ بڑے بڑے علاج کرتے ہیں مگر اپنی اور اپنے اہل و عیال کی حفاظت سے غافل رہتے ہیں۔

یاد رکھیں کہ عامل پر کبھی بھی فوری جادو کا حملہ نہیں ہوتا۔ جادو پہلے راستہ بناتا ہے، پھر حملہ کرتا ہے۔ جب حملہ ہو جائے اور عامل متاثر ہو جائے تو پھر اس کے عمل بھی اس کے علاج کے لیے خاطر خواہ نہیں چلتے۔ اس کی وجہ ہے کہ جو جادو یا جنات عامل پر حملہ آور ہوتا ہے، وہ عامل کے اعمال کا بندوبست کر کے آیا ہوتا ہے۔ اس لیے عامل کو ایسے وقت میں فوراً اپنے استاد سے رابطہ کرنا چاہیے اور اس کی نگرانی اور تجویز میں اپنا علاج کرنا چاہیے۔ اس طرح اس کا علاج بھی ہو جاتا ہے اور اس کے اعمال بھی خراب یا ضائع نہیں ہوتے ورنہ کئی عاملین اپنا علاج کرنے کے چکر میں اپنے اعمال سے ہی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ یہ ساری باتیں اس لیے لکھی ہیں تاکہ آئندہ آپ ہوشیار اور محتاط رہیں۔ یاد رکھیں! سب سے پہلے اپنی حفاظت، پھر باقی کسی کی۔ اب علاج کی طرف آتا ہوں۔

ا)......سات بتیاں دے رہا ہوں۔ ان کو روزانہ گھر میں مغرب کے بعد جلا دیں اور تھوڑا تھوڑا آگے کرتے رہیں۔ تین چار گھنٹے جل جائیں اور بتی ختم ہو جائے۔ پھر اگلے دن اسی چراغ میں دوسری بتی۔ اس طرح سات دن کرنا ہے۔

۲)......سات کالے رنگ کی سیاہی والے تعویذ ہیں۔ روز کا ایک ہے۔ پانی میں گھول کر بانس کی جھاڑو سے اپنے گھر کو دھونا ہے۔ یہ خاص تعویذ ہے۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ کے استعمال کے بعد آپ کے گھر سے جادو نکل جائے گا۔

۳)......سات دن تک روزانہ سورۂ بقرہ پڑھنی ہے۔ زیادہ پانی دم کرنا ہے۔ اس پانی سے تین کام لینے ہیں۔ پینا ہے، گھر میں چھڑکنا ہے اور پاک جگہ پر روزانہ اپنے اوپر بہانا ہے۔ یہ عمل بھی سات دن کرنا ہے۔ اگر خود پڑھ سکیں تو سب سے بہتر ہے ورنہ کسی سے پڑھوالیں۔

۴)......تین دن لگاتار پانچ گھنٹے والی ھانڈی کرنی ہے۔ ھانڈی کا عمل منگل، بدھ اور جمعرات کو کرنا ہے۔

۵)......پہلے دن اور ساتویں دن ایک پاؤ چھوٹا گوشت لے کر اپنے اوپر سے سات بار وار کر ویرانے میں یا چلتے پانی میں پھینک دیں۔

ان شاء اللہ، سات دن میں جادو کی کاٹ ہو جائے گی۔ اس کے بعد صحیح طرح حفاظت کا اہتمام کریں۔ جادو کی کاٹ کے بعد مریضوں کی آمد کے معاملے کی طرف آئیں۔ ابھی صرف اور صرف اپنا خیال رکھیں اور جادو اور جنات سے نجات کی طرف توجہ دیں۔

مفت روحانی علاج کرنے والے کو حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ کا جواب

(ایک صاحب کے سوال پر حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ نے جو جواب دیا، وہ قارئین اور عاملین کے لیے درج کیا جارہا ہے۔ عموماً مفت خدمات فراہم کرنے کو بہت اچھا سمجھتے ہیں۔ یقیناً یہ ایک اچھا فعل ہے۔ لیکن اس سے زیادہ اہم یہ بات ہے کہ جس فن میں خدمات فراہم کی جارہی ہیں، وہ فن بھی اچھی طرح آتا ہو۔ خ)

حضرت مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ آپ نے یہ جو عہد کیا ہے کہ آپ فری میں خدمت کریں گے، ہمارے نزدیک درست نہیں ہے۔ آپ کا جو وقت اس طرح کی خدمت پر صرف ہوگا، آپ اس کی مناسب اجرت لوگوں سے وصول کرسکتے ہیں۔ عملیات کی لائن میں خرابیاں ہدایہ وصول کرنے سے نہیں آئیں بلکہ لوٹ مار کرنے سے آئی ہیں۔ مناسب حق المحنت وصول کرنا نہ شرعاً برا ہے نہ عقلاً۔ برا تو یہ ہے کہ لوگوں سے ہزاروں روپے اینٹھ لئے جائیں اور پھر بھی کام غلط سلط کئے جائیں۔ اگر واجبی حق المحنت لے کر صحیح انداز سے خدمت خلق کی جائے تو اس میں خیر وبرکت بھی ہوگی، اجر بھی ملے گا اور اللہ کے بندوں کو شکایت بھی نہیں ہوگی۔

اس طرح کے عہد کہ ہم فری خدمت کریں گے اور کبھی کچھ نہیں لیں گے، زیادہ دنوں تک قائم نہیں رہ سکتے۔ البتہ عہد کریں تو اس بات کا کریں کہ عملیات کی لائن میں جو کچھ کریں گے، سیکھ کر کریں گے اور صحیح وقت، صحیح عمل کر کے لوگوں کی صحیح خدمات انجام دیں گے۔ فریب دہی اور لوٹ کھسوٹ سے دامن کو بچائیں گے۔

اگر آپ پیسے سے بے نیاز ہیں اور اللہ نے آپ کو سب کچھ دے رکھا ہے تو بھی ضرورت مندوں سے کچھ نہ کچھ وصول کرلیں اور اگر یہ آپ کی ضرورت سے زائد ہو تو اللہ کے ان بندوں کو عطا کردیں جو مفلوک الحال ہیں اور دانے دانے کو محتاج ہیں۔

مردانہ امراض کا روحانی علاج

حضرت مولانا احمد علی پنجگوری رحمہ اللہ

امراض آلۂ تناسل

❶ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾ (الرحمٰن: ۲۲-۲۳)

❷ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یارحمٰن	۵	۸	۲	یارحمٰن
یارحیم	۷	۱	۴	یارحیم
یاارحم الراحمین	۳	۶	۹	یاارحم الراحمین

❸ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یامالک القدوس فینا

ربنا بالسّلام وادخلنا

دار السّلام تبارکت ربنا

وتعالیت یاذا الجلال والاکرام

❹ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ حق

۱	۲	۷	۴
۱	۸	۲	۳
۱	۵	۲	۷

(دائیں: اللہ حق — بائیں: اللہ حق)

اللہ حق حق حق

نوٹ: ان چاروں کو ایک کاغذ پر تحریر کر کے گلے میں ڈالے جائیں اور پلائے جائیں۔

❺ سورۃ الرحمن کو کو پانی میں ڈال کر نو (۹) ایام تک پینا ہے اور خود نماز کی پابندی کرے اور پانچ آدمیوں کو نماز کی دعوت دینی ہے۔

برائے امراض خصیہ

❶ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ (النحل: ۳۲)

وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ (الزمر: ۴۷)

حلیم علیم والصّٰٓفّٰت

❷ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ھلا اعتبرت فکم حلوا و کم رحلوا

وانما الناس فی حل ومرتحل

صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کثیرًا کثیرًا

❸

قال	۳	قال
لھم	۷	لھم

نوٹ: ان چاروں کو ایک کاغذ پر تحریر کر کے گلے میں ڈالے جائیں اور پلائے جائیں۔

❺ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ک

۲	۱	۹	۳
۷	۸	۲	۷
۱	۹	۳	۵
۷	۱	۲	۴
۸	۹	۳	۵

(دائیں: اللہ شافی — بائیں: اللہ کافی)

اللہ شافی

اس بالا نقش کو ٹھنڈے دودھ کے اندر ڈال کر نو (۹) دن تک (بقیہ ص 46)

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کے عامل بنیں

مخصوص قرآنی آیات کے عامل بننے پر مشتمل مضامین کا سلسلہ

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

اس مضمون میں حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کا بنیادی طریقۂ زکوٰۃ بتایا گیا ہے اور اس کے ساتھ ملفوظی اور عددی نقوش کے بارے میں بھی آگاہی دی گئی ہے تاکہ بوقت ضرورت استفادہ کیا جا سکے۔ نقوش کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے اور ملفوظی کو کس جگہ اور عددی کو کس جگہ استعمال کرنا چاہئے؟ یہ عاملین کو پتہ ہے۔ لہٰذا اس بارے میں نہیں لکھا جائے گا۔

ایک اہم بات ذہن نشین رہے کہ بنیادی درجہ کا عامل/ عاملہ صرف اپنے لئے یا اپنے گھر والوں کے لئے عملیات کر سکتا/ سکتی ہے۔ عوام کا علاج معالجہ کرنے کے لئے باقاعدہ سیکھنا پڑتا ہے ورنہ نقصان ہونے کا قوی اندیشہ ہوتا ہے۔

عامل بننے کا فائدہ

اس آیت میں اللہ جل جلالہ نے عجیب فیض رکھا ہے۔ اس کا عامل خود بھی بہت فیض اٹھا سکتا ہے اور دوسروں کو بھی خوب فیض بانٹ سکتا ہے۔ ہر مشکل سے مشکل کام کو آسان کرنے، پریشانی و مصیبت سے نجات، حاجات کا پورا ہونا، دشمن سے نجات، مشکلات میں کفالت، غیبی مدد، دشمن سے نجات، اٹکے ہوئے کاموں کا ہونا، محبت کے مسائل، بیماریوں سے نجات، معاشی مشکلات کا حل، شادی کے مسائل، بیماریوں سے صحت یاب نہ ہونا، روحانی مسائل، جادو اور جنات کے مسائل، سسرال کے مسائل، دفتری مسائل، تعلیمی مسائل، نوکری کے مسائل،...... الغرض ہر جائز دینی یا دنیوی حاجت کے پورا ہونے اور مشکل کے دور ہونے میں اپنی مثال آپ ہے۔

عمل کا طریقہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کا بنیادی درجہ کا عامل/ عاملہ بننے کے لیے نوچندی شبِ جمعرات یا جمعہ کے بعد کوئی وقت مقرر کر لیں۔ جگہ بھی مقرر ہو۔ اول و آخر گیارہ بار درودِ ابراھیمی کے ساتھ عمل کو چار سو پچاس (۴۵۰) بار انیس (۱۹) یوم بلاناغہ پڑھیں۔ روزانہ عمل مکمل کر کے اللہ جل جلالہ سے اپنے عمل کی کامیابی کی دعا اس انداز میں مانگیں کہ "**یا اللہ! میں نے جو یہ عمل کیا ہے، اس کی کمی کوتاہیوں کو اپنے فضل سے پوری کر کے اس عمل کو میرے عمل میں دے دیں تاکہ میں اس کے روحانی فیض سے خود بھی فیض یاب ہوں اور میرے گھر والے بھی فیض یاب ہوں**"۔ آخری روز سوا پاؤ یا سوا کلو سفید شیرینی (برفی، چم چم وغیرہ) نابالغ بچوں میں تقسیم کر دیں اور دو رکعت نفل شکرانے کے پڑھیں۔ پھر روزانہ صبح شام نو (۹) بار، اول و آخر ایک بار درود شریف کو اپنے معمول میں رکھیں۔ اب آپ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کے عامل ہو چکے ہیں۔ کسی بھی کتاب میں اس کا کوئی طریقہ استعمال ملے یعنی عمل ملے تو آپ کرنے کے اہل ہیں۔ کسی سے اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ عمل آپ کے پاس ہے، کتابوں میں طریقہ استعمال دیے جاتے ہیں۔ صرف یہ احتیاط رکھنی ہے کہ عمل اپنے لیے یا اپنے گھر والوں کے لیے استعمال کرنا ہے۔ اگر کسی اور کو دینا بھی ہو تو ہرگز جادو یا جنات کے مسئلے میں ہاتھ نہیں ڈالنا۔ باقی معاملات کے لئے اپنی سمجھ کے مطابق فیصلہ کر لیں۔

نوٹ: (۱) ہمارے مکتبۃ العارف سے اس آیت کے اعمال کی کتاب جو لینا چاہے، وہ منگوا سکتا ہے۔ (۲) چلہ کشی سے متعلق مزید ہدایات، جو اجازت منگوائیں گے، ان کو دی جائیں گی۔

نقوش بھرنے کے طریقے

نقوش بھرنے کا عمل بھی بہت آسان ہے۔ صرف یہ اصول یاد رکھیں کہ سب سے چھوٹا عدد، سب سے پہلے لکھنا ہے، پھر اس سے بڑا اور پھر اس سے

بڑا۔ اوراسی طرح نقش پورا کرنا ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کے مثلث نقوش

آتشی چال

۷۸۶

۱۵۳	۱۴۶	۱۵۱
۱۴۸	۱۵۰	۱۵۲
۱۴۹	۱۵۴	۱۴۷

بادی چال

۷۸۶

۱۴۷	۱۵۲	۱۵۱
۱۵۴	۱۵۰	۱۴۶
۱۴۹	۱۴۸	۱۵۳

آبی چال

۷۸۶

۱۵۱	۱۵۲	۱۴۷
۱۴۶	۱۵۰	۱۵۴
۱۵۳	۱۴۸	۱۴۹

خاکی چال

۷۸۶

۱۴۹	۱۵۴	۱۴۷
۱۴۸	۱۵۰	۱۵۲
۱۵۳	۱۴۶	۱۵۱

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کے مربع نقوش

آتشی چال

۷۸۶

۱۱۲	۱۱۵	۱۱۸	۱۰۵
۱۱۷	۱۰۶	۱۱۱	۱۱۶
۱۰۷	۱۲۰	۱۱۳	۱۱۰
۱۱۴	۱۰۹	۱۰۸	۱۱۹

بادی چال

۷۸۶

۱۱۵	۱۱۲	۱۰۵	۱۱۸
۱۰۶	۱۱۷	۱۱۶	۱۱۱
۱۲۰	۱۰۷	۱۱۰	۱۱۳
۱۰۹	۱۱۴	۱۱۹	۱۰۸

آبی چال

۷۸۶

۱۱۸	۱۰۵	۱۱۲	۱۱۵
۱۱۱	۱۱۶	۱۱۷	۱۰۶
۱۱۳	۱۱۰	۱۰۷	۱۲۰
۱۰۸	۱۱۹	۱۱۴	۱۰۹

خاکی چال

۷۸۶

۱۰۵	۱۱۸	۱۱۵	۱۱۲
۱۱۶	۱۱۱	۱۰۶	۱۱۷
۱۱۰	۱۱۳	۱۲۰	۱۰۷
۱۱۹	۱۰۸	۱۰۹	۱۱۴

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کے مربع ملفوظی تعویذات

آتشی چال

۷۸۶

حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا
اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم
ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ

بادی چال

۷۸۶

اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم
ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ
حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا

آبی چال

۷۸۶

ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ
اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم
الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا
حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل

خاکی چال

۷۸۶

الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا
حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ
اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم

عمل کی اجازت لینے کا طریقہ

** ...... ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ممبران کو اس عمل کی اجازت ہے۔ اجازت کی کوئی فیس نہیں ہے۔غیر ممبر کے لیے فیس گیارہ سو روپے ہے۔

** ...... رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے جوابی لفافے کے ساتھ خط ارسال کریں اور اجازت حاصل کریں۔

** ......اجازت صرف وہی منگوائیں، جنہوں نے عمل کرنا ہو۔

بقیہ : رَویوں کی اِصلاح کی ضرورت

امام ابن سیرینؒ بڑے امام ہوئے جن کی کتاب تعبیر الرویاء آج بھی مقبول ہے۔ مگر ہمارے ہاں یہ حال ہے کہ مسجد کے قاری صاحب سے بھی آپ ہر مسئلہ پوچھ سکتے ہیں۔

ہم اکثر بلاوجہ نامور اسلامی سکالرز کی باتوں کا انکار کر دیتے ہیں، حالانکہ عین ممکن ہے کہ ان کی کہی ہوئی بات کسی ایسی حدیث یا اس کی شرح پر مبنی ہو جو ہم نے نہ پڑھی ہو۔ بلاوجہ کسی بڑے اسلامی سکالر کا مذاق اڑانا بھی ہمارا وطیرہ بن چکا ہے۔ ہوسکتا ہے جس کا ہم مذاق اڑا رہے ہوں، وہ اللہ کا محبوب ہو اور بخاری شریف کی حدیث قدسی میں اللہ نے فرمایا ہے کہ **''جس نے میرے کسی دوست کی توہین کی تو وہ میرے مقابلے کے لئے تیار ہوگیا''۔**

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم دوسروں پر تنقید کرنے کی بجائے اپنے رویوں کی اصلاح کریں اور جو وقت اس طرح کی لاحاصل تنقید پر خرچ ہوتا ہے، وہ مطالعہ اور عبادت میں صرف کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائیں۔ (آمین)

بقیہ : رَویوں کی اِصلاح کی ضرورت

نہار منہ استعمال کرنا ہے۔ اور نمازوں کا اہتمام کرنا ہے اور دو آدمیوں کو نماز کی دعوت دے اور عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر روز ایک سو ایک (۱۰۱) دفعہ یَاوَدُوْدُ پڑھے۔

آپ کے روحانی مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

بندشِ رشتہ

سوال آپ نے میرے بیٹے کے لیے سورۂ طٰہٰ کا وظیفہ دیا تھا۔ اس کو اکیس دن کرلیا ہے۔ اب مزید کیا کرنا ہے؟ ابھی تک رشتہ نہیں ہوا۔ (ف، کراچی)

جواب آپ کے بیٹے پر جو بندش ہے، وہ 50% ختم ہوگئی ہے۔ اس پر شکر ادا کریں۔ اب باقاعدہ علاج شروع کرنا ہوگا۔ تفصیل درج ذیل ہے:

کچھ تعویذات بھجوا رہا ہوں۔ ان کا طریقہ استعمال کچھ اس طرح ہے:

۱۔ ۲۸ تعویذ کالے رنگ والے ہیں۔ بیٹے کو کہیں کہ صبح اٹھ کر جسم سے مل کر جلائے۔

۲۔ ۲۸ تعویذ لال رنگ والے ہیں۔ رات سونے سے قبل جسم سے مل کر جلائیں۔

۳۔ چار زعفرانی تعویذ ہیں۔ ایک تعویذ ایک ہفتے کے لیے۔ پینا اور بیٹے کے سونے والے کمرے اور گھر کے تمام پاک کونوں میں روزانہ چھڑکنا ہے۔

۴۔ شادی جلد اور اچھی جگہ ہونے کے لیے خاص تعویذ بیٹے کو اپنے پاس رکھنے، گلے یا بازو پر باندھنے کے لیے کہیں۔

۵۔ اچھی جگہ شادی ہونے اور علاج میں کامیابی کے لیے وظیفہ۔ ''اللہ......اکسیر قرآنی عمل'' روزانہ ایک بار پڑھیں۔ ایک بار خود، ایک بار بیٹے کو پڑھنے کو کہیں۔ یہ وظیفہ دار العمل چشتیہ کے شعبہ نشر و اشاعت نے شائع کیا ہے۔ وہاں سے منگوایا جاسکتا ہے۔ 03224773786

۶۔ شادی ہونے کی نیت سے ایک اور وظیفہ پڑھیں۔ 54 بار بعد نمازِ عصر پابندی سے پڑھیں۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمٖ

........................*............*............*

جنات نے مریض کی ٹانگ توڑ دی

سوال میرے بھائی کی عمر پندرہ سال کے قریب ہے۔ وہ ایک اسکول میں پڑھتا ہے اور ہر ہفتہ کو گھر آتا ہے۔ پچھلے دو ہفتوں سے اس کے ساتھ عجیب واقعات ہوئے ہیں۔ دو ہفتہ قبل وہ آیا اور کتاب لینے موٹر سائیکل پر بازار گیا تو اس کا ایکسیڈنٹ ہوگیا۔ ٹانگ پر کافی چوٹ آئی۔ ایک ہفتہ قبل بھی بالکل اسی طرح ہوا۔ وہ بازار کتاب لینے گیا۔ وہ کھڑا ہوا تھا۔ دوسرے موٹر سائیکل والے نے ون ویلنگ کرتے ہوئے بہت زور سے ٹکر ماری۔ جس سے اس کی ٹانگ کی ہڈی اور گھٹنے کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ اس کا فوری آپریشن کروایا گیا۔ پھر ایک ہفتہ بعد جب دوبارہ دوسرے ڈاکٹر کو دکھایا کیونکہ درد ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا تو اس نے کہا کہ آپریشن صحیح نہیں ہوا ہے۔ راڈ غلط ڈالے لیں۔ اگر صحیح نہ کیا تو اس کے پٹھے بری طرح متاثر ہوجائیں گے۔

والد صاحب دوسرے آپریشن پر راضی نہیں ہیں۔ کہتے ہیں کہ کسی جراح کو دکھائیں گے۔ مجھے آپ نے پہلے بتایا تھا کہ میرے میکے میں جناتی اثرات بہت زیادہ ہیں۔ مجھے پوچھنا یہ ہے کہ کیا میرے بھائی کے ساتھ جو ہوا، وہ قدرتی تھا یا انہی اثرات کا نتیجہ ہے؟ اگر ہے تو اس کا حل بھی بتائیں۔ میرے والدین اور گھر والے ان چیزوں کو بالکل نہیں مانتے، اس لیے وہ باقاعدہ علاج بھی نہیں کرتے۔ (ف، لاہور)

جواب آپ کے بھائی کے حالات پڑھ کر بہت افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اسے شفائے کامل عطا فرمائیں۔

میری تشخیص میں یہ سارا معاملہ جناتی اثرات کا ہی ہے۔ جنات کافی سخت مزاج اور نقصان دینے والے ہیں۔ اور یہ ایکسیڈنٹ اور آپریشن کا خراب ہونا، انہی کی کاروائی ہے۔ واللہ اعلم

جہاں تک علاج کا تعلق ہے تو میری بہن! اس طرح علاج نہیں ہوتے

کہ مریض کے گھر والے بالکل نہ مانتے ہوں اور کچھ کرنے پر راضی نہ ہوں اور عامل علاج کر دے۔ یہ علاج کے اصولوں کے خلاف ہے اور نہ ہی اس بات کو جنات پسند کرتے ہیں، جنہوں نے جا کر کام کرنا ہے اور آپ کے والدین کے گھر میں موجود جناتوں سے لڑنا ہے اور ان کو نکالنا ہے۔ اس لیے پہلے اپنے گھر والوں کو راضی کریں۔ جب تک راضی نہ ہوں، کسی عامل کی رہنمائی کے بغیر خود سے علاج کرنے کی حماقت نہ کیجیے گا۔ جس طرح کے جنات ہیں، وہ رعایت نہیں کریں گے اور کوئی نہ کوئی نقصان دیں گے۔

فی الحال میں ایک تعویذ دے رہا ہوں۔ اس پر تین بار منزل پڑھ کر دم کر کے بھائی کے گلے میں ڈال دیں۔ اور اس کو پابند کریں کہ روزانہ صبح و شام اور رات کو سوتے وقت کے مسنون اعمال کرے۔ خاص کر جن کا تعلق حفاظت سے ہے۔

رات کو باوضو سوئے اور سونے سے قبل اکتالیس بار آیت الکرسی پڑھ کر سوئے۔ جس دن اکتالیس نہ پڑھ سکے، اکیس بار پڑھ لے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف۔

....................*..........*..........*

ساس کے جادو کی جادو سے کاٹ

سوال میری ساس نے میرے میاں پے جادو کیا ہے جس کی وجہ سے وہ مجھے پسند نہیں کرتے۔ اپنی ماں کے کہنے میں آ کے مجھے گھر سے نکال دیا ہے۔ کوئی ایسا جادو بتا دیں کہ جس سے وہ سب کو چھوڑ کے میرے پاس آ جائے۔ میرے ساتھ الگ رہے۔ میرا دو سال کا بچہ بھی ہے۔ (ا، ن)

جواب محترمہ! سب سے پہلے تو آپ کے پاس کیا ثبوت ہے کہ ساس نے جادو کیا ہے؟ کیا آپ میں کوئی کوتاہیاں نہیں جن کی وجہ سے شوہر آپ سے متنفر ہو جائیں؟ بالفرض مان بھی لیا جائے کہ جیسا آپ نے لکھا ہے، ویسا ہی معاملہ ہے تو علاج کا جو طریقہ آپ نے طلب فرمایا ہے، وہ قطعاً مناسب نہیں بلکہ جائز ہی نہیں۔ یہ آپ کو کس نے کہہ دیا ہے کہ جادو کے علاج کے لیے جادو کا ہی عمل کیا جائے؟ پھر آپ نے ہمارے بارے میں یہ کیسے تصور کر لیا ہے کہ ہم جادو کرتے ہیں اور جادو لوگوں کو بتاتے ہیں؟ کچھ خدا کا خوف کریں۔

اگر آپ کی بات کرنے کا مقصد یہ ہے کہ کوئی عمل بتائیں تو دوبارہ لکھیں، آپ کی رہنمائی کر دی جائے گی۔ اگر آپ جادو ہی سے کاٹ کروانا چاہتی ہیں تو ہماری طرف سے معذرت ہے۔ دوبارہ رجوع نہ فرمائیں۔ ہم آپ کے لیے ہدایت کی اور پریشانی دور ہونے کی دعا ضرور کریں گے۔ اللہ جل جلالہ آپ کو ہدایت دے اور جادو سے دور رکھے اور اپنے مقدس کلام کے ذریعے ہی آپ کے مسائل کا حل کر دے۔ آمین

....................*..........*..........*

رشتہ طے ہونے میں مسلسل رکاوٹ

سوال میرے رشتے میں مسلسل رکاوٹیں آ رہی ہیں۔ ایک جگہ لڑکی دیکھنے گئے۔ پسند بھی آ گئی۔ وہ لوگ آئے۔ انہوں نے بھی پسند کر لیا۔ پھر انہوں نے کہا کہ ہم اپنے پیر و مرشد سے پوچھیں گے۔ ان کا عرس آنے والا ہے۔ عرس میں وہ گئے اور وہاں سے بھی جواب مثبت ملا۔

ہم نے منگنی کرنے کی بات کی تو انہوں نے ٹال دیا کہ ہم لوگ نہیں کرتے۔ پھر شادی کی تاریخ کی بات کی تو مسلسل ٹالے جا رہے ہیں۔ کوئی صحیح جواب ہی نہیں دے رہے۔ کبھی گھر کی کنسٹرکشن کا کہتے ہیں، کبھی بڑی بیٹی کی ڈیلیوری کا مسئلہ اور کبھی کچھ۔ مگر ہمیں شادی کی تاریخ نہیں دے رہے۔ مہربانی فرما کر دیکھیں کہ یہ سب کیا ہے۔ بڑی مشکل سے کوئی رشتہ طے ہونے لگا ہے مگر بات ہی نہیں بن رہی۔ (س، کراچی)

جواب محترم، کوئی بندش کا معاملہ نظر نہیں آ رہا۔ بہتر ہے کہ آپ لڑکی والوں سے بالکل صاف بات کریں۔ ان کی کچھ مجبوریاں ہیں جو وہ شاید کھل کر نہیں بتا رہے۔ آپ لوگ صاف صاف کہہ دیں کہ اگر رشتہ نہیں کرنا چاہتے تو بھی بتا دیں۔ اگر کرنا ہے تو شادی کی تاریخ کی بات کو فائنل کریں۔

آپ کے پیچھے بہت لوگ ہیں جو جادو کا وار کرتے رہے ہیں مگر اس معاملہ میں جادو نہیں ہے اور فی الحال آپ پر بھی کوئی بندش کا معاملہ نہیں ہے۔ پھر بھی مسنون حفاظت کے اعمال صبح و شام لازمی پڑھا کریں۔

ایک استانی اور بن ماں کے بچے کی داستان

انتخاب: ابو نافع

مس عائشہ ایک چھوٹے سے شہر میں پرائمری اسکول کی پانچویں کلاس کی ٹیچر تھیں۔ان کی ایک عادت تھی کہ وہ کلاس شروع کرنے سے پہلے ہمیشہ ''آئی لو یو آل'' بولا کرتیں۔ مگر وہ جانتی تھیں کہ وہ سچ نہیں کہتیں۔ وہ کلاس کے تمام بچوں سے یکساں پیار نہیں کرتی تھیں۔

کلاس میں ایک ایسا بچہ تھا جو مس عائشہ کو ایک آنکھ نہ بھاتا۔ اس کا نام طارق تھا۔ طارق میلی کچیلی حالت میں سکول آجایا کرتا۔ اس کے بال بگڑے ہوئے ہوتے۔ جوتوں کے تسمے کھلے ہوئے، قمیض کے کالر پر میل کا نشان، لیکچر کے دوران بھی اس کا دھیان کہیں اور ہوتا۔

مس عائشہ کے ڈانٹنے پر وہ چونک کر انہیں دیکھنے تو لگ جاتا مگر اس کی خالی خولی نظروں سے انہیں صاف پتہ لگتا رہتا کہ طارق جسمانی طور پر کلاس میں موجود ہونے کے باوجود بھی دماغی طور پر غائب ہے۔ رفتہ رفتہ مس عائشہ کو طارق سے نفرت سی ہونے لگی۔ کلاس میں داخل ہوتے ہی طارق مس عائشہ کی سخت تنقید کا نشانہ بننے لگتا۔ ہر بری مثال طارق کے نام سے منسوب کی جاتی۔ بچے اس پر کھلکھلا کر ہنستے اور مس عائشہ اس کی تذلیل کر کے تسکین حاصل کرتیں۔ البتہ طارق نے کسی بات کا کبھی کوئی جواب نہیں دیا تھا۔

مس عائشہ کو وہ ایک بے جان پتھر کی طرح لگتا، جس کے اندر احساس نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔ ہر ڈانٹ، طنز اور سزا کے جواب میں وہ بس اپنی جذبات سے عاری نظروں سے انہیں دیکھا کرتا اور سر جھکا لیا کرتا۔ مس عائشہ کو اب اس سے شدید چڑ ہو چکی تھی۔ پہلا سمسٹر ختم ہوا اور رپورٹیں بنانے کا مرحلہ آیا تو مس عائشہ نے طارق کی پروگریس رپورٹ میں اس کی تمام برائیاں لکھ دیں۔ پروگریس رپورٹ والدین کو دکھانے سے پہلے ہیڈ مسٹریس کے پاس جایا کرتی تھی۔ انہوں نے جب طارق کی رپورٹ دیکھی تو مس عائشہ کو بلا لیا۔ ''مس عائشہ! پروگریس رپورٹ میں کچھ تو پروگریس بھی نظر آنی چاہیے۔ آپ نے تو جو کچھ لکھا ہے، اس سے طارق کے والدین اس سے بالکل ہی ناامید ہو جائیں گے''۔ ''میں معذرت خواہ ہوں مگر طارق ایک بالکل ہی بدتمیز اور نکما بچہ ہے۔ مجھے نہیں لگتا کہ میں اس کی پروگریس کے بارے میں کچھ لکھ سکتی ہوں''۔ مس عائشہ نفرت انگیز لہجے میں بول کر وہاں سے اٹھ آئیں۔

ہیڈ مسٹریس نے ایک عجیب حرکت کی۔ انہوں نے چپڑاسی کے ہاتھ مس عائشہ کی ڈیسک پر طارق کی گزشتہ سالوں کی پروگریس رپورٹس رکھوا دیں۔ اگلے دن مس عائشہ کلاس میں داخل ہوئیں تو رپورٹس پر نظر پڑی۔ الٹ پلٹ کر دیکھا تو پتہ لگا کہ یہ طارق کی رپورٹس ہیں۔ انہوں نے سوچا ''پچھلی کلاسوں میں بھی اس نے یقیناً یہی گل کھلائے ہوں گے'' اور تیسری کلاس کی رپورٹ کھولی۔ رپورٹ میں ریمارکس پڑھ کر ان کی حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب انہوں نے دیکھا کہ رپورٹ اس کی تعریفوں سے بھری پڑی ہے۔ طارق جیسا ذہین بچہ میں نے آج تک نہیں دیکھا۔ انتہائی حساس بچہ ہے اور اپنے دوستوں اور ٹیچر سے بے حد لگاؤ رکھتا ہے۔

آخری سمسٹر میں بھی طارق نے پہلی پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ مس عائشہ نے غیر یقینی کی حالت میں چوتھی کلاس کی رپورٹ کھولی۔ طارق نے اپنی ماں کی بیماری کا بے حد اثر لیا ہے۔ اس کی توجہ پڑھائی سے ہٹ رہی ہے۔ طارق کی ماں کو آخری اسٹیج کا کینسر تشخیص ہوا ہے۔ گھر پر اس کا اور کوئی خیال رکھنے والا نہیں جس کا گہرا اثر اس کی پڑھائی پر پڑا ہے۔

طارق کی ماں مر چکی ہے اور اس کے ساتھ ہی طارق کی زندگی کی رمق بھی۔ اسے بچانا پڑے گا، اس سے پہلے کہ بہت دیر ہو جائے۔ مس عائشہ پر لرزہ طاری ہو گیا۔ کانپتے ہاتھوں سے انہوں نے پروگریس رپورٹ بند کی۔ آنسو ان کی آنکھوں سے ایک کے بعد ایک گرنے لگے۔ اگلے دن جب مس عائشہ کلاس میں داخل ہوئیں تو انہوں نے اپنی عادت مستمرہ کے مطابق اپنا روایتی جملہ ''آئی لو یو آل'' دہرایا۔ مگر وہ جانتی تھیں کہ وہ آج بھی جھوٹ بول رہی ہیں۔ کیونکہ اس کلاس میں بیٹھے ایک بے ترتیب بالوں والے بچے طارق کے لیے جو محبت وہ آج اپنے دل میں محسوس کر رہی تھیں، وہ کلاس میں بیٹھے اور کسی بچے کے لیے ہو ہی نہیں سکتی تھی۔ لیکچر کے دوران انہوں نے حسب

معمول ایک سوال طارق پر داغا اور ہمیشہ ہی کی طرح طارق نے سر جھکا لیا۔ جب کچھ دیر تک مس عائشہ کی طرف سے کوئی ڈانٹ پھٹکار اور ہم جماعت ساتھیوں کی جانب سے ہنسی کی آواز اس کے کانوں میں نہ پڑی تو اس نے اچھنبے میں سر اٹھا کر ان کی طرف دیکھا۔ خلافِ توقع ان کے ماتھے پر آج بل نہ تھے۔ وہ مسکرا رہی تھیں۔ انہوں نے طارق کو اپنے پاس بلوایا اور اسے سوال کا جواب بتا کر زبردستی دہرانے کے لیے کہا۔

طارق تین چار دفعہ کے اصرار کے بعد آخر بول ہی پڑا۔ اس کے جواب دیتے ہی مس عائشہ نے نہ صرف خود پر جوش انداز میں تالیاں بجائیں بلکہ باقی سب سے بھی بجوائیں۔ پھر تو یہ روز کا معمول بن گیا مس عائشہ ہر سوال کا جواب اسے خود بتاتیں اور پھر اس کی خوب پذیرائی کرتیں۔ ہر اچھی مثال طارق سے منسوب کی جانے لگی۔ رفتہ رفتہ پرانا طارق سکوت کی قبر پھاڑ کر باہر آ گیا۔ اب مس عائشہ کو سوال کے ساتھ جواب بتانے کی ضرورت نہ پڑتی۔ وہ روز بلانقص جوابات دے کر سب کو متاثر کرتا اور نت نئے سوالات پوچھ کر سب کو حیران بھی۔ اس کے بال اب کسی حد تک سنورے ہوئے ہوتے۔ کپڑے بھی کافی حد تک صاف ہوتے جنہیں شاید وہ خود دھونے لگا تھا۔ دیکھتے ہی دیکھتے سال ختم ہو گیا اور طارق نے دوسری پوزیشن حاصل کر لی۔ الوداعی تقریب میں سب بچے مس عائشہ کے لیے خوبصورت تحفے تحائف لے کر آئے اور مس عائشہ کے ٹیبل پر ڈھیر کرنے لگے۔ ان خوبصورتی سے پیک ہوئے تحائف میں ایک پرانے اخبار میں بدسلیقہ طرز پر پیک ہوا ایک تحفہ بھی پڑا تھا۔ بچے اسے دیکھ کر ہنس پڑے۔ کسی کو جاننے میں دیر نہ لگی کہ تحفے کے نام پر یہ چیز طارق لایا ہوگا۔ مس عائشہ نے تحائف کے اس چھوٹے سے پہاڑ میں سے لپک کر اسے نکالا۔ کھول کر دیکھا تو اس کے اندر ایک لیڈیز پرفیوم کی آدھی استعمال شدہ شیشی اور ایک ہاتھ میں پہننے والا ایک بوسیدہ سا کڑا تھا، جس کے زیادہ تر موتی جھڑ چکے تھے۔ مس عائشہ نے خاموشی کے ساتھ اس پرفیوم کو خود پر چھڑکا اور ہاتھ میں کڑا پہن لیا۔ بچے یہ منظر دیکھ کر حیران رہ گئے۔ خود طارق بھی۔ آخر طارق سے رہا نہ گیا اور مس عائشہ کے قریب آ کر کھڑا ہو گیا۔ کچھ دیر بعد اس نے اٹک اٹک کر مس عائشہ کو بتایا کہ ”آج آپ سے بالکل میری ماں جیسی خوشبو آ رہی ہے“۔

وقت پر لگا کر اڑنے لگا۔ دن ہفتوں، ہفتے مہینوں اور مہینے سال میں بدلتے بھلا کہاں دیر لگتی ہے؟ مگر ہر سال کے اختتام پر مس عائشہ کو طارق کی طرف سے ایک خط باقاعدگی کے ساتھ موصول ہوتا جس میں لکھا ہوتا کہ **”میں اس سال بہت سارے نئے ٹیچرز سے ملا مگر آپ جیسا کوئی نہیں تھا“**۔ پھر طارق کا سکول ختم ہو گیا اور خطوط کا سلسلہ بھی۔ کئی سال مزید گزرے اور مس عائشہ ریٹائر ہو گئیں۔ ایک دن انہیں اپنی ڈاک میں طارق کا خط ملا جس میں لکھا تھا **”اس مہینے کے آخر میں میری شادی ہے اور میں آپ کی موجودگی کے سوا شادی کا نہیں سوچ سکتا۔ ایک اور بات میں زندگی میں بہت سارے لوگوں سے مل چکا ہوں، آپ جیسا کوئی نہیں ہے۔ فقط ڈاکٹر طارق**“۔ ساتھ ہی جہاز کا ریٹرن ٹکٹ بھی لفافے میں موجود تھا۔ مس عائشہ خود کو ہرگز نہ روک سکتی تھیں۔ انہوں نے اپنے شوہر سے اجازت لی اور وہ دوسرے شہر کے لئے روانہ ہو گئیں۔ عین شادی کے دن جب وہ شادی کی جگہ پہنچیں تو تھوڑی لیٹ ہو چکی تھیں۔ انہیں لگا کہ تقریب ختم ہو چکی ہوگی۔ مگر یہ دیکھ کر ان کی حیرت کی انتہا نہ رہی کہ شہر کے بڑے بڑے ڈاکٹرز، بزنس مین اور یہاں تک کہ وہاں موجود نکاح خواں بھی اکتایا ہوا کھڑا تھا مگر طارق تقریب کی ادائیگی کے بجائے گیٹ کی طرف ٹکٹکی لگائے ان کی آمد کا منتظر تھا۔ پھر سب نے دیکھا کہ جیسے ہی یہ بوڑھی ٹیچر گیٹ سے داخل ہوئیں، طارق ان کی طرف لپکا اور ان کا وہ ہاتھ پکڑا جس میں انہوں نے اب تک وہ بوسیدہ سا کڑا پہنا ہوا تھا اور انہیں سیدھا سٹیج پر لے گیا۔ مائیک ہاتھ میں پکڑ کر اس نے کچھ یوں اعلان کیا **”دوستوں! آپ سب ہمیشہ مجھ سے میری ماں کے بارے میں پوچھا کرتے تھے اور میں نے سب سے وعدہ کیا تھا کہ جلد آپ سب کو ان سے ملواؤں گا۔ یہ میری ماں ہیں“**۔

عزیز دوستوں! اس خوبصورت کہانی کو صرف استاد اور شاگرد کے رشتے سے منسوب کر کے ہی مت سوچیے گا۔ اپنے آس پاس دیکھئے، طارق جیسے کئی پھول مرجھا رہے ہیں جنہیں آپ کی ذرا سی توجہ، محبت اور شفقت نئی زندگی دے سکتی ہے۔

طلسمی جواہرات

عبدالخالق عباس (کراچی)

قارئین کرام! السلام وعلیکم۔ آپ کی خدمت میں بہت سے عمل ونقوش پیش کیے ہیں، جن سے آپ فیضیاب ہوئے۔ آج ایک خاص علم، جو کہ ہر بندہ جاننا چاہتا ہے، جواہرات کے متعلق مثلاً ان کے فائدے کیا ہیں؟ کیا طلسمی ہوتے ہیں؟ اس قسم کے سوالات کرتے ہیں، ان کے بارے میں بتاؤں گا۔ جواہرات، آپ کی سوچ سے کہیں زیادہ سحری وخاص طلسمی اثرات رکھتے ہیں۔ یوں تو پتھروں، نگینوں یا جواہرات کو عموی خوش قسمتی اور حصولِ دولت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، تاہم ان کا ایک خاص پہلو انسانی صحت اور امراض کی اصلاح ہے، جس کی طرف لوگ کم سوچتے ہیں اور جو زیادہ سوچتے ہیں، وہ مکمل اور صحیح معلومات نہ ملنے کی وجہ سے مایوس ہو جاتے ہیں۔ اور پھر اصل اور نقل جواہرات، نگینوں کی وجہ سے دلچسپی ختم ہو جاتی ہے۔ میں ان تمام وجوہات کو سامنے رکھتے ہوئے مکمل، صحیح اور اصل جواہرات اور نگینوں کا استعمال تحریر کر رہا ہوں۔ قدرت نے اس کائناتی کارخانے میں کوئی شے بلامصرف نہ بنائی ہے۔ ہر شے کا صرف ایک نہیں، لاتعداد مقاماتِ استعمال ہیں۔ سو بظاہر بے جان نظر آنے والے پتھر بھی بے مصرف نہیں۔ یہ فطرت کے امین اور ایک زندہ جنس ہیں۔ پودوں یا انسانوں کی طرح ان کی بڑھوتی یا تولیدی حرکات تو کوئی نہیں ہوتی تاہم ان کے اندر سے نکلنے والی شاعیں ان کی زندگی کا ناقابل تردید ثبوت ہیں۔ میں جو کچھ لکھ رہا ہوں، اس کو ذہن پہ نقش کرلیں اور آزما کر دیکھیں۔ آپ کے اردگرد ہر شے زندہ ہے، جس کو آپ مردہ خیال کرتے ہیں۔ وہ بھی اس حوالے سے زندہ ہے کہ ایک عالم سے دوسرے عالم، ایک نوع سے دوسری نوع میں تبدیلی کا عمل اس میں جاری وساری ہوتا ہے۔

آپ کے قلم سے جو لفظ لکھا جاتا ہے، آپ کی زبان سے جو حرف نکلتا ہے، یہ بھی زندہ ہے۔ اس کا بھی اثر ہوتا ہے۔ گو یہ الگ بات ہے کہ کسی پر زیادہ، کسی پہ کم یا بظاہر بالکل نہیں۔ تاہم ان کی ارتعاش سے انکار محال ہے۔ آپ کے اردگرد بڑی اشیاء میں سے اور خود انسان میں غیر مرئی لہریں خارج ہو رہی ہیں۔ یہ شعاعیں، یہ ارتعاش، ہم سب کو متاثر کر رہی ہوتی ہیں۔ یورنیم کی شعاعیں کیوں کینسر کر دیتی ہیں؟ کیونکہ بار بار کا ایکسرے کروانا خطرناک اور کینسر کا باعث ہوتا ہے۔ یورنیم فرد سے فاصلے پہ بلکہ دیوار کے پیچھے بھی ہو تو اس کی طاقت ور شعاعیں اپنے خطرناک اثرات سے متاثر کرنے کا باعث بنتی ہیں۔ یہ کیسے ممکن؟ کبھی آپ نے سوچا کہ اگر اس کی لہریں انسان کو منفی طور پر متاثر کر سکتی ہیں تو کیا ایسی بھی لہریں یا ارتعاشی قوتیں ہیں جو انسانی اصلاح اور صحت وتوانائی کا باعث ہوں؟

محترم! بالکل ایسا ہے۔ نیلم، یاقوت، ہیرا، مرجان اور دوسرے ایسے لاتعداد پتھر اپنے اندر ایک خاص ارتعاش یا لہریں لیے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان کی موزوں ارتعاش یا لہر کو کنٹرول کرنا صحت کا باعث ہوسکتا ہے۔ مختلف جواہرات سے زمانۂ قدیم سے اب تک زیور، خوبصورتی، روشنی حاصل کرنے، صحت کے حصول کے لیے کشتے، امراض سے نجات کیلئے پتھروں کے سحری استعمال، روحانی ودماغی قوتوں کو بڑھانے اور خوش قسمتی کے حصول جیسے لاتعداد امور میں مدد لی جاتی رہی ہیں۔ آیئے، ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ آپ پتھروں کے سحری اور روحانی اور ان کے رنگوں کے اثرات کے تحت کس طرح مختلف امراض صحت حاصل کر سکتے ہیں۔

ٹھنڈ، سردی، زکام

سردی کے موسم میں ہوا لگنا، نزلہ زکام ہونا، سینہ بند ہونا، نظام تنفس یعنی سانس وغیرہ کے امراض، چھاتی کا متاثر ہونا اور ٹھنڈ کی شدت محسوس کرنا عام ہیں۔ جن کو یہ امراض اکثر پریشان کرتے ہیں یا مستقل ان امراض کا شکار رہتے یا گھر میں کوئی، بچہ یا بزرگ ایسا ہے جو ان امراض سے متاثر ہوتا ہو تو دوائی علاج کے ساتھ ساتھ مرجان کا استعمال مفید ثابت ہوگا۔ مرجان کا وزن سات رتی سے کم نہ ہو۔ عمومی طور پر ایسے امراض کی وجہ پیدائشی زائچے میں قمر اور زحل کا متاثر ہونا ہوتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ ٹھنڈے کو کب

ہیں، سو یہ جسم میں ٹھنڈ کی زیادتی اور حدت میں کمی لاتے ہیں۔ سومرجان، جو کہ ایک سرخ پتھر ہے، وہ اپنی سرخ اور گرم شعاعوں کی بدولت صحت لانے کا باعث بنتا ہے۔ خیال رہے کہ جو لوگ موسم گرما میں سانس اور نزلے، زکام کا شکار ہوں، ان کو مرجان کی بجائے زمرد یا نیلم کا استعمال کرنا چاہیے جبکہ موسم سرما کے مریضوں کے لئے مرجان مؤثر پتھر ہے۔

امراض قلب

دل کے امراض آج کل کثرت سے ہیں۔ گو چھوٹی عمر کے لوگ بھی اس کا شکار ہوتے ہیں تاہم بڑی عمر کے لوگوں کی اکثریت اس موذی مرض میں مبتلا نظر آتی ہے۔ دل کے امراض برج اسد سے منسوب ہیں۔ یوں برج سرطان، دلو اور حوت بھی امراض قلب اور ہارٹ اٹیک کا مظہر ہیں، خصوصاً شمس جب یہاں ہو اور متاثر ہو رہا ہو۔ یوں دل کا فعل کچھ اس طرح کا ہے کہ تمام کواکب کسی نہ کسی طور اس سے منسلک ہو جاتے ہیں۔ مثلاً دیکھیں مریخ خون اور دماغ دل، عطارد دل کی شریانوں سے، زحل دل میں درد وغیرہ سے متعلق ہے۔ زمرد اور حجر القمر مفید ثابت ہوتے ہیں اور یاقوت گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ امراض سے نجات حاصل ہوگی۔

بینائی

بینائی یا دیکھنے کی صلاحیت کے حوالے سے فرد کئی امراض کا شکار رہ سکتا ہیں۔ نظر نہ آنا، کم نظر آنا، بینائی کا ختم ہو جانا عارضی یا مستقل طور پر...... جیسے کہ سفید یا کالے موتیے میں ہوتا ہے اور ایسے ہی دوسرے امراض۔ بہر حال زائچے کا دوسرا گھر فرد کی دائیں آنکھ جبکہ زائچے کا بارہواں گھر بائیں آنکھ کو ظاہر کرتے۔ کوکبی حوالے سے قمر دائیں اور شمس بائیں آنکھ کا مظہر ہے۔ برجی حوالے سے ثور حوت بنتے ہیں۔ زائچے میں جب یہ گھر اور متعلقہ امور متاثر ہو تو بینائی متاثر ہوتی ہے۔ جسمانی علاج کے ساتھ ساتھ یاقوت اور حجر القمر کا استعمال فائدے دے سکتا ہے۔

گنجا پن

گنجا پن ان امراض میں سے ایک ہے، جن کو ناقابلِ علاج خیال کیا جاتا ہے۔ عموماً حجاموں، حکیموں، ڈاکٹروں اور طب جدید میں مختلف ٹانک دستیاب ہیں تاہم اس مرض سے نجات کم ہی خوش نصیبوں کے حصے میں آتی ہے۔ دراصل بال زحل کے تحت آتے ہیں۔ میرے تجربے کے مطابق کوئی معمولی مرض ہی کیوں نہ ہوں، اگر زحل کسی طور پر اس مرض سے متعلق فلکی پوزیشن میں کوئی کردار ادا کر رہا ہو تو پھر مرض کی جڑ تک پہنچنا مشکل اور اس کا جلد خاتمہ ناممکن ہوتا ہے۔ یہی بات یہاں لاگو ہوتی ہے۔ زحل کی براہِ راست شمولیت ایک طویل صبر آزما اور قابلِ تحقیق مرض ''گنجے پن'' کا شکار کر دیتی ہے۔ طبی علاج کے ساتھ ساتھ نیلم اور زمرد کا استعمال بالوں کو طاقت دینے، جڑوں کو مضبوط کرنے، ان کے گرنے کی رفتار کو کنٹرول کرنے اور دوبارہ بڑھوتی کے لیے مفید ہے۔

جنسی کمزوری

اس مرض کی وجوہات طبی بھی ہیں اور نفسیاتی بھی۔ بلحاظِ زائچہ، آٹھواں گھر جنسی امراض و افعال سے منسلک ہے۔ فطری طور پر برج عقرب اور ستارہ مریخ جنسی امور سے متعلق ہیں۔ آٹھویں گھر کا مالک مریخ یا زہرہ اگر زائچے میں زحل یا راھو کے ساتھ نحس نظر ہوں تو فرد کو جنسی لحاظ سے کمزوری اور نامردی کی طرف لے جاتے ہیں۔ اس مرض کے علاج کے لیے زمانہ قدیم سے جدید تک بڑی تحقیق ہوئی ہے۔ امراء اور بدقماش افراد ایسے امراض کے علاج کے لیے بے حد وحساب روپیہ خرچ کرتے آئے ہیں اور یہی بات دوائی سازی کے فن میں ماہرینِ طب کی توجہ کا باعث رہی ہے۔ حکیم، ہومیو، ڈاکٹر، وید، سنیاسی ...... ہر شعبۂ طب کا ماہر اپنے اپنے طور پر اس مرض کی دوائی اور علاج میں مصروف ہیں۔ آپ جو بھی علاج کروائیں، اس کے ساتھ ساتھ مرجان کا استعمال کریں۔ یہ جنسی و مردانہ کمزوری کے امراض میں مؤثر ہوگا۔ اس کے علاوہ امدادی طور پر یاقوت کا استعمال بھی مددگار رہوگا۔

امید ہے آپ تمام جواہرات میں سے کچھ جواہرات کے فائدے یا خوبی سمجھ گئے ہوں گے۔ مجھے اور ادارے کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔

ذہنی عوارضات اور ہمارے غلط تصورات

ڈاکٹر عبدالوہاب یوسف زئی

دنیا بھر میں نفسیاتی امراض کی شرح بہت زیادہ ہے۔ امراض کے کل حجم کا 10 سے 15 حصہ نفسیاتی امراض پر مشتمل ہے اور دنیا میں 10 بڑی بیماریوں میں سے چار نفسیاتی ہیں۔ نفسیاتی بیماریوں کا تناسب ترقی یافتہ ممالک کی نسبت ترقی پذیر ممالک میں زیادہ ہے۔

پاکستان میں بھی نفسیاتی وذہنی امراض کی شرح بہت زیادہ ہے لیکن ہمارے ہاں اس سے بھی بڑا المیہ یہ ہے کہ ہم نے خود ان بیماریوں کے علاج میں بڑی بڑی رکاوٹیں کھڑی کر رکھی ہیں۔ ان کی جڑیں ہمارے معاشرتی رویوں اور ثقافت میں پیوست ہیں جو آج بھی اپنی گرفت مضبوطی سے قائم کیے ہوئے ہیں۔

پاگل نہیں......ذہنی مریض

ہمارے ہاں یہ رجحان خاصا عام ہے کہ لوگ کسی ذہنی مسئلے یا نفسیاتی بیماری کی صورت میں معالج کے پاس جانے سے کتراتے ہیں اور خاموشی سے اپنا نقصان کرتے رہتے ہیں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ بدنامی کا وہ داغ (Stigma) ہے جو اس کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ لوگوں نے نفسیاتی مریضوں کو مختلف خطابات دے رکھے ہیں۔ انہیں ذہنی یا نفسیاتی بیمار کی بجائے پاگل، سائیں، جھلا اور مجذوب وغیرہ کہا جاتا ہے۔ ذہنی مریضوں کو معاشرے کا حصہ نہیں سمجھا جاتا۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ سائیکاٹرسٹ کے پاس علاج کے لئے نہیں جاتے، اس لئے کہ انہیں پاگل سمجھا جائے گا۔

نفسیاتی امراض......غلط تصورات

جن لوگوں کو نفسیاتی مریض تسلیم کر لیا جاتا ہے، ان کے متعلق ایسے بہت سے مفروضے ہمارے معاشرے میں عام ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ مثال کے طور پر عموماً کہا جاتا ہے کہ نفسیاتی مریض کبھی ٹھیک نہیں ہو سکتے۔ وہ کبھی معاشرے کا حصہ نہیں بن سکتے اور یہ خطرناک لوگ ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس حقیقت یہ ہے کہ نارمل لوگ نفسیاتی طور پر بیمار لوگوں کی نسبت 10 گنا زیادہ خطرناک ہوتے ہیں اور مختلف جرائم میں ملوث ہوتے ہیں۔ نفسیاتی بیماریوں کے علاج کے لیے استعمال ہونے والی دواؤں کے متعلق یہ تاثر عام ہے کہ ان میں نشہ ہوتا ہے اور جو شخص ایک دفعہ انہیں لے لے، اسے یہ ساری عمر استعمال کرنا پڑتی ہیں۔

معاشرتی اور ثقافتی اعتقادات

ہمارے کچھ معاشرتی اور ثقافتی اعتقادات ایسے ہیں جو نفسیاتی بیماریوں کے علاج میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ کسی فرد کے ساتھ کوئی نفسیاتی مسئلہ پیش آجائے تو لوگوں کا سب سے پہلے یہی کہنا ہوتا ہے کہ اس میں کے اندر جن آ گیا ہے۔ اس مریض کو گھر والے مزاروں، پیروں، فقیروں اور عاملوں کے پاس لئے پھرتے ہیں اور مسئلہ جوں کا توں رہتا ہے۔

عامل لوگ مریضوں کی تکلیف میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔ جن نکالنے کے لئے انہیں نہ صرف مارا پیٹا جاتا ہے بلکہ طرح طرح کی اذیتیں بھی دی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر مریض کے ہاتھوں کی انگلیوں کے درمیان لکڑی رکھ کر انہیں زور سے بھینچا جاتا ہے، یہاں تک کہ ان کی انگلیاں فریکچر ہو جاتی ہے۔ انہیں زنجیروں میں جکڑ کر ان کے جسم سے خون نکال دیا جاتا ہے۔ سائیکاٹرسٹ کے پاس آنے والے زیادہ تر مریض پہلے بہت سے عاملوں، پیروں وغیرہ کے پاس ہو کر آئے ہوتے ہیں۔ آخر کار جب کہیں سے کچھ نہیں بنتا تو پھر سائیکاٹرسٹ کا رخ کرتے ہیں اور مزے کی بات یہ ہے کہ وہ ٹھیک بھی ہو جاتے ہیں۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کا جن آخر کہاں چلا جاتا ہے؟ کیا دواؤں کے استعمال سے جن نکل جاتا ہے؟ اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جس چیز کو ہم جن کا نام دے دیتے ہیں، وہ اصل میں کوئی نفسیاتی مسئلہ ہوتا ہے۔

جنات کا اثر دماغ پر ہی کیوں؟

لوگوں میں نفسیاتی مسائل کے بارے میں آگہی بہت محدود ہے۔ افسوس کی بات تو یہ ہے کہ ہمارے ہاں بہت سے پڑھے لکھے لوگ بھی غلط معاشرتی اور ثقافتی اعتقادات پر یقین رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر کسی لڑکی کے ساتھ کوئی نفسیاتی مسئلہ ہوجائے تو لوگ اس کے مرض کو چھپاتے ہیں اور اس کا علاج کرانے سے کتراتے ہیں کہ کہیں اس کی وجہ سے اس کی شادی میں رکاوٹ نہ پیدا ہوجائے۔ اگر خوش قسمتی سے علاج کرایا جائے تو وہ لوگوں سے چھپ کر کرایا جاتا ہے۔ اس وجہ سے لڑکیاں زیادہ ذہنی دباؤ لینا شروع کر دیتی ہیں جو ان کی بیماری کو جلد ٹھیک نہیں ہونے دیتا۔

اگر ہمارا دل، گردہ اور جگر وغیرہ بیمار ہوسکتے ہیں تو کیا دماغ بیمار نہیں ہو سکتا؟ دماغ بھی ہمارے جسم ہی کا ایک حصہ ہے اور جسم کے دوسرے حصوں کی طرح یہ بھی بیمار ہوسکتا ہے۔ ہم جگر یا گردے وغیرہ کے بارے میں بھی کبھی یہ نہیں سوچتے کہ وہ کسی جن یا جادو کی وجہ سے بیمار ہوگیا ہے لیکن بد قسمتی سے جب دماغ کی بیماری کی بات آتی ہے تو ہم اسے کسی جن یا جادو کا اثر سمجھنے لگتے ہیں۔ یہ بات ذہن نشین کرنے کی ضرورت ہے کہ دماغ کا بیمار ہوجانا کسی جن یا جادو ٹونے کی علامت بالکل نہیں ہے۔

نوٹ: نفسیاتی علاج سے وابستہ افراد (سائیکاٹرسٹ یا سائیکالوجسٹ) عموماً جنات اور جادو کے اثرات سے انکاری ہوتے ہیں، جو ایک بہت بڑی غلطی ہے اور بہت ضروری ہے کہ اس کی اصلاح کی جائے۔ ہم نفسیاتی علاج سے انکاری نہیں اور ہماری رائے بھی یہی ہے کہ جادو جنات کے اکثر مریضوں کو نفسیاتی علاج کی ضرورت ہوتی ہے لیکن یہ بات بھی نہیں کہ ہر جادو جنات کا مریض نفسیاتی علاج سے مکمل ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ایک اچھا معالج اپنے مریض کی مکمل علامات لے کر صحیح روحانی تشخیص کر کے تین طرح سے جواب دیتا ہے کہ: (۱) فلاں علامات کا تعلق روحانی علاج سے ہے (۲) فلاں علامات کا جسمانی یعنی طبی علاج سے (۳) فلاں علامات کا تعلق نفسیاتی علاج سے ہے۔ اللہ جل جلالہ ہم سب کو صحیح سمجھ عطا فرمائیں۔ آمین (خ)

مردوں کو دوسروں کی بیویاں کیوں اچھی لگتی ہیں؟

مختار احمد انصاری

میاں بیوی کہیں جا رہے تھے۔ بیوی نے حسبِ معمول نوک پلک سنواری ہوئی تھی اور ٹیکسی کے انتظار میں کھڑے تھے۔ اتنے میں ٹیکسی آئی اور وہ اس میں بیٹھ گئے۔ کچھ دیر بعد ٹیکسی ڈرائیور نے کہا **''اپنی وائف سے کہیں کہ یہ لپ اسٹک کا شیڈ مٹا دیں۔ مجھے اچھا نہیں لگ رہا''۔**

یہ سنتے ہی شوہر نے غصے سے ڈرائیور کا گریبان پکڑا اور بولا **''تمہاری ہمت کیسے ہوئی جو تُو نے یہ بات بولی''۔**

ڈرائیور نے مسکراتے ہوئے کہا **''بھائی! اگر یہ آپ کے لیے سجی سنوری ہوتی تو گھر میں سجتی۔ یہ تو راستے کے لیے تیار ہوئی ہیں اور راستے کی ہر چیز پر تنقید و پسندیدگی کا اختیار ہر شخص کو ہے''۔**

مرد کا غصہ جھاگ کی طرح بیٹھ گیا اور رومال نکال کر بیوی کو دیا اور کہا کہ **''لپ اسٹک صاف کرلو''۔**

شاید اس بات میں حقیقت نہ ہو مگر ایک سچائی ضرور ہے۔ عورتیں واقعی اپنے شوہروں کے لیے کم اور لوگوں کے لیے زیادہ تیار ہوتی ہیں۔ کسی تقریب میں جانا ہو تو گھنٹوں سیلون میں لگا دیتی ہیں۔ مگر شوہر کے آنے کا وقت ہو تو کبھی ان کے لیے تیار نہیں ہوتیں۔ صاف کپڑے بھی نہیں بدلتیں۔ صبح سے شام تک ایک ہی لباس میں گھومتی ہیں۔ سر جھاڑ، منہ پھاڑ۔

جبکہ ہمارے مذہب میں زمانۂ جاہلیت کی طرح تیار ہوکر باہر نکلنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ یہ نہیں کہا گیا کہ تم اپنے گھروں میں بھی سجا سنورا نہ کرو بلکہ کہا گیا ہے کہ زیبائش شوہر کے لیے ہے۔ مگر ہم اس کے برعکس کرتے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ مردوں کو دوسروں کی بیویاں اور اپنے بچے زیادہ اچھے لگتے ہیں۔

خواتین کے لئے ایک سبق

سید عبدالوہاب شیرازی صاحب

